چون صنائع مکین و مکان بفضل خلاق زمین و زمان
درین هنگام برکت انضمام وسیله شفیع روز شمار و کبار مصباح الانوار است
دیوان ابرار
در نعت
احمد مختار
من تصنیف مطلع انوار لاهوتی مقطع اسرار جبروتی مهبط افضال رب جلیل شاعر بیعدیل
عاشق زار حبیب پروردگار مولانا حافظ شاه محمد ابرار عالم صاحب المتخلص به ابرار
در مطبع نامی پریس اله آباد بطبع متین و مقبول جهان شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرا مطلع ہے خاورِ مہر حمدِ کبریائی کا
سخن اپنا نہو کیون دلنشین ساری خدائی کا

جو دیکھا غور سے تو صورتِ قدرت نظر آئی
بشر اک آئینہ ہے حُسنِ ذاتِ کبریائی کا

نہین پہونچا فرشتہ بھی وہانتک مین جہان پہونچا
کہو تحسین دیکھو حوصلہ میری رسائی کا

اگرچہ پردہ اُٹھ جائے دوئی کا چشمِ بینا سے
نہین زیبا ہے بندہ کے لئے دعوی خدائی کا

نہین ہے کوئی وحدت مین تلاشِ امتیاز اصلا
وہی ہے فرشِ شاہی کا وہی بسترِ گدائی کا

یہہ قطرہ بھی اوسی دریائے وحدت کا ہے شیدائی
زبانِ موج پر ہے حرف جسکی آشنائی کا

لڑی رہتی ہے غربت مین نظر سوئے وطن اپنی
کمال اس خار کو غم ہے گلستان کی جدائی کا

پتا اوس یار بے پروا کے کوچہ کا نہین ملتا
مین بسمل ہوگیا ہون جسکی تیغِ کج ادائی کا

ہوئے بیہوش ہوتی اب [illegible] کسکو وہ جلوہ
تماشا دیکھتا ہے آپ اپنی خودنمائی کا

اوسکی شربت دیدار کی آنکھین پیاسی ہین
بھرا ہے سر مین سودا اوسکے در کی جبہ سائی کا

لکھا ابرار سے دیوان مین نے وصف حضرت کا
مرا مقطع ہے مطلع مہر نعت مصطفائی کا

محمد صلعم مصطفےٰ ہے نور شمع کبریائی کا
بھلا کیونکر نہ پروانہ ہو دل ساری خدائی کا

نہو کیون مقتدائے مرسلان وہ سرور عالم
خدائے پاک نے بخشا ہے خلعت پیشوائی کا

یہہ ظلمت خانہ تھا محتاج جلوہ عہد آدم سے
فروغ آفتاب آسمان اجتبائی کا

اسیران عذاب آخرت کو روز محشر مین
اوسی کی ذات اقدس سے توسل ہے رہائی کا

کیا ہے زار مجکو اس قدر آزار ہجران نے
کہ اب اوٹھتا نہین صدمہ فراق مصطفائی کا

نہین ہے ای شہ جود و کرم خورشید گردون پر
یہہ ہے پیر فلک کے ہاتھ مین کاسہ گدائی کا

دکھا دے دل شکستون کو وہ زلف اپنی تو تسکین ہو
ترے ہر موئے مشکین مین اثر ہے مومیائی کا

حبیب خالق کون و مکان کی جسم اقدس پر
ہوا اصل علی کیا ٹھیک جامہ پارسائی کا

خدا کو اوس نے دیکھا جس نے دیکھی آپکی صورت
رخ روشن نبی صلعم کا آئینہ ہے حق نمائی کا

ابوبکر رض و عمر رض عثمان رض علی رض کی آبیاری سے
بنا رشک ارم گلزار دین مصطفائی کا

انہین کی ذات سے ابرار اوجالا ہو شریعت مین
جلایا ہے انکھون نے ہاروں نے چوبک رہنمائی کا

ہزج مثمن سالم - مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن -

در بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف - مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن - [illegible]

زمینِ نعت مین بوتا ہون بوٹا جاودانی کا
کہ یہہ ہستی ثمر ہے نخلِ باغِ کلِّ فانی کا

جہانمین فیض ہے یہہ مصطفیٰ صلعم کی مدح خوانی کا
کہ ہے ایک شور عالم مین مری شیرین زبانی کا

مرے شعر و نمین مصحف گوہرِ بحرِ رسالت ہے
بہایا اس زمین مین ہے اک دریا معانی کا

پسِ مردن پڑھونگا جاکے مین شہرِ خموشانمین
بھرا ہے شوق دل مین اس قدر مولود خوانی کا

جنابِ پاک کی مداح محفوظِ حوادث ہین
نہین ہے مجھکو اندیشہ بلائے ناگہانی کا

دکھا دو جلوۂ دیدار اپنا مجکو اے حضرت
بھروسا کچھ نہین ہے آدمی کی زندگانی کا

بناؤنگا سیاہی جب مین نعتِ پاک لکھنے کو
فرشتے لائینگے کاجل چراغِ آسمانی کا

قلم شعلہ تجلّی کا ہو نورِ نعتِ اقدس سے
سرِ پر خامہ بجائے ترانہ لن ترانی کا

جو وہ بحرِ رسالت یاد اس قطرہ کو فرمانے
روان ہو خاطرِ محزون مین دریا شادمانی کا

لکھے مضمون رنگین نعت کے دیوانین وہ ہمنے
بنا ہر اک ورق دامن بہارِ بوستانی کا

فراقِ مصطفےٰ مین اس قدر اسرار رویا ہون
کہ آنکھون مین میرے باقی نہین قطرہ بھی پانی کا

ہمسر کوئی کیا آپ کی ہو جلوہ گری کا
سوزان صفتِ شعلہ ہے پر حور پری کا

بزمِ شہِ اقدس مین ہو کیا دخل کسیکو
ہے پاؤن یہان لنگ نسیمِ سحری کا

جل جائے زبان شمع کی صورت جو کہون حال
اے نالۂ جان سوز تری بے اثری کا

تن پر مرے ہر بال ہے اک شعلہ آتش
کیا حال لکھوں اور مین سوزِ جگری کا

ہے عالمِ ایجاد مین ذکرِ شہِ عالم
عالی نسبی کا کہین والا گہری کا

اِک زمزمہ فرشتون مین جو تھی چرخِ برین پر
تھا غلغلہ میلاد کی وہ خوش خبری کا

دیدار ہوا نورِ خدا کا جسے شب کو
دیکھا یہ اثر مین نے دعائے سحری کا

کیا سبزہ چمن زارِ مدینہ کی زمین نے
پھل نخلِ تمنا کو ملا بے ثمری کا

پامال ہوا اُمتِ عاشق کا دلِ زار
رفتارِ نبی مین ہے نشان کبکِ دری کا

دیبا ہے سب اسرارِ الٰہی کے بھرے ہین
سینہ ہے کہ گنجینہ ہے وہ بے سپہری کا

اِبرار مین نعت شہِ ابرار ہون لکھتا
دعویٰ ہو مجھے کیون نہ کمالِ بشری کا

سودائے زلف احمدِ مختار ہی رہا
اور مجھکو عشق سیدِ ابرار ہی رہا

پیشِ نگاہ روزنِ دیوار ہی رہا
نورِ خدا کا طالبِ دیدار ہی رہا

جاگا نہ بخت میرا نہ پہونچا مدینہ تک
خوابیدہ اپنا طالعِ بیدار ہی رہا

روضہ کی گرد و پیش بسر عمر ہو گئی
سایہ کی طرح مین پسِ دیوار ہی رہا

پہونچا دیا مدینہ سے کچھ ہند مین مجھے
پیری مین بھی یہ چرخ دل آزار ہی رہا

پہونچا مین روضہ پر نہ ہوا دردِ عشق کم
دار الشفا مین آکے مین بیمار ہی رہا

بعد فنا بھی دل مین رہا عشقِ مصطفےٰ | آزاد ہونے پر بھی گرفتار ہی رہا
کھینچا نہ جذبِ شوقِ زیارت نے ایکدن | یہہ مرغِ روح اُڑنے کو تیار ہی رہا
جب وصفِ روی پاک کا لکھا کچھ احوال | خامہ ہمارا بلبلِ گلزار ہی رہا
مدان نے تو سایہ مین تیغون کی کی بسر | دائم خیالِ ابروے خمدار ہی رہا

مداح سب ہوئے ہین زیارت سے فیضیاب
مشتاق آجتک تو یہہ اسرار ہی رہا

بحرِ رمل مثمن محذوف - فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

لوحِ قرآنِ فصاحت ہے زبانِ مصطفےٰ | مصحفِ قدرت کی آیت ہے زبانِ مصطفےٰ
بنے وہانِ پاک کانِ گوہرِ اسرارِ حق | ماہیِ بحرِ ہدایت ہے زبانِ مصطفےٰ
مخبرِ ما اذن لقب ہے آپ کا کونین مین | قاصدِ ملکِ صداقت ہے زبانِ مصطفےٰ
طاعتِ خالق سے ہے بہاتے نگارین کا کلام | شکلِ محرابِ عبادت ہے زبانِ مصطفےٰ
وہ دہانِ پاک ہے طغرای فرمانِ قبول | اور منشورِ سعادت ہے زبانِ مصطفےٰ
قصرِ دین روشن ہوا نورِ کلامِ پاک سے | شمع ہے فانوسِ قدرت کی زبانِ مصطفےٰ
بیگمان ہین وہ لبِ معجز نما شکر مقال | طوطیِ شیرین روایت ہے زبانِ مصطفےٰ
کیون نہ جب مرغِ ایمنی پر ہو و باغِ اہلِ دین | نیرِ برجِ حمایت ہے زبانِ مصطفےٰ
دولتِ یادِ خدا سے قصرِ دل معمور ہے | ذکرِ خالق کی بضاعت ہے زبانِ مصطفےٰ

کُفر کی بُنیاد کھوئی جب پیامِ حق کہا
جوہرِ تیغِ رسالت ہے زبانِ مصطفیٰ

دستِ حضرت دستگیرِ عاصیان ہی حشر مین
شافعِ روزِ قیامت ہے زبانِ مصطفیٰ

شغل ہے مدِ نظر مضمونِ قرآن کا مُدام
مردمِ چشمِ تلاوت ہے زبانِ مصطفیٰ

خُوش بیانی سُنکے ہین مانندِ گُل خندان بشر
بلبلِ باغِ فصاحت ہی زبانِ مصطفیٰ

مُومنون کو دی ہے سرِستانِ جنت کی نوید
قمریِ باغِ بشارت ہے زبانِ مصطفیٰ

جنبشِ لبہائے جان پرور ہے سیلِ مغفرت
موجِ دریائے شفاعت ہی زبانِ مصطفیٰ

شرق سے تا غرب پایا ہی زرِ دین نے رواج
سکۂ دار الافاضت ہے زبانِ مصطفیٰ

کیون نہو شیرین بیان ابر ازنت پاک سے
کوزۂ قندِ حلاوت ہے زبانِ مصطفیٰ

مہبطِ روح الامین ہے آستانِ مصطفیٰ
منزلِ وحیِ الٰہی ہے مکانِ مصطفیٰ

ظلِ حق ہے خیمۂ پُر نورِ محبوبِ خدا
پرچمِ لولاک ہے زیبِ نشانِ مصطفیٰ

آپ کی طٰہٰ و یٰسین سے تو شوکت ہی عیان
اور سُبحان الذی اسرا ہے شانِ مصطفیٰ

چشم ہے مشتاقِ دیدارِ لقائے مصطفیٰ
اور کانون کو ہے عشقِ داستانِ مصطفیٰ

دو جہان کی ہے سعادت خدمتِ جبرائیل را
خلق مین صالح ہے نامِ ساربانِ مصطفیٰ

انتہا تک دوربینون کی نہ پہونچیگی نظر
حشر مین ہوگا بلند ایسا نشانِ مصطفیٰ

آپکی جاگیر ہے ملک رضائے لایزال | باغ ہے فردوس رضوان باغبانِ مصطفےٰ

صرف اپنے اپنے موقع پر ہوا یہ نقد شکر | جان فدائے حق تو دل قربانِ جانِ مصطفےٰ

ہین کلامِ پاک کے معنی برنگِ مہر صاف | ماہ سے روشن زیادہ ہے دہانِ مصطفےٰ

ترکشِ حضرت ہے گردون تیر گردون تیر ہے | قوس کہتے ہین جسے وہ ہے کمانِ مصطفےٰ

کیا بیان ہو مجھ سے وصفِ لذتِ خوانِ جنا | مصطفےٰ مہمان حق حق میزبانِ مصطفےٰ

سلسلہ اب تک خلافت کا ہی جاری خلق مین | کیا روان ہے نہرِ فیضِ جاودانِ مصطفےٰ

غار مین زانو پہ اونکے سوئے سر رکھکر جناب | کیون نہون صدیق اکبر رازدانِ مصطفےٰ

خلد مین حورین کرینگی شکر کا سجدہ ادا | دیکھینگی جسدم گروہِ خادمانِ مصطفےٰ

ہو زمامِ ناقہ یارب دست مین اپنے ارے کے
سوئے جنت جب روان ہو کاروانِ مصطفےٰ

موج دریا کی حلاوت ہے زبانِ مصطفےٰ | شہد سے شیرین زیادہ ہے بیانِ مصطفےٰ

خامہ کا کیا منہ جو لکھے وصفِ شانِ مصطفےٰ | ہے بشر کی عقل سے برتر مکانِ مصطفےٰ

کیا کوئی توصیف لکھے اوس شہِ مازاغ کی | ہے الٰہ العالمین خود مدح خوانِ مصطفےٰ

سرورِ لولاک کا کیا پوچھتے ہو مرتبہ | جھاڑتے تھے جبرئیل آکر مکانِ مصطفےٰ

گلشنِ دنیا مین دیکھا اوس گلِ تر کا جمال | باغ مین سب بلبلین ہین نغمہ خوانِ مصطفےٰ

بحر رمل مثمن محذوف فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

قصرِ عزوجاہ حضرت کی بلندی کیا کہون — عرش اعظم سے ہے اونچا آستان مصطفےٰ

حقتعالی سے قیامت مین کہین گے انبیا — کاش ہوتے ہم بھی مثلِ آستانِ مصطفےٰ

آستانِ پاک کا جاروب کش ہے آفتاب — ماہِ تابانِ فلک ہے پاسبان مصطفےٰ

قصرِ دین روشن ہوا نورِ کلامِ پاک سے — شمع ہے فانوس قدرت کی زبان مصطفےٰ

مردۂ صد سالہ کیون زندہ نہو اِک بات مین — ہے لبِ عیسیٰؑ سے افضل تر زبانِ مصطفےٰ

نعت لکھنے سے نہین ابرار بہتر کوئی کام
دیکھ لو سب ہین ملایک مدح خوان مصطفےٰ

ہم کسی کے نہ کوئی اور سہارا ہوگا — روز محشر مین محمدؐ کا سہارا ہوگا

دیکھا حضرت کو جو طفلی مین کہا کاہن نے — کہ قمر آپ کی اونگلی سے دوپارا ہوگا

وقت رحلت کے نہ بھولے تو بھلا محشر مین — جانا اُمّت کا جہنم مین گوارا ہوگا

مثل خورشید میری چشم منور ہوگی — جس گھڑی روضۂ انور کا نظارا ہوگا

مُشکل آسان ہوئی ہوگی مقرر اوس کی — جس نے مُشکل مین محمدؐ کو پکارا ہوگا

جبہہ سائی درِ حضرت پہ کرونگا جسدم — اوج پر اپنے مقدر کا ستارا ہوگا

اُمتی عرصۂ محشر مین وہ فرماینگے — جب وہان بات بھی کہنے کا نہ یارا ہوگا

جسکی خاطر سے کیا حق نے ظہورِ عالم — کون ایسا کہو اللہ کا پیارا ہوگا

در بحرِ رمل مثمن مخبون مقطوع مسبغ فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن ۔ فعلان بھی جائز ہے

دیجئے زُلف نبیؐ سے اِسے کیونکر تشبیہہ	ایسا خوشبو مین کہان عنبرِ سارا ہو گا
آپ کی در کی غلامی جو کرے گا دل سے	شان و شوکت مین وہ ہم رتبۂ دارا ہو گا

دیگا ابرار ہمین دوڑ کے رضوان ساغر
سوئے کوثر جو کہین اپنا گذارا ہو گا

وزن بحرِ ہزج مثمن سالم مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

کہان جلوہ گلون مین ہے نبیؐ کے روئے روشن کا	قدِ بالا کے آگے پست ہے شمشاد گلشن کا
نہوتے قتل کیون کفار لاکھون اک اشارہ مین	اثر تھا جنبشِ ابروئے شہ مین تیغِ آہن کا
پسِ مُردن بھی سوزِ عشق حضرت ہے وہ سینہ مین	کہ نکلیگا برنگِ شعلہ سبزہ میرے مدفن کا
عدم مین بھی نہ ساتھ اوس کا کبھی دم بھر کو چھوڑیگا	خدا کا قہر ایسا دوست ہے حضرت کی دشمن کا
عرق کے قطرے جو ٹپکے تھے اوس سے بنگئے انجم	بنا گردون غبار اوٹھکر نبیؐ کے پائے توسن کا
رسائی اپنے بختِ نارسا کی کیون نہ ہم سمجھین	اگر یثرب مین ملجائے ٹھکانا اپنے مدفن کا
ذخیرہ ہے ثوابِ آخرت کا یہہ مرا دیوان	بنا ہر نقطہ اک دانہ مرے ہستی کی خرمن کا
جُدائی مین پیمبرؐ کی فغان ہر دم لبون پر ہے	عجب کیا ہے جو پہونچے آسمان تک شور شیون کا
مرے الفاظ نعت پاک کی وہ پھول رنگین ہین	کہ حورون نے بنایا زیورِ گل گوش و گردن کا
روا ہے کیجئے یہہ راہ طے بیخوف دُنیا مین	طریقِ عشق حضرت مین نہین اندیشہ رہزن کا
نہین ابرار خورشیدِ قیامت کا اثر دل مین	مجھے کافی ہے سایہ حشر مین حضرت کے دامن کا

در بحر ہزج مثمن سالم - مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

تصور ہے نبیؐ کی مصحفِ رُخسارِ تابان کا
رہا کرتا ہے اب شغلِ تلاوت مجھکو قرآن کا

تمنا دولتِ دارین کی ہرگز نہین رکھتا
مگر دیدار ملجائے مجھے محبوبِ یزدان کا

خیالِ جلوۂ ماہِ رُخِ حضرت جو ہو دلمین
تو ہو خورشید ہر ذرہ مری خاکِ بیابان کا

مرے شعرونکے پڑھنے مین ثواب جاودانی ہے
لکھا ہے نعتِ پیغمبرؐ مین ہر اک شعر دیوان کا

رہیگا یاد یہہ رنجِ فراقِ مصطفےٰ مجھ کو
نہ بھولا جس طرح یوسفؑ کو صدمہ چاہِ کنعان کا

ہوا پر جائے گا اُوڑ کر جب اس مداح کا لاشہ
گمان پریونکو ہو گا دیکھکر تختِ سلیمان کا

نہ دیکھون گا اگر مین لالہ رخسارِ پیغمبرؐ
قیامت تک رہیگا میرے دل پر داغ ہجران کا

رُخِ روشن پیمبرؐ کا جو یاد آجائے وحشت مین
بگولا نور کا پُتلا بنے میرے بیابان کا

ہوئی جب آمد آمد کی خبر اوس شاہ والا کی
پہاڑونمین چھپا اُوس وقت لشکر جا کی شیطان کا

فراقِ مصطفےٰ مین جوشِ وحشت سے تقاضا ہے
رہے اِک تار بھی باقی نہ کوئی میری دامان کا

پیاسا شربتِ دیدار کا ہے یا شہِ عالم
نہین ابرارِ عالم ہے طلبگارِ آبِ حیوان کا

در بحر مضارع اخرب مکفوف محذوف - مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

ہے دِل مین عشق سیدِ خیر الانام کا
ڈر کچھ نہین ہے اس لئے یوم القیام کا

محبوبِ حق رسولِ خدا فخرِ انبیا
کیا کیا ہے رتبہ اوس شہِ عالی مقام کا

وہ کون ہے کہ جو نہین شیدا جناب پر
کس دم نہین وظیفہ ہے حضرت کے نام کا

گلشن مین سرو قامتِ بالا کا عکس ہے ۔ پرتو ہے گل چمن مین رُخِ لالہ فام کا

کون و مکانین جو شبِ معراج دھوم تھی ۔ کیا خامہ حال لکھ سکے اوس احتشام کا

ذاتِ جناب رونقِ کون و مکان ہوئے ۔ نقشہ ہے زُلف و رُخ سے عیان صبح و شام کا

کوثر کا جام بخشے گا اُمت کو حشر مین ۔ وہ شاہ دستگیر ہے ہر تشنہ کام کا

عکس فروغِ چہرۂ حضرت سے بیگمان ۔ نقشِ قدم مین نقشہ ہے ماہ تمام کا

مشہور ہے جو ساری خدائی مین عقل کل ۔ مشتاق تھا رسولِ خدا کے سلام کا

دیوان ہمنے نعت پیمبر مین جب لکھا ۔ رُتبہ بلند ہو گیا اپنے کلام کا

ابرار کچھ عذاب کا مجھکو خطر نہین
مدّاح ہون رسولِ علیہ السّلام کا

تعریف کرے کب ہی یہہ مقدور زبان کا ۔ کِس مُنہ سے کرون وصف شہنشاہِ جہان کا

جلوہ ہے جو رخسارِ منوّر مین نبیؐ کے ۔ بیخود ہوا دل دیکھ کے ہر پیر و جوان کا

ہے جب سے کِھلا وہ گل رعنائی نبوّت ۔ شاداب ہوا ہے چمنستان جہان کا

کیون تیر قضا آپ کی مژگا نکو نہ سمجھون ۔ اوس ابروے خمدار مین نقشہ ہی کمان کا

ہم سمجھے ہین دُرجِ دُرِ اسرار الٰہی ۔ کیا اور لکھون وصف پیمبرؐ کی دہان کا

ایجان جہان جلوۂ دیدار دکھا دو ۔ ابتر ہے بہت حال ہمارے دل و جان کا

در بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف مقصور و محذوف مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

جو لوگ ہین سودائی گیسوئے محمدؐ — رکھتے نہین اندیشہ کبھی سود و زیان کا
کونین مین مدّاح پیمبرؐ کو ہے عشرت — اندیشہ ہے اوس کو نہ یہان کا نہ وہان کا
آمادہ ہوئے لکھنے پر اب نعت پیمبرؐ — لو عزم کیا ہمنے علاجِ خفقان کا
لکھتا ہون مین شب کو صفتِ روئی پیمبرؐ — مہتاب ہے بنے کیون نہ چراغ اپنے مکان کا

وصفِ شہِ ابرار جو ابرار نے لکھا
گلزارِ جنان بنگیا میدان بیان کا

در بحر ہزج مسدس مقصور مفاعیلن مفاعیلن فعولن

نبیؐ کا قامتِ دل جو نہ دیکھا — رہی حسرت کہ وہ گیسو نہ دیکھا
مدینے کی ہوس مین جان دیدی — وہان جانے کا جب قابو نہ دیکھا
ہوئی ابتک نہ کعبہ کی زیارت — کبھی رویا مین وہ ابرو نہ دیکھا
کسی نے گلشنِ عالم مین آکر — حسین ایسا کوئی گلرو نہ دیکھا
دہانِ پاک حضرت کی صفت مین — رہا خاموش جب پہلو نہ دیکھا
کیا تسخیر دل کو اک نگہ سے — پری نے بھی تو یہہ جادو نہ دیکھا
یہ حسرت ہے کہ روضہ کا کسیدن — غلافِ پاک عنبر بو نہ دیکھا
ختن کے دشت مین اکثر پھرے ہم — نبیؐ کی چشم سا آہو نہ دیکھا
رسولِ پاک کے روضہ پہ ہمنے — کسی کا دیدۂ بے آنسو نہ دیکھا

عدو سے بھی کیا کرتے تھے وہ خلق | پیمبر سا کوئی خوش خو نہ دیکھا

فلک نے دیدۂ انجم سے ابرار
جہان مین آپ سا مہرو نہ دیکھا

جسکے دلمین اثرِ عشق پیمبر ہو گا | کیا اوسے آتشِ دوزخ کا بھلا ڈر ہو گا
آپ تشریف اگر لائینگے یا شاہ امم | منزلِ رحمتِ اللہ مرا گھر ہو گا
جلوۂ عارضِ حضرت کی لکھیگا جو صفت | خامہ شاخِ شجرِ طور کا ہمسر ہو گا
دلمین کب آئیگا اپنے رُخِ روشن کا خیال | کب مرا خانۂ تاریک منور ہو گا
حشر کو بھی نہ اوٹھونگا مین درِ حضرت سے | چین کیا خاک مجھے خُلد مین جا کر ہو گا
حق سے ہر دم یہ دعا کر کہ دکھا دے طیبہ | کیا تڑپنے سے ترے اے دلِ مضطر ہو گا
یا رسولِ عربی مجھکو دکھا دو دیدار | یہی کہتا ہوا اُوٹھون گا جو محشر ہو گا
سخت بیتابی ہے دل کو کہ مدینہ کیطرف | ہند سے دیکھئے جانا میرا کیونکر ہو گا
غمِ خورشیدِ قیامت نہین مداحوں کو | سایہ کیواسطے جبریل کا شہپر ہو گا
عشق دندانِ پیمبر کا رولائے گا اگر | قطرہ جو آنکھ سے نکلیگا وہ گوہر ہو گا

خود ثناخوان ہے خداوند کریم اے ابرار
جن و انسان سے کیا وصفِ پیمبر ہو گا

در بحر رمل مثمن مخبون مقطوع مسبغ - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن - بجائے فعلن کے فعلان بھی جائز ہے۔

ہے وسیلہ مجھے پیمبر کا
وہ جو شافع ہے روز محشر کا

اوس کو کیا خوف شور محشر کا
جو کہ مداح ہے پیمبر کا

ذرّہ خاکِ مدینہ کا جو کہون
ہو ستارہ بلند اختر کا

وصف جب عارض نبیؐ کا سُنا
رنگ فق ہو گیا گلِ تر کا

مین اوسی کا ہون تشنۂ دیدار
جو کہ مالک ہے حوض کوثر کا

چشم حق بین کی یاد مین ہر دم
حال ابتر ہے دیدۂ تر کا

رشک دندان سرورِ دین مین
آب و دانہ اوٹھا ہے گوہر کا

رنج ہجرِ نبیؐ مین راحت ہے
درد صندل بنا مرے سر کا

سرورِ دین کو یہہ عزیز نہ تھا
زرد ہے رنگ اس لئے زر کا

میرے نالہ نے عشق حضرت مین
سر پھرایا ہے شور محشر کا

تجھکو کیا خوف حشر کا ابرار
تو تو مداح ہے پیمبر کا

خادم ہون مین جناب رسالت پناہ کا
شہرہ ہے قدسیون مین میری عز و جاہ کا

کیون اوس کی خاک مین اثر کیمیا نہو
کشتہ ہوا جو آپ کی تیغِ نگاہ کا

عشق آپ کا ہے ہر رگ و پَے مین بھرا ہوا
دل بستہ بال بال ہے زلفِ سیاہ کا

دربحر منسرح مثمن اخرب مکفوف محذوف۔ مفعول فاعلات مفاعیل فاعلان

پہونچی نہ گوش مصطفوی تک مری فغان
دیکھا اثر نہ مین نے کبھی اپنی آہ کا

کیا ہمسری کریگا میری مہر خاوری
ذرّہ ہون خاک قصر شہ دین پناہ کا

نورِ خدا کی آئی سواری جو خواب مین
آنکھون نے میری فرش بچھایا نگاہ کا

اوڑکر پڑے جو گرد درِ نورِ کبریا
چہرہ سُفید ہو مرے بخت سیاہ کا

ہر نقطہ مین مجھے نظر آیا فروغ مہر
لکھا جو وصف بُرج رسالت کے ماہ کا

نورِ خدا کا حُسن زلیخا جو دیکھتی
لیتی نہ نام بھی کبھی یوسف کی چاہ کا

حورون کی چشم کو یہہ تمنّا ہے رات دن
سُرمہ بنے غبار مدینے کی راہ کا

ابرار آپ کی شبِ معراج کفش پاک
طُرّہ بنی تھی عرش برین کی کلاہ کا

میری گلی کو لادے خلد سے اک جام کوثر کا
کہ اے رضوان مجھے کچھ وصف لکھنا ہے پیمبر کا

رقم کرتا ہون مین جسوقت وصف اوس کے روانور کا
گمان ہوتا ہے نقطون پر فروغ ماہ و اختر کا

جناب پاک کی دندان و لب کا وصف اگر لکھون
جہانمین نام بھی کوئی نہ لے پھر لعل و گوہر کا

تمنّا آستان نبی کی ہو کیونکر نہ شاہون کو
کہ ہے فرمانروائے خلق دربان آپکے در کا

نہ تڑپینگے کبھی ہم تشنگی سے روز محشر مین
کہ ہے مختار پیغمبر ہمارا آب کوثر کا

ہمارے بخت کو نعت نبی سے اوج حاصل ہے
بنا ہے فضل حق سے مشتری تارا سقدر کا

لگا مین کیون نہ ہم بستر در سلطان عالم پر
گداؤن کو یہان رتبہ ملا فغفور و قیصر کا

دوات دین حور جنان مطلوب ہی مجکو
قلم ہو نعت لکھنے کے لئے جبریل کے پر کا

اگر وصف بہار عارض نور خدا کہدون
ابھی ہو خشک نخل دعوی بیجا گل تر کا

رہے ذرات نعت سرور کونین مین شاغل
یہی ہے فخر بس دنیا و عقبی مین سخنور کا

ہو مجکو فخر مداحون مین کیا کیا یا شہ عالم
پکڑ لین آپ اگر محشر مین ہاتھہ اسرار مضطر کا

در بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف۔ مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

شیدا ہون مین جناب رسالتمآب کا
خوف و خطر نہین مجھے روز حساب کا

لکھون جو وصف سید والاجناب کا
خورشید ایک صفحہ ہو میری کتاب کا

جلوہ دکھائے عارض تابان کے سامنے
مقدور یہ کہان ہے بھلا آفتاب کا

ہون اشکبار اگر در دندان کی یاد مین
قطرہ گہر بنے مری چشم پرآب کا

ہر چند ضبط ہجر مین کرتا ہون روز و شب
گھٹتا نہین ہے جوش میری اضطراب کا

ہر دم ہو ورد نام محمد زبان پر
ذکر رسول پاک ہے موجب ثواب کا

ہے جسکے دل مین عشق محمد بھرا ہوا
کچھ دغدغہ نہین اوسے ہرگز عذاب کا

نقش سم براق ہے جرم قمر نہین
دور ہلال بنگیا حلقہ رکاب کا

دیکھون اگر جمال حبیب خدا کا مین
افسانہ سب خدائی مین ہو میری خواب کا

ہوئے مالک کہ خلد مین لیجاو جلد اوسے ۔۔۔ مداح ہے جو سرورِ عالی جناب کا

فضلِ خدا سے احمدِ مختار ہین شفیع
ابرار غم نہ کیجیو یوم الحساب کا

سہے چمکا اوج پر اختر ہمارا ۔۔۔ رسولِ پاک ہے سرور ہمارا
بھلا ہم کس طرح دوزخ سے بچتے ۔۔۔ بچاتا گر نہ پیغمبر ہمارا
دعا ہے اس فقیرِ خستہ دل کی ۔۔۔ مدینے مین سجے بستر ہمارا
نہین اندیشۂ ہولِ قیامت ۔۔۔ ہے حامی شافعِ محشر ہمارا
شرف کیونکر نہ ہو سب امتون پر ۔۔۔ کہ ہے خیر البشر سرور ہمارا
نہین ہے تشنگی کا خوف ہمکو ۔۔۔ نبیؐ ہے ساقیِ کوثر ہمارا
مدینے کا بھرا ہے شوق دلین ۔۔۔ گذر ہو ہند مین کیونکر ہمارا
خیالِ روئے تابانِ نبیؐ مین ۔۔۔ بہلتا جی نہین دم بھر ہمارا
گذرنا پل سے کیا دشوار ہوگا ۔۔۔ پیمبرؐ سا ہو جب رہبر ہمارا
رسولِ پاک کی آئی سواری ۔۔۔ بنا گلزار قدرت گھر ہمارا

غمِ ہجران مین اے ابرار عالم
تڑپتا ہے دلِ مضطر ہمارا

در بحر ہزج مسدس مقصور — مفاعیلن مفاعیلن فعولن — [illegible]

خواب مین مجکو دکھایا قدِ بالا اپنا
عرش بالا سے ہوا مرتبہ اعلےٰ اپنا

چرخ سمجھیگا ہوا گھر تہ و بالا اپنا
یاد حضرت مین اگر نکلیگا نالا اپنا

مرتے دم تک نہ رُکا نعت مین خامہ ہم پھر
حوصلہ دلمین جو تھا خوب نکالا اپنا

یاد مژگان مین پیمبر کی اگر آہ کرون
توڑ ڈالے سپر چرخ کو بھالا اپنا

فرقت احمدؐ مرسل مین سنبھلتا ہی نہین
دل تو سینہ مین بہت ہمنے سنبھالا اپنا

یا رسولِ عربی آپ مرے حامی ہین
حشر مین کوئی نہین پوچھنے والا اپنا

کٹ گئی اُلفتِ محبوب خدا مین سب عمر
قدم اس دشت سے باہر نہ نکالا اپنا

رنج راحت سے ہے بڑھکر سفر یثرب مین
پھُوٹ جائے نہ کہین خار سے چھالا اپنا

رُخ سے اوس مہر رسالت کے جو اوٹھجائے نقاب
ماہ چرخ پہ دیکھے نہ اوجالا اپنا

دُرِ دندان پیمبر کے مقابل ہو خجل
بحر لائے تو کوئی لولوے لالا اپنا

نعت ابرار شہِ دین کی جو تم نے لکھی
دیکھیو حشر کے دن رتبہٗ والا اپنا

جس طرف ہمنے اِک نظر دیکھا
نور احمدؐ کو جلوہ گر دیکھا

جیسے دندان ہین آپ کے روشن
کوئی ایسا نہین گہر دیکھا

مہ و خورشید ہو گئے بیقدر
جب رُخِ سید البشر دیکھا

طیبہ

دم میں حل ہو گئی میری مشکل — اِک نظر بھی اگر ادھر دیکھا
لیگئے خلد میں سبھے حضرت — نخلِ اُلفت کا یہہ ثمر دیکھا
اے نسیم سحر تو ہی کہہ دے — اِس صفت کا کوئی بشر دیکھا
جس نے دیکھا جمال حضرت کا — اوس نے کب جانبِ قمر دیکھا
جلوہ دیکھا نبیؐ کا رویا مین — اپنے یہہ آہ کا اثر دیکھا
ہے ہمنے نورِ خدا کے روضہ کا — غرقِ تنویر بام و در دیکھا
عشق مین اوس حبیب خالق کے — جس کو دیکھا تو بےخبر دیکھا

کوئی پایا نہ آپ سا ابرار
دونون عالم مین غور کر دیکھا

لکھتا ہون آج وصف خدا کے حبیب کا — چمکا ہے اختر اوج پر اپنے نصیب کا
ہے شغل نعت شاہ امیر و غریب کا — مژدہ سُنا ہے جب سے فَاِنِّی قریب کا
ناپا ہے کشت زار صفاتِ شہِ اُمم — میرے قلم نے کام کیا ہے جریب کا
نغمہ کیا جو اوس گلِ قدرت کے وصف مین — ہو گا گمان قلم پہ مرے عندلیب کا
ملجائے خاک یثرب و بطحا اگر مجھے — محتاج عمر بھر نہ کبھی ہون طبیب کا
منظور ہو شفا تو پڑھو روز و شب درود — صحت ہو نام لے جو ہمارے طبیب کا

بحر مضارع اخرب مکفوف محذوف مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

محشر میں یا رسولِ خدا آپ کے سوا
ہے کون دستگیر بھلا مجھ غریب کا

مثلِ ہلال چرخ ترے آستان پر
خم ہے سرِ نیاز امیر و غریب کا

یہہ آرزوئ دل ہے میری یا شہِ امم
محشر مین مجکو دیجیے عہدہ نقیب کا

پوچھینگے قبر مین جو نکیرین کون ہے
کہہ دونگا ہون مدیح خدا کے حبیب کا

ابرار چل مدینہ کو ہندوستان سے
ہرگز نہ کر خیال بعید و قریب کا

در بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف سبع وزن مفعول فاعلات مفاعیل فاعلان

مداح ہون جناب رسولِ کریم کا
مین مستحق ہون قصر ریاضِ نعیم کا

سب انبیا تو بحر رسالت کے ہین گہر
پر مرتبہ بلند ہے دُرِ یتیم کا

دیوان لکھہ چکا تو صدا آئی غیب سے
نسخہ ہے یہہ نجات عذابِ الیم کا

برقِ کرم نے ابر رسالت کے عاصیو
دفتر جلا دیا ہے گناہِ عظیم کا

بالیدگی جو نعت سے پائی تو کیا عجب
یہہ خامہ بڑھتی بڑھتی عصا ہو کلیم کا

کیونکر نہ امن مین ہو یہ امت کہ آس پاس
حیطہ کھینچا ہوا ہے محمدؐ کی میم کا

وہ ابر رحمت آج نمایا نہین ہوا
ہے عکس یہہ حبیبِ خدا کے گلیم کا

رکھا قدم جو سرورِ عالی جناب نے
رتبہ بلند ہو گیا عرشِ عظیم کا

ہمسر تو آپ کا نہین دارِ وجود مین
پایا پتا عدم مین عدیل و سہیم کا

کھلتا نہیں ہے ذہن میں صفات جناب میں | ہے ناطقہ بھی بند عقیل و فہیم

اعمال گو برے ہیں مگر روز حشر میں
ابرار آسرا ہے رسولِ کریم کا

در بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

کونین کا سردار ہے سلطان ہمارا | سو جان سے تصدق دل و جان ہمارا
نعتِ شہِ کونین میں ہر شعر لکھا ہے | دیوانوں کا سرتاج ہے دیوان ہمارا
پھر گیسوئے حضرت کی اسیری کی ہوس ہے | پھر حال نہایت ہے پریشان ہمارا
حضرت کی شفاعت ہے رہائی کا ذریعہ | چھٹنے کا نہیں کوئی بھی سامان ہمارا
خورشیدِ رسالت کی جدائی میں ہمیشہ | ہے مثلِ سحر چاک گریبان ہمارا
کیونکر نہ بھلا دل میں ہو حضرت کی محبت | حبِ شہِ کونین ہے ایمان ہمارا
پہونچا دے در سیدِ لولاک لما تک | اے چرخ یہہ کہنا تو بھلا مان ہمارا
حوروں سے یہہ رضوان نے کہا دیکھکے مجکو | مداحِ نبی آج ہے مہمان ہمارا
وصفِ رخِ حضرت سے بنا شمع کی صورت | خامہ سے منور ہے شبستان ہمارا
اوصاف پیمبر میں یہہ دیوان لکھا ہے | تا حشر رہا نطق پر احسان ہمارا

ابرار ہمیں خوفِ قیامت کا نہیں ہے
مختارِ دو عالم ہے نگہبان ہمارا

گر نہ لطف و کرمِ سرورِ ذیشان ہوتا
کون محشر مین میرے حال کا پرسان ہوتا

جلوہ عارضِ حضرت جو نمایان ہوتا
رات دن دیدہ آفاق مین یکسان ہوتا

وصف کچھ چہرہ حضرت کا جو مین کہتا
یہہ مرا کُنجِ دہن صحن گلستان ہوتا

صبح روشن کا جو وحشت مین خیال آجاتا
مطلعِ مہر مرا چاک گریبان ہوتا

یادِ لعلِ لبِ حضرت مین جو گرتے آنسو
کوئی یاقوت کوئی لعل بدخشان ہوتا

کچھ تو ہوتی دلِ بیتاب کی حضرت کو خبر
آہ کے ساتھ اگر نالہ و افغان ہوتا

بے نقاب آپکا ہوتا رخِ روشن جسدم
آئینہ وار ہر اک دیکھ کے حیران ہوتا

دفن کا اون جو یثرب مین وہ سرور دیتے
مجھ گدا پر میرے سلطان کا احسان ہوتا

وصف لعلِ لبِ اقدس کا جو کرتا تحریر
ریشہ خامہ کا رگ لعل بدخشان ہوتا

دیکھتا نقش کفِ پا جو زمین پر اونکا
تو فلک پر مہِ تابان ابھی قربان ہوتا

نعت لکھتا ہون مگر ہے یہ تمنا ابرار
رشتہ روح سے شیرازہ دیوان ہوتا

جس کو عشقِ احمدِ مختار حاصل ہوگیا
نقص سب جاتا رہا ایمان کامل ہوگیا

ہوگیا مقبول درگاہِ خدا وہ بالیقین
جسکا دل عشقِ رسولِ حق پہ مائل ہوگیا

ہجر حضرت مین ہے زور ناتوانی اسقدر
مجکو چلنا اک قدم کا لاکھ منزل ہوگیا

در بحر رمل مثمن مخبون مقطوع مسبغ - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

گیسوئے مشکین پیغمبر کا جب آیا خیال
کاٹنا فرقت کی شب کا مجکو مشکل ہو گیا

اوس کے زخمون کے لبون پہ کیون نہو ورد درود
تیغ ابروی محمد کا جو گھایل ہو گیا

شوق دیدار مدینہ بڑھگیا ہے اس قدر
ہند مین دم بھر کا رہنا مجکو مشکل ہو گیا

ہو گیا آرام دم بھر مین مرض جاتا رہا
شربت دیدار پیغمبر جو حاصل ہو گیا

مہر کو تیغ بریں پر تھا جو دعوائی فروغ
تیرے رخ کے سامنے آیا تو باطل ہو گیا

ماہ نو نے آستان پاک کو سجدہ کیا
یہہ بڑھا پھر اوسکا رتبہ ماہ کامل ہو گیا

ہجر مین آیا جو مجھکو روئے حضرت کا خیال
داغ میرے دل کا رشک ماہ کامل ہو گیا

حق تعالی نے میری ابرار سب بخشی گناہ
نعت کہتے کہتے مین بخشش کے قابل ہو گیا

ردیف الباء موحدہ

دربحر رمل مثمن مخبون محذوف فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

تیری اے طالع بیدار رسائی کیا خوب
خوابمین صورت حضرت نظر آئی کیا خوب

جلوہ رخسار منور کا جو دیکھا تو کہا
اونکی تصویر مصور نے بنائی کیا خوب

چاندنی چرخ بریں پر شب معراج نہین
چادر نور فلک پر ہے بچھائی کیا خوب

محو نظارہ حضرت ہین حسینان جہان
شکل اللہ نے واللہ بنائی کیا خوب

ابروی شہ کا مہ نو نے جو دیکھا جلوہ
گردن اوس نے پئ تسلیم جھکائی کیا خوب

ای شہ کون و مکان سرورِ عالی نسبی
ملگئی ہے درِ والا کی گدائی کیا خوب

مغفرت اپنے گناہون کی بہت مشکل تھی
نعت اقدس سے ہوئی عقدہ کشائی کیا خوب

وصف خالق نے کیا سورہ طہ مین رقم
آپکی شان مین یٰسین ہے آئی کیا خوب

ایتو ایدل تجھے دیدار ہے ہردم حاصل
شکل حضرت کی تصور مین جمائی کیا خوب

لامکان مین شبِ معراج طلب فرمایا
حق نے توقیر محمد صلعم کی بڑھائی کیا خوب

چمن آرائی توصیف نبی مین ابرار
بلبل خامہ کی یہہ نغمہ سرائی کیا خوب

رُخسارِ پاک دیکھ کے شرمائے آفتاب
نورِ خدا کے سامنے کیا آئے آفتاب

دیکھے جو نقش پائے مبارک تو شرم سے
دامانِ آسمان مین چھپ جائے آفتاب

بزمِ جناب مین نہ ملی خاک بھی شرف
بَنْ بَنْ کے لاکھ طرح اگر آئے آفتاب

دیکھے اگر کہین رُخِ حضرت کی روشنی
ہوکر خجل زمین مین سما جائے آفتاب

آئینۂ جمال منور جو دیکھ لے
حیران ہو یہہ کہ چرخ پہ گھبرائے آفتاب

کب سرخرو ہو نیّرِ قدرت کے سامنے
غازہ شفق کا ملکر اگر آئے آفتاب

دیکھے نہ مہر سے جو وہ ماہِ کرم ادھر
ذرہ کی طرح خاک مین ملجائے آفتاب

جوش جنون بڑھے یہہ رُخِ پاک دیکھکر
جامہ سے باہر اپنے نکل جائے آفتاب

در بحرِ مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

دل ہے میرا نثارِ رُخِ پاک مصطفٰے
چڑیا نہین کہ مین بھی ہون شیدائی آفتاب

ذرہ ہون خاکِ سرورِ گردون جناب کا
رکھتا نہین ہون مین کبھی پروائی آفتاب

ابرار ضبط نالۂ سوزان کو کیجیے
ڈر ہے یہی مجھے کہ نہ جل جائے آفتاب

تپِ فراقِ نبیؐ مین نہ پی دوائے طبیب
کسی بشر سے نہ کی التجا برائے طبیب

مرض ہے عشقِ نبیؐ کا کبھی نجائے گا
لگی ہوئی کو میرے کس طرح بجھائے طبیب

لبون پر دم مرے آیا ہے عشقِ حضرت مین
مرے علاج سے اب کیون نہ ہاتھ اوٹھائے طبیب

فراقِ مصطفوی مین علاج کیجیے کیا
اثر تو خاک بھی کرتی نہین دوائے طبیب

درِ رسول پہ آیا شفا ہوئی حاصل
الٰہی اب نہ دکھانا مجھے جفائے طبیب

ہوا ہون عشقِ پیمبرؐ مین اس قدر لاغر
کہ مجھ کو دیکھ کے کہتا ہے ہائے ہائے طبیب

رسولِ حق کی اگر چشمِ نرگسی دیکھے
تو اپنے آپکو بیمار ابھی بنائے طبیب

تمھارے در سے جو ملجائے خاک کی چٹکی
شفا ہو ایسی کہ کھاؤن نہ پھر دوائے طبیب

وہ ضبطِ عشق ہے سبب کیا نہین ممکن
کہ نام میرے مرض کا کبھی بتائے طبیب

شفا ہو عشقِ نبیؐ مین جو دیکھ کر نسخہ
ذرا سا شربتِ دیدار بھی بڑھائے طبیب

نہ پوچھ عشقِ محمدؐ کا ماجرا ابرار
وہ حال ہے کہ ابھی اشک تر بہائے طبیب

در بحر مجتث مثمن مخبون محذوف مقطوع ۔ مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن

طیبہ در بحر رمل مثمن محذوف۔ فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن۔

گلشنِ یثربؐ مین جو اکبار آئے عندلیب
سیرِ گلزارِ جہان کی بھول جائے عندلیب

مین گلِ رخسارِ پیغمبرؐ کی گر کہدون صفت
باغ مین صلِّ علیٰ کا غُل مچائے عندلیب

اِک نظر بھر کر جو صحرا سے مدینہ دیکھ لے
شاخ طوبےٰ کی طرف اوڑکر نجائے عندلیب

عشقِ پیغمبرؐ مین گُل کھائین ہین مینے اسقدر
سامنے میرے بھلا مُنہ کیا دکھائے عندلیب

ہون وہ بلبل نغمہ سنجِ نعت سلطانِ زمن
کیون نہ یثرب مین رہون گلشن ہی جائے عندلیب

وصف اوس آہوی چشم پاک کا سُن لے اگر
چھوڑ کر گلزار جنگل کو بسائے عندلیب

اوس گلِ باغِ رسالت کے کمالِ عشق مین
خامہ کے مانند اپنا سر کٹائے عندلیب

وہ گلِ قدرت شبِ فرقت جو آئیگا نظر
نوحۂ ماتم بنینگے نغمہائے عندلیب

اوس گلِ باغِ نبوت کا مجھے کیون غم نہو
داغِ دل روزِ ازل سے ہی برائے عندلیب

کیون حریمِ پاک حضرت ہو نہ رشکِ بوستان
نغمہ زن ہے طائرِ قدسی بجائے عندلیب

آب و رنگِ گل ہے ای ابرار شعرِ رنگین ترے
ہے صریرِ کلک بھی رشکِ صدائے عندلیب

دربحر خفیف مسدس مخبون محذوف۔ فاعلاتن مفاعلن فعلن۔

ہے یہی میرا مدعا یارب
روضۂ مصطفیٰ دکھا یارب

اب سنبھالے نہین سنبھلتا ہے
دلِ وحشت زدہ میرا یارب

مین تڑپتا ہون جنکی فرقت مین
شکل اونکی مجھے دکھا یارب

نقدِ جان ہو نثار حضرت پر — ہے یہی دلکا مدعا یارب
نعتِ پاکِ جناب کا صدقہ — عفو کر دے میری خطا یارب
میرا مدفن بنے مدینے مین — ہو یہہ مقبول التجا یارب
دلِ خانہ خراب بنجائے — منزلِ ماہ اصطفا یارب
کوئی لکھدے بیاضِ دیدہ پر — بیتِ ابروے مصطفٰے یارب
ہون اوسی مہ لقا کا مین دربان — مہر ہے جسکا نقش پا یارب
بطفیلِ جناب شاہِ امم — حاجتین کر میری روا یارب

رہے ابرار کی زبان پہ مدام
صفتِ روئے مصطفٰے یارب

ردیف التاء منقوطہ

در بحر مجتث مثمن مخبون مقطوع - مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن

فلک جو دیکھے رسالت پناہ کی صورت — سمائے اوس کی نہ آنکھوں مین ماہ کی صورت
صفا وہ آئینہ روی مصطفٰے مین ہے — کہ مینے دیکھ لی اپنی نگاہ کی صورت
برنگِ آئینہ حیران ہو نورِ عارض سے — جو مہر دیکھے اوس رشکِ ماہ کی صورت
ہوا ہے طالعِ خفتہ میرا بھی اب بیدار — گدا نے خواب مین دیکھی ہے شاہ کی صورت
فراقِ مصطفوی نے کیا ہے یہہ اندھیر — دکھائی ہے مجھے روزِ سیاہ کی صورت

ہیری بھی دیجئے داد آج اسے میرے مولی
غلام آیا ہے یہہ داد خواہ کی صورت

ہمارے سینہ پہ اک سانپ لوٹجاتا ہے
جو یاد آتی ہے زُلفِ سیاہ کی صورت

سوائے نعتِ جنابِ رسول اکرم کے
کوئی نہین ہیری عفوِ گناہ کی صورت

کمال سہم کے مریخ چرخ سے بھاگا
جب اوس نے دیکھی میرے تیر آہ کیصورت

بجز درِ شہِ کون و مکان کے دُنیا مین
کہین نہین نظر آئی پناہ کی صورت

یہہ اپنے بخت سے ابرار کا تقاضا ہے
دکھا جناب رسالت پناہ کی صورت

در بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف ـ مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

ہم دیکھتے ہین اوس شہِ ابرار کی صورت
گلزارِ جہان مین گلِ بیخار کی صورت

یادِ چمن آرائے رسالت مین شب و روز
آنکھون مین نظر آتے ہین گُل خار کیصورت

اے بادِ صبا اوس گُلِ رعنا سے میرا حال
کہدیجیو ممکن ہو جو اظہار کی صورت

بیٹھونگا جو مین خاکِ درِ مصطفوی پر
اوٹھونگا نہ پھر سایۂ دیوار کی صورت

مشتاق ہون اے طالعِ بیدار دکھا دے
اوس مہرِ کرم مطلعِ انوار کی صورت

کیا سیرِ چمن کیجئے ہجرِ نبوی مین
سینہ میرا داغون سے ہے گلزار کی صورت

وہ حالِ دلِ زار ہے ای رشکِ مسیحا
پہچانی نہین جاتی ہے بیمار کی صورت

اوس نرگسِ بیمار کا ہے جب سے تعشق
بستر پہ پڑا رہتا ہون بیمار کی صورت

ابروئے نبی پر ہے یہہ دل شیفتہ جب سے
آتی ہے نظر خواب مین تلوار کی صورت

اب ہجر میں ہمیں نہین ضبط کی طاقت
یارب نکل آئے کوئی دیدار کی صورت

کہتے ہین کہ ہے سیدِ ابرار کا شیدا
جو دیکھتے ہین آپ کے ابرار کی صورت

در بحر رمل مثمن مخبون مقطوع فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

طیبہ

نرگسِ چشم نبی کے ہین بیمار بہت
اور اوس زلف مسلسل کے گرفتار بہت

باغ عالم مین اوسی پھول پہ ہم پھولتے ہین
جس گلِ تر کے ہین دُنیا مین خریدار بہت

یارسولِ مدنی اپنا دکھا دو جلوہ
رُخِ گلفام کے ہین طالب دیدار بہت

نہ ہوئی حیف مدینہ کی زیارت حاصل
دل رہا یثرب و بطحا کا طلبگار بہت

دلربائی مین کوئی آپ کا ہمسر نہوا
خوبرو سیکڑون ہین خلق مین دلدار بہت

زیبِ تن کیجیے للہ شفاعت کی عبا
آستانے پہ یہہ بیٹھے ہین گنہگار بہت

یادِ حضرت مین فغان لب پہ ہے دل پر صدمہ
عاشقون کے لئے دُنیا مین ہین آزار بہت

اُمتی آپ کا دوزخ مین نہین جاتے گا
گرم محشر مین شفاعت کا ہے بازار بہت

یارسولِ مدنی جلد بُلا لو مجھکو
جی تو اب ہند مین رہنے سے ہی بیزار بہت

روضۂ پاک کی اب کرلو زیارت چل کر
روح کی رہتی ہے مجھ سے یہی تکرار بہت

کیون نہین کرتے ہو تم عزم مدینہ کیا ہے
اب تو گھبراتے ہین ہم ہند مین ابرار بہت

دیگر بحر رمل مثمن مخبون مقطوع - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

سنی اے زاہد و ناحق ہے برائی جنت
دیکھ لو آکے مدینہ مین فضائے جنت

واعظو وصف مدینہ کا سُنا دو مجھکو
حور و غلمان کو خوش آتی ہے ثنائے جنت

جب کبھی آتی ہے گلزار مدینہ کی طرف
غسل کر لیتی ہے کوثر مین ہوائے جنت

دُرۃ التاج رسالت کا ثنا خوان ہوں مین
سر پر اپنے مجھے خوش ہو کے بٹھائے جنت

سیر بستانِ مدینہ کے لئے جب آئے
خار سی بھی مجھے بد تر نظر آئے جنت

وصف گلزار مدینہ کا اگر مین کہدون
اپنے دعوی سے ابھی ہاتھ اوٹھائے جنت

اوسکو ہم کوچۂ حضرت سے اگر دین تشبیہ
لِمَنِ الْفَخْر کا نقارہ بجائے جنت

مین ہون مشتاق زیارت کی کہان ہین مداح
حشر مین ہوگی ہر اک سمت صدائے جنت

جلوہ گر آنکھون مین ہو گلشنِ یثرب کی بہار
چشم مداح مین کیا خاک سمائے جنت

عرض کر دو میری تسلیم کوئی بطحا سے
چرخ سے آتی ہے ہر دم یہہ ندائے جنت

نرگسِ چشم پیمبر کا ہون بیمار ابرار
گھر میرے واسطے آنکھون مین بنائے جنت

دیگر بحر رمل مثمن مخبون محذوف - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن - طیبہ

ہون دمِ نزع الٰہی میری اوسان درست
نعت حضرت کی لکھون تاکہ ہو ایمان درست

یا رسولِ مدنی آپ کی اُلفت کے سوا
کوئی جنت مین نہین جانیکا سامان درست

جوش پر ہجر نبیؐ مین اگر آئے وحشت
نہ رہیگا میرا دامن نہ گریبان درست

چشم خونبار ہے یادِ رخِ انور مین مدام
اتنو سرخی سے یہ ہم کرتے ہین قرآن درست

مشکلین ہونگی سب آسان طفیلِ حضرت
اپنی نیت جو کوئی رکھیگا انسان درست

خیر و ایمان ہے محبت تو شہ والا کی
وہ ہی مومن ہے کہ رکھتا ہے جو ایمان درست

پائینگے حشر مین حضرت کی شفاعت سے نجات
اعتقاد اپنا جو رکھتے ہین مسلمان درست

بھیڑ مدا جو انکی جب خلد مین آتی دیکھی
دو ڈکریون کے رضوان نے کئے خوان درست

ساتھ لیجائینگے جنت مین تمام امت کو
بالیقین مخبرِ صادق کا ہے پیمان درست

چاہئے یہ کہ رہے نقش دلِ ہر مومن
بعد قرآن کے ہے آپ کا فرمان درست

فیض نعتِ نبوی سے ہی یہ ابرار امید
فضل حق چاہئے ہو جائیگا دیوان درست

در بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف - مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

ایمان کی تکمیل ہے اقرار رسالت
اور کفر کا اقرار ہے انکارِ رسالت

مومن ہے وہ دل مخزن توحید ہو جس کا
سینہ بھی ہے گنجینۂ اسرارِ رسالت

ق

اب وقت ظہورِ شہِ لولاک کا آیا
پیدا ہوئے دنیا مین سزاوارِ رسالت

ہے حکم قضا کفر کو اب جلد گھٹا دو
دیکھو وہ اوٹھا ابر گہر بارِ رسالت

کیا دبدبہ بالا ہے رسولِ مدنی کا
بت بول اوٹھے از پئے اقرار رسالت

کی نہر ہدایت کی روان باغ جہان مین
سرسبز کیا آپ نے گلزار رسالت

محکوم ہوا حکم رسالت کا زمانہ
خالق نے کیا آپ کو سردارِ رسالت

دینِ نبوی کس لئے محفوظ نہ رہتا
اللہ تھا ہر وقت مددگارِ رسالت

ایمان کا سودا ہے خریدار ہے عالم
ہے حد سے فزون گرمیِ بازارِ رسالت

جو دشمنِ دین تھے وہ مسلمان ہوئے آکر
سو جان سے کیا کفر نے اقرارِ رسالت

ابرار دیا کس کو یہہ اللہ نے رتبہ
تھے احمدِ مختار ہی مختارِ رسالت

ردیف الثاء مثلثہ

در بحر رمل مثمن مخبون مقطوع - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

بزمِ میلاد مین ذکرِ رخِ خوبان ہے عبث
وصفِ حضرت ہو جہان وصفِ حسینان ہے عبث

عاشقِ زلف و لب لعل نبیؐ کے آگے
صفتِ برگِ گل و سنبل و ریحان ہے عبث

صحنِ جنت سے ہے صحرائے مدینہ خوشتر
تجکو اے دل ہوسِ سیرِ گلستان ہے عبث

کیا فروغِ رخِ حضرت نہین دیکھا تو نے
یہہ تری جلوہ گری اے مہِ رخشان ہے عبث

وصفِ گلزارِ مدینہ کا سنادو مجھکو
واعظو تذکرۂ روضۂ رضوان ہے عبث

دیکھ لے آکے مدینہ مین بہارِ فردوس
زاہدا خلد کا دنرات تو جویان ہے عبث

گنجِ مقصود جو چاہے تو لکھے نعتِ نبیؐ
دولت و زر کے لئے کوششِ انسان ہے عبث

جوہر انسان کا ہے وصفِ لب و دندان نبیؐ
ذکر گو صفتِ لعلِ بدخشان ہے عبث

رنج و راحت کا نہین عشق پیمبرؐ مین خیال | گلۂ جور فلک شکوۂ دوران ہے عبث
جلوۂ نور الٰہی ہے رخِ حضرتؐ مین | صورتِ آئینہ اے مہر تو حیران ہے عبث

عشق مین قامت و رخسار نبیؐ کے ابرار
یاد شمشاد و خیالِ گلِ خندان ہے عبث

مجھ پہ اے چرخِ ستمگار جفا کیا باعث | کیون ہو مداحِ پیمبرؐ سے خفا کیا باعث
کیا بنے گا چمنِ عشقِ نبیؐ کا بلبل | طایرِ رنگ مرا رخ سے اڑا کیا باعث
جل گیا آتشِ ہجرانِ نبیؐ سے شاید | اشک بھی دیدۂ تر مین نہ رہا کیا باعث
آئیگی کیا مرضِ عشقِ پیمبرؐ مین اجل | چھوڑ دی میری طبیبون نے دوا کیا باعث
آج وصفِ دہنِ پاک بنا مہرِ سکوت | غیب کا راز نہ کچھ مجھ پہ کھلا کیا باعث
کیون نہ دیدارِ نبیؐ خواب مین دیکھا اب تک | کیون ہدف تک نہ گیا تیرِ دعا کیا باعث
وصفِ زلفِ نبویؐ اس نے سنا ہی بیشک | پھر ہوا دل جو گرفتارِ بلا کیا باعث
کیا میرے بخت کا چمکا ہے فلک پہ اختر | بزمِ عالی مین میرا ذکر ہوا کیا باعث
کیا شہنشاہِ دو عالم کا نہین یہ مداح | استخوان کیون نہ میری کھائی ہما کیا باعث
کس لیے آپ بلاتے نہین اس عاصی کو | عفو ہوتی نہین کیون میری خطا کیا باعث

ہند مین کھوتے ہو کیون عمر تم اپنی ابرار | آج تک عزمِ مدینہ نہ کیا کیا باعث

در بحر رمل مثمن مخبون مقطوع - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

عشقِ حضرت مین نہین ہے مجھے آرام سی بحث
دلِ سودا زدہ رکھتا ہے کہین کام سے بحث

ایسا وارستہ کیا اُلفتِ شہ نے مُجکو
کہ نہین ننگ کی پروا نہ مجھے نام سے بحث

نعت لکھتا ہون بامید قبول درگاہ
نہ تمنّا مجھے خلعت کی نہ انعام سے بحث

قفسِ یادِ پیمبر ؐ مین رہا طایرِ دل
نہ اسے دانہ سے مطلب نہ اسے دام سی بحث

جز ہمیبت کے کسی کی نہین پروا مجھکو
نہ غرض خاص سے کچھ ہی نہ ہمین عام سی بحث

آپ ہی جاؤنگا مین سوئے دیارِ محبوب
نہ مجھے نامہ کی حاجت ہی نہ پیغام سی بحث

اے فلک روضۂ اقدس پہ پڑا رہنے دے
نہ کسی در کی ہوس ہے نہ مجھے نام سے بحث

شوق سیب ذقنِ مصطفوی ہے مجھکو
نہ سروکار ہے پختہ سے نہ ہی خام سے بحث

منزلِ کعبۂ مقصود بنا دل میرا
خواہش طوف نہین ہے نہ کچھ احرام سی بحث

سگِ درگاہِ نبی ؐ کہتے ہین مجھکو انسان
وحشیون سے نہین میل اب نہ ددودام سی بحث

نظر لطف نبی ؐ کا ہون طلبگار اسرار
نہ طلب گورے کی مجکو نہ سیہ فام سے بحث

ردیف الجیم

جہان مین محفل میلاد مصطفےٰ ہے آج
زمین مہبطِ انوار کبریا ہے آج

مرے مکان مین ذکرِ شہ ہدیٰ ہے آج
خدا کے نور سے معمور گھر ہوا ہے آج

در بحر رمل مثمن مخبون محذوف - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

در بحر مجتث مثمن مخبون محذوف - مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن

در بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

نسیمِ یثرب و بطحا چمن مین آئی ہے ہر ایک غنچہ گلستان مین کھل گیا ہی آج
فلک سے بزمِ مقدس مین ہر ملک آکر درود سیدِ والا پہ پڑھ رہا ہے آج
زمین پہ ذکر ہے یہہ کس کی مہ تجلی کا کہ ذرہ غیرتِ خورشید بنگیا ہے آج
خبر ولادتِ سلطان دین کی پہونچی ہے نشان کفر کا آفاق سے مٹا ہی آج
اوٹھا و ہاتھہ دعا کے لئے شب میلاد ظہور رحمتِ خلاق کبریا ہے آج
زمین بزم نبی کو ملی ہے وہ رفعت کہ آسمان بصد عجز جبہہ سا ہے آج
لکھے ہین نعت پیمبر مین قدس کے مضمون مرا قلم پر روح الامین بنا ہے آج
ہوے ہین بند جہنم کے سارے دروازے وہ دیکھہ لو درِ خلدِ برین کھلا ہے آج

دعائے مغفرت اسوقت کیجئے ابرار
ہے بزمِ ختمِ دمِ عرض مدعا ہے آج

اللہ نے حضرت کو بلایا شبِ معراج موسیٰ نے نہ دیکھا جو دکھایا شبِ معراج
جب آپ سوئے عرش چلے حور و ملک نے فرش آنکھ کے پردون کا بچھایا شبِ معراج
حال آپ کے مقدم کا جو زہرہ نے سُنایا صوفیِ فلک رقص مین آیا شبِ معراج
کونین سے جسکی ہے کہین شان زیادہ وہ آنکھ کے پردے مین سمایا شبِ معراج
اللہ رے قدرت کہ رسولِ مدنی کو اک نکتہ مین ہر علم پڑھایا شبِ معراج

ہے لُطف و کرم آپ کا ہمپر کہ سفر سے
اِس اُمّت عاصی کو چھوڑا یا شب معراج

اِک جلوۂ یکتا شہِ دین کو نظر آیا
جب پردۂ وحدت کو اوٹھایا شب معراج

تھا پاے مبارک کا شرف عرشِ برین نے
کب پایا یہہ پایا تھا جو پایا شبِ معراج

حضرت کی کفِ پا کا ہے وہ رُتبۂ عالی
جبریل نے آنکھون سے لگایا شبِ معراج

نظارۂ محبوب کا وہ شوق بڑھا تھا
خود پردہ کے باہر نکل آیا شبِ معراج

ابرار یہہ کہتے تھے فرشتے کہ ہو تا حشر
ہر روز یوہین بارِ خدا یا شب معراج

مین ہون یا شاہِ رُسُل آپ کے در کا محتاج
طالب دولت و حشمت ہون نہ زر کا محتاج

باغبان تو ہی بتا دے چمنِ عالم مین
وہ کہان ہے کہ مین ہون جس گُلِ تر کا محتاج

لب و دندانِ پیمبر کی صفت لکھتا ہون
عمر بھر ہونگا نہ مین لعل و گہر کا محتاج

دشتِ یثرب ہی خوش آتا ہے مجھے وحشت مین
نہ کچھ آبادی کی پروا ہے نہ گھر کا محتاج

آتشِ عشق پیمبر نے جلا یا دِل کو
سوزِ باطن سے ہے میرا دیدۂ تر کا محتاج

اے صبا تو ہی سُنا دے کوئی پیغام مُجھے
مین ہون گلزار مدینہ کی خبر کا محتاج

نعتِ پاکِ نبوی مجھکو ہے لکھنا منظور
بہرِ خامہ ہون مین جبریل کے پر کا محتاج

اے خیالِ رُخِ پر نورِ پیمبر مدد دے
شبِ فرقت مین ہون مدت سے سحر کا محتاج

در بحر رمل مثمن مخبون محذوف مسبغ - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلات

یا نبی سیبِ ذقن مجھکو دکھادو للّٰہ | یہہ میر النخل تمنا ہے ثمر کا محتاج
آستانِ نبوی سے نہ اوٹھون محشر تک | یا الٰہی نہ کبھی ہون کسی در کا محتاج

جس نے دیکھا ہے رُخِ پاک پیمبرِ ابرار
بخدا وہ نہین پھر شمش و قمر کا محتاج

در بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف مسبغ مفعول فاعلات مفاعیل فاعلان

دردِ سخن کا ہمنے کیا ہے علاج آج | نعتِ شریف سے ہی صحیح المزاج آج
سلطان کی طرح سے ہے عالی مزاج آج | سر پر سخن نے نعت کا پہنا ہی تاج آج
ہر شخص کی زبان پہ ہے وصفِ شہ زمن | نعتِ رسول پاک کا ہے وہ رواج آج
وصفِ نبیؐ مین خامہ نے پائی ہے وہ صفا | وہ غیرتِ بلور ہے اور رشکِ عاج آج
نعت نبیؐ سے کیون نہ جہان مین فروغ ہو | روشن کیا ہے خانۂ دین مین سراج آج
وہ اختیار احمدِ مختار کو ملا | جس بینوا کو چاہین تو دین تخت و تاج آج
لکھتا ہون پادشاہِ حدوث و قدم کی نعت | آئیگا مجھکو ملک بقا سے خراج آج
مین ہون گدائے حضرتِ سلطانِ دین پناہ | دولت کی خاکسار کو کیا احتیاج آج
ہر دم خیالِ وصفِ رسالت مآب ہے | میرے نفس کو نعت سے ہی امتزاج آج
تحریرِ نعت پاک سے یہہ مرتبہ ہوا | جبریل پوچھتے ہین قلم کا مزاج آج

اسرار مجھکو ہجرِ نبیؐ کا ہے عارضہ | بیفائدہ طبیبو ہے میرا علاج آج

جب کاکلِ مشکین پیمبر کا کھلا پیچ
تقدیر مین اپنے کوئی باقی نہ رہا پیچ

سو یا سوئے قبلہ تو زیارت ہوئی حاصل
لو ناخنِ تدبیر سے قسمت کا کھلا پیچ

مداح پہ دعوائے ستم تجھ کو عبث تھا
اے چرخ ستمگر ترا کوئی نہ چلا پیچ

محروم زیارت ہوں یہہ کھلتا نہین کچھ راز
جس دن سے فراقِ نبوی کا ہے بندھا پیچ

آجاتی ہے رُخ پر دمِ نظارۂ حضرت
بیتاب سے کرتی ہے نیاز زلفِ دو تا پیچ

پہونچا نہ کسی روز بھی گوشِ نبوی تک
نالہ نے میرے ہجر مین یہہ مجھ سے کیا پیچ

ابتک نہ ہوئی مجھ کو مدینہ کی زیارت
تقدیر کا کوئی بھی تو سلجھا نہ سکا پیچ

بسمل سا تڑپتا ہون جو یاد آتے ہین حضرت
سچ ہے کہ محبت مین اوٹھتے ہین سدا پیچ

اپنی یہ تمنا ہے کہ جاؤن سوئے یثرب
کیون کرتی ہے عشاق سے تاثیر دعا پیچ

وہ خواب مین آئے نہ دکھائی مجھے صورت
معلوم نہین جانے کیونکر یہہ پڑا پیچ

جو اون کا گرفتار ہے آزاد ہو ابرار
ہے زلف پیمبر کا ہر اک عقدہ کشا پیچ

ردیف الحاء حطی

درود پڑھنے کو لیتے ہین جبکہ ہم تسبیح
دعائین سیکڑون دیتی ہین دمبدم تسبیح

ہمیشہ پڑھتے ہین نامِ جناب اقدس کی
ہر ایک اہل عرب سرور عجم تسبیح

در بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف مکفوف محذوف مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

طیبہ

گھر کی طرح جگر مین ہے پڑگیا سوراخ — رسولِ پاک کا رکھتے ہین دلمین غم تسبیح
بنے ہین وانۂ تسبیح اشک کے قطرے — درود پڑھنے کو لی جب بچشم نم تسبیح
رسولِ پاک پہ بھیجو سدا صلوٰۃ وسلام — چھُٹے نہ ہاتھ سے زنہار دمبدم تسبیح
اوٹھو درود پڑھو نیک کام مین سُنتے — یہہ مجکو یاد دلاتی ہے دمبدم تسبیح
درود پڑہتے ہین دُرِّ یتیم قدرت پر — نہین ہے سلکِ گہر سے ہماری کم تسبیح
مین تجکو دیکھ کے آمادۂ صلوٰۃ ہوا — ہوا کمال یہہ مجھپر ترا کرم تسبیح
ہمارے توسن غفلت کا تازیانہ ہے — درود پڑھتے ہین جب دیکھتے ہین ہم تسبیح
درود بھیجتے ہین روح پاک حضرت پر — مدام پڑھتے ہین جن وبشر بہم تسبیح

درود پڑھنے کا جب لطف اوٹھیگا ای ابرار — بنائین خاک درپاک لاکے ہم تسبیح

در بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف یعنی مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

ہے مجکو عشق سیدِ ابرار بیطرح — گھٹتا ہے جوش غم سے تنِ زار بیطرح
لو تشنگانِ دید چلو روز حشر ہے — بٹتا ہے آج شربتِ دیدار بیطرح
رکتا نہین ہے خامہ مرا نعت پاک مین — ہے جوش وصف احمد مختار بیطرح
دل دیچکا ہون مین تو خدا کے حبیب کو — سودا چکا تو آئے خریدار بے طرح
سینہ مین کوندجاتی ہے بجلی سی یا جناب — یاد آتی ہے جو تیزیِ رفتار بیطرح

آیا خیال چشمِ حبیب جو ہجر مین ــ گریان ہے میرا دیدۂ خونبار بیطرح

زلفِ جنابِ پاک ہے یا کوئی دام ہے ــ یہہ مرغِ دل ہے اوس مین گرفتار بیطرح

اب خارِ چشمِ زخم سے یارب اسے بچا ــ پھولا پھلا ہے نعت کا گلزار بیطرح

اوس رشکِ گل کے روضۂ اقدس سے ہون جدا ــ دل مین کھٹک رہا ہے یہی خار بیطرح

ٹھوکر سے اپنے سیکڑون مردے جلادئے ــ اعجاز کر رہی ہے وہ رفتار بیطرح

یثربؔ کی سرزمین مین پہونچائے حق تمہین
شوقِ مدینہ تمکو ہے ابرار بیطرح

طیبہ

ردیف الخاء

دربحرِ مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

دہلیزِ مصطفےٰ پہ نہ کیون سر جھکائے چرخ ــ اس آستان کو قبلہ و کعبہ بنائے چرخ

وہ دبدبہ ہے سرورِ اُمّی کے عدل کا ــ مثلِ قلم قلم ہو اگر سر اوٹھائے چرخ

ہجرِ نبیؐ مین اذن جو دون اپنی آہ کو ــ مثلِ حباب دم مین مٹادون بنائے چرخ

بیوجہہ سرنگون نہین رہتا ہے آسمان ــ سجدہ جنابِ پاک کا ہے مدعائے چرخ

ذرات آستان مین ہے یہہ نور کا فروغ ــ اختر بھلا ہمین کوئی ایسا دکھائے چرخ

جس نے بہار روضۂ پرنور دیکھ لی ــ اوسکی نظر مین خاک سمائے فضائے چرخ

دیکھے جو آستانِ معلی کے اوج کو ــ منہ دامنِ سحاب مین اپنا چھپائے چرخ

گروش وہ اپنی بخت کی ہجر نبی مین ہے
کاسہ ہمارے سر کا پھریگا بجائے چرخ

پابوس یہہ ہوا شب معراج آپکا
بخشا خدا نے خلعتِ رفعت برائے چرخ

وِزرات بھیجتا ہے درود آپ پر فلک
صلِّ علیٰ کا نغمہ بنی ہے صدائے چرخ

گروش اسی کی مانعِ عزمِ مدینہ ہے
ابرارکون اپنا ہے دشمن سوائے چرخ

در بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف مقصور۔ مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

بلبل نے وہ بنی کا جو دیکھا عذار سُرخ
داغون سے اوس کا سینہ ہے جون لالہ زار سُرخ

بھڑکی ہے آج آتشِ عکسِ رُخِ جناب
بیوجہہ یہہ نہین ہے گلِ نوبہار سُرخ

یاد آگئے جو عارضِ حضرت پسِ فنا
پہونچا ہیرے لحد سے فلک تک غبار سُرخ

ہوگا نہ سُرخ رو کبھی عارض کے سامنے
گُل شاخِ بوستان مین اگر ہو ہزار سُرخ

عکسِ رُخِ جناب مقدس کے فیض سے
دشوار یہہ نہین کہ ہو مشکِ تتار سُرخ

باغِ جہان مین گلشنِ یثرب سے آئی ہے
پہنے ہے آج جامہ نسیم بہار سُرخ

طیبہ

یاد آگیا جو چہرۂ گلرنگِ مصطفٰے
مانندِ گل ہوئی ہے شبِ انتظار سُرخ

دندان پاک پر تو لب سے ہین لال لال
مرجان سے ہوگئی گُہرِ آبدار سُرخ

خونبار یادِ عارضِ گلفام نے کیا
رہتی ہین آنکھین اس لئے لیل و نہار سُرخ

لالہ تو کیا چمن ہو نثارِ رخِ جناب
دیکھے جو ایکبار کہین وہ عذار سُرخ

ہون نعت کی طفیل سے ابرار سُرخ رو
اب کیا عجب کہ ہو مرا سنگِ مزار سُرخ

ردیف الدال

در بحر ہزج مسدس مقصور۔ مفاعیلن مفاعیلن فعولن

بشر کیا لکھ سکے شانِ محمد
خدا ہو جب ثنا خوانِ محمد

اوسی محشر کے دن اک عید ہوگی
ہوا ہے جو کہ قربانِ محمد

تمنا ہے یہی رضوان کی ہر دم
الٰہی ہون مین دربانِ محمد

عنادل بنکر آتے ہین فرشتے
مدینہ ہے گلستانِ محمد

پڑا ہے یہہ مری تقدیر مین پیچ
نہ دیکھی زلف پیچانِ محمد

تمنا ہے یہہ آنکھون کی الٰہی
دکھا دے روی رخشانِ محمد

ہمین خورشیدِ محشر کا نہین خوف
اگر ہون زیرِ دامانِ محمد

ملک سے مرتبہ اعلیٰ ہے اونکا
جو ہین ادنیٰ غلامانِ محمد

بنا سلک گہر ہر شعر میرا
کہا جب وصفِ دندانِ محمد

نہ دیکھے جلوۂ خورشید زنہار
جو دیکھے روی تابانِ محمد

مدینہ کو چلو ابرار عالم
کرو جان اپنی قربانِ محمد

خدا خود ہے ثنا خوانِ محمد
زہے صلِّ علےٰ شانِ محمد

اسیری کا ہو آزاد و نکو بھی شوق
جو دیکھیں زلف پیچانِ محمد

جو دیکھا رتبہ والاے حضرت
بنے جبریل دربانِ محمد

کرون گا روضۂ اقدس پہ جا کر
دل و جان اپنا قربانِ محمد

جہان کیون نورِ حق سے ہو نہ روشن
قمر ہے روئے تابانِ محمد

لکھین کیا ہم شہِ عالم کے اوصاف
فزون ہے وصف سے شانِ محمد

نہین کچھ آفتابِ حشر کا خوف
ہے سر پر ظلِ دامانِ محمد

مقام اونکا دو عالم سے ہے بالا
ہے برتر عرش سے شانِ محمد

خداے پاک کا رستہ بتایا
زمانہ پر ہے احسانِ محمد

عذابِ آخرت سے ہونگے بیخوف
قیامت مین ثنا خوانِ محمد

ملک جب نعت مین عاجز ہین ابرار
بشر کیا ہو ثنا خوانِ محمد

فلک سے ہے برتر مقامِ محمد
ہے عرشِ برین سطحِ بامِ محمد

گلستانِ خوبی کا رونق فزا ہے
نہالِ قدِ خوش خرامِ محمد

دل و جان کو ہو کیون نہ مرغوب بیحد
شکر سی ہے شیرین کلامِ محمد

دعا کرتے رہے تھے اُمت کے حق مین — گذرتی تھی یون صبح و شامِ محمدؐ

ہم آئے ہین ہستی مین ملکِ عدم سے — یہی خاص ہے فیضِ عامِ محمدؐ

بس اب دل ہے بیچین فرقت مین اپنا — سُنا جائے کوئی پیامِ محمدؐ

مشامِ دو عالم معطر ہوا ہے — کھُلے گیسوے مشکفامِ محمدؐ

تصور کے خامہ سے ذرات مینے — لکھا صفحۂ دل پہ نامِ محمدؐ

کرے سلطنت کی وہ خواہش نہ ہرگز — جو ہے جان و دل سے غلامِ محمدؐ

فرشتے بھی ہرگز نہ پہونچے وہانتک — ہے اس درجہ عالی مقامِ محمدؐ

کہانتک لکھیگا تو اسرار عالم
وہ معراج کا احتشامِ محمدؐ

سو جان سے ہے دل محوِ تمنائے محمدؐ — سر میرا بنا منزلِ سودائے محمدؐ

گردون زرِ خورشید جو دے تو بھی نہ بدلون — ملجائے اگر خاکِ کفِ پائے محمدؐ

شرماتے ہین خورشید و قمر اوجِ فلک پر — جب دیکھتے ہین نقشِ کفِ پائے محمدؐ

لکھتا ہون ہمیشہ صفتِ روئے مبارک — تا خواب مین دیکھون رُخِ زیبائے محمدؐ

افضالِ الٰہی چمنِ مصطفوی ہے — ہے رحمتِ حق گوشۂ صحرائے محمدؐ

ہے قدسیون مین شورِ بہارِ گلِ رخسار — جبرئیل ہے اک بلبلِ شیدائے محمدؐ

در بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

دیدار بلا کر شب معراج مین دیکھا | اس درجہ تھی خالق کو تمنائے محمد
مضمون لطافت کے سراپا سے عیان ہین | ہے مصرعہ موزون قد بالائے محمد
سولی پہ چڑھونگا مگر الفت نہ چھٹیگی | دل لیگئی ہے زلف چلیپائے محمد
تعظیم سے قرآن مین خود حق نے صفت کی | کیا جانے بشر رتبۂ والائے محمد

کچھ روز قیامت کا مجھے غم نہین ابرار
ہے نقش میرے دل پہ تولائے محمد

والشمس کی تفسیر ہے وہ روئے محمد | واللیل کی آیات ہین گیسوئے محمد
ہم رتبۂ رضوان ہے ہر اک زائر روضہ | ہے غیرت فردوس برین کوئے محمد
مداح کو کیا تشنگی حشر کا غم ہو | تسنیم ہے فردوس مین اک جوئے محمد
مدت سے ہے جان شیفتۂ روئے منور | ہے طائر دل قیدی گیسوئے محمد
معراج مین قوسین کا انداز اوڑایا | بیوجہہ نہین ہے خم ابروئے محمد
لے شوق مدینہ کی طرف ہند سے لیچل | اب کھینچ تو لے جذبۂ دل سوئے محمد
صحرا لے ختن حشر کا میدان بنے گا | کھلجائینگے اکبار جو گیسوئے محمد
طوبی نہین شمشاد نہین سرو نہین ہے | ہے نخل تمنا قد دلجوئے محمد
گل سونگھ کے کیون صل علی منہ سے نہ نکلے | ہر گل مین سمائی ہوئی ہے بوئے محمد

بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف۔ مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

کیون شاد ہون دیکھ کے نظارۂ حضرت — ہے عید کا چاند ابروئے دلجوئے محمدؐ

تسخیر دو عالم کو کیا سرور دین نے
ابرار وہ ہے قوت بازوئے محمدؐ

ہون محو رخ بیمثال محمدؐ — الٰہی دکھادے جمال محمدؐ
قلم صورت بید تھرا رہا ہے — لکھون کیا مین جاہ و جلال محمدؐ
ہوا ہے نہ ہوگا زمانہ مین پیدا — ازل سے ابد تک مثال محمدؐ
نصیب اپنا جاگے گا کس روز یارب — نظر آئے گا کب جمال محمدؐ
کہا خواب مین مجھ سے یوسف نے آکر — مین ہون عکس مہر جمال محمدؐ
دعا ہے بقول جمیل اپنی ہر دم — من و دست و دامان آل محمدؐ
کرین کیون نہ فرمان پری جن و انسان — فرشتون نے کی امتثال محمدؐ
نثار محمدؐ دل و جان میرا — ہون شیدائی اصحاب و آل محمدؐ
تونگر کیا دولت دین سے سبکو — لکھون کیا مین جود و نوال محمدؐ
ملک اوترین اوج فلک سے زمین پر — سنین وہ جہان قیل و قال محمدؐ

تقاضائے الفت ہے ابرار مجھ سے
کہ ہو دل مین ہر دم خیال محمدؐ

در بحر متقارب مثمن سالم - فعولن فعولن فعولن فعولن -

در بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف۔ مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

ہے شانِ خدا مصحفِ رُخسارِ محمد
اللہ دکھائے مجھے دیدارِ محمد

عُقبیٰ میں وہی دیکھینگے حضرت کا رُخِ پاک
دُنیا میں جو ہیں طالبِ دیدارِ محمد

یوسف پہ فقط ایک زلیخا ہی تھی عاشق
سو جان سے عالم ہے خریدارِ محمد

جنت سے اگر حور بھی آئے تو نہ دیکھوں
دیکھوں میں اگر جلوۂ رُخسارِ محمد

سرکوہ سے ٹکرا کے ہوا آپ پہ قربان
دیکھی جو کہیں کبک نے رفتارِ محمد

موسیٰ کی طرح کیوں نہ مجھے دیکھ کے غش آئے
ہے جلوۂ حق روئے پُر انوارِ محمد

وہ عزو شرف آپ کو بخشا ہے خدا نے
جبریل بنا حاجبِ دربارِ محمد

انسان کو اوصافِ نبی چاہیے لکھنا
ہے بعدِ خدا وصف سزاوارِ محمد

جب سے نظر آتی ہے مجھے چشمِ پیمبر
نرگس کی طرح میں بھی ہوں بیمارِ محمد

اس کوچہ میں آئے جو گدا بھی تو ہو سلطان
ہے ظلِ ہما سایۂ دیوارِ محمد

کیوں ہوتی نہ اسرار مجھے آپ کی اُلفت
دِل روزِ ازل سے ہے طلبگارِ محمد

ردیف الذال

در بحر مجتث مثمن مخبون محذوف۔ مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن

جناب سیدِ ابرار کا ہے نام لذیذ
طفیل نام کے میرا ہوا کلام لذیذ

نہ [illegible] نعت میں توصیف ہو ملاحت کی
کہ بے نمک کبھی ہوتا نہیں طعام لذیذ

نہین ہے اس لئے محشر کی تشنگی کا خطر
مجھے بھی بخشینگے کوثر کا آب جام لذیذ

صبا تو ہی مجھے لادے خبر مدینہ کی
سُنا ہے مین نے کہ ہے دوست کا پیام لذیذ

مزہ ہے وصف رسولِ کریم لکھنے مین
سوائے نعت کے کوئی نہین ہی کام لذیذ

لکھی وہ نعت جو پختہ ہو عشق حضرت مین
جہان مین کوئی بھی میوہ نہین ہی خام لذیذ

نبیؐ کی زُلف کی تعریف اوسی طرح ہی پسند
کہ ہو غریب کو جیسے طعام شام لذیذ

ہزار بار کہا تو وہی مزہ پایا
محمدؐ عربی کا ہے ایسا نام لذیذ

لکھونگا مین لبِ حضرت کے وصف مین اشعار
تو خاص و عام کو ہوگا میرا کلام لذیذ

ہمیشہ کھاتے ہین ہم غم فراق حضرت کا
غذا یہہ حق نے ہمین دی ہی صبح و شام لذیذ

لکھا ہے آپ کے سیبِ ذقن کا جب سے وصف
تو ہمنے سمجھا ہے ابرار کا کلام لذیذ

جو لون مین لکھنے کو وصفِ شہِ اُمم کاغذ
تو تختہ نور کا بنجائے یک قلم کاغذ

لکھی ہے عارضِ گلفام مصطفےٰ کی صفت
عجب نہین جو بنے گلشنِ ارم کاغذ

جو یاد آئی دمِ نعت چشم حضرت کی
تو ہو گیا میری اشکون سے آج نم کاغذ

صفاتِ احمدِ مرسل رقم کرون کیونکر
کہ دلین شوق زیادہ ہے اور کم کاغذ

بیاض دیدۂ حورِ جنان پرِ جبریل
یہہ دونون نعت کی لکھنے کو ہین قلم کاغذ

بنائین آنکھ کا پردہ اوسے تمام ملک
نبیؐ کی وصف مین جو ہم کرین رقم کاغذ

جو وصف آہوئے چشم نبیؐ مین لکھتا ہون
تو میرے ہاتھ سے کرتا ہے آج رم کاغذ

خدا نے نام محمدؐ مین دی وہ شیرینی
لبون کی طرح قلم سے ہوا بہم کاغذ

گمان طوف کا ہے گردشِ قلم پہ ہمین
بنا ہے نعت سے اِک گوشۂ حرم کاغذ

لکھی جو مدحتِ محراب ابروئے حضرت
تو سجدہ کرنے کو مثل قلم ہے خم کاغذ

رُکے قلم نہ کبھی نعت پاک مین ابرار
چھُٹے نہ ہاتھ سے جبتک ہے دم مین دم کاغذ

ردیف الراء

فدا کیون ایک عالم ہو نہ اے سلطان دین تمپر
کہ عاشق ہوگیا خود آپ ربّ العالمین تمپر

خدا نے کیا جمالِ پاک بخشا تمکو یا حضرت
کہ سو جان سے تصدق ہین بتانِ مہ جبین تمپر

فدا جن و بشر تمپر ہوئے حور و ملک شیدا
نہین کچھ جان اپنی دیتے ہین تنہا ہمین تمپر

تجلی طور کی معراج مین موسیٰ کو یاد آئی
ہوئے سو جان سے شیدا عیسیٰ گردون نشین تمپر

اگر میری طرف بھی اک نگاہِ لطف سے دیکھو
لٹا دون شاد ہو کر دولتِ دنیا و دین تمپر

فلک پر مہر و مہ شیدا زمین پر خوبرو قربان
بھلا وہ کون ایسا ہے کہ جو عاشق نہین تمپر

وہ حُسنِ دلربا ایسا کہ یوسف بھی فدا جسپر
ادا ایسی کہ مرتے ہین زمانے کے حسین تمپر

بہت حوران باغِ خلد مشتاقِ زیارت تھین
شبِ معراج مین دیکھا تو عاشق ہوگئین تم پر

نہ کوئی کام آئے گا کسی کے روزِ محشر مین
بھروسا ہی ہمیرا یار رحمۃ اللعالمین تم پر

مجھے بھی ساتھ لینا یا نبیؐ گرمائے محشر مین
کرے جب سایہ بنکر سائبان عرشِ برین تم پر

تقاضا ہے مقدر سی کہ پہونچا دے مدینہ تک
کرے ابرار قربان اپنی یہہ جانِ حزین تم پر

در بحر رمل مثمن محذوف فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

روئے حضرت کا خیال آیا گلستان دیکھکر
یاد آئی زلفِ سنبل کو پریشان دیکھکر

چشم خیرہ ہے فروغِ روئے تابان دیکھکر
دل ہے سودائی نبیؐ کی زلفِ پیچان دیکھکر

کشتئ گردون گردان راتدن چکر مین ہے
جوش زن مداح کی اشکونکا طوفان دیکھکر

رحل کا کل کا سمجھتا ہون نبیؐ کے دوش پر
مصحفِ رخسار یاد آیا ہے قرآن دیکھکر

سبزۂ خطِ نبیؐ کی جس نے دیکھی ہی بہار
خاک اوس کے دل کو راحت ہوگی ریحان دیکھکر

مہر وسہ نورِ کفِ پائے نبیؐ پر ہین نثار
نقشِ پا یاد آگیا ماہِ درخشان دیکھکر

عارضِ حضرت مین جب نورِ خدا آیا نظر
کفر نے کلمہ پڑھا وہ روئی تابان دیکھکر

آپکے در کے گدا کا ہے یہہ ادنیٰ مرتبہ
سرو قد تعظیم کو اوٹھے سلیمان دیکھکر

تاب کیا نظارۂ حضرت کی کوئی لا سکے
آئینہ حیرت مین ہے وہ روئی تابان دیکھکر

اِسقدر ہون محوِ گلگشتِ مدینہ روز و شب
دل مین اِک وحشت ہو پیدا باغِ رضوان دیکھکر

داستانِ ہجرِ پیغمبر کہون ابرار کیا
روتے میرا حال سب گبر و مسلمان دیکھکر

مین کہان جاؤن درِ سلطانِ ذیشان چھوڑکر
چین کب بلبل کو آئیگا گلستان چھوڑکر

ہند مین آؤنگا مین جاکر نہ یثرب کی طرف
کون دوزخ مین رہیگا باغِ رضوان چھوڑکر

کعبہ مین آئین شبِ میلاد حورانِ جنان
گلشنِ فردوس کے سب قصر و ایوان چھوڑکر

کوچۂ حضرت سے کیون مجکو اوٹھاتا ہی نصیب
یہہ گدا جائے کہان دامانِ سلطان چھوڑکر

فی سبیل اللہ ہے جب سے لقائے احمدی
تشنۂ دیدار ہین خضر آبِ حیوان چھوڑکر

اُلفتِ سُلطانِ دین مین کیا ہو دنیا کی ہوس
رنج دل کیون مول لین ہم راحتِ جان چھوڑکر

وصفِ لب لئے پیمبر کا اگر سن لے کہین
بھاگ جائے لعل ابھی کانِ بدخشان چھوڑکر

دو جہان مین پھر کہان اوس کا ٹھکانا ہے بھلا
جائے جو درِ آپکا اے شاہِ ذیشان چھوڑکر

آرزو ہے جائے روضہ پر رسول اللہ کے
نکلے جب دم قالبِ خاکی کو یہہ جان چھوڑکر

مین جو کہدون کچھ بھی وصفِ جذبۂ چشمِ نبی
شہر مین آکر بسین آہو بیابان چھوڑکر

خلد مین بھی حشر کو ابرار جائینگے نہ ہم
آستانِ حضرتِ محبوبِ یزدان چھوڑکر

نعت آپکی مین لکھ نہ سکا یاشہِ ابرار
کچھ حق نہ ہوا مجھ سے ادا یاشہِ ابرار

جز آپ کے دیکھا نہ رسولون مین کسی پر — لطف و کرمِ خاص خدا یا شہِ ابرار
مدفن سے میرے صلّ علیٰ روح محمد — پیہم ہی آتے گی صدا یا شہِ ابرار
کیا اور لکھون مین صفتِ کوئی مبارک — ہے جائزہ تسلیم و رضا یا شہِ ابرار
وہ روضہ اقدس مجھے اللہ دکھا دے — پھیلاتے ہون مین دستِ دعا یا شہِ ابرار
محشر مین کہ ہوگا نہ کسی کا کوئی یاور — حامی ہے میرا کون بھلا یا شہِ ابرار
مضمون کوئی آپ کے لائق نہین ملتا — تحریر کرون کیا مین ثنا یا شہِ ابرار
آئینہ صفت نطق ہوئی محو تحیر — قاصر ہے مری فکر رسا یا شہِ ابرار
اکبار تو جلوہ مجھے للہ دکھا دو — مدت سے ہون مشتاق لقا یا شہِ ابرار
خاقان و سلیمان و جم و قیصر و فغفور — سب ہین درِ والا کے گدا یا شہِ ابرار

للہ اسے ہند سے یثرب مین بلا لو
ابرار ہے سو جان سے فدا یا شہِ ابرار

ہوئی ہے چشم مائل اوس حبیبِ حق کی صورت پر — لڑی ہے آنکھ اپنی نقش کلکِ صنعِ قدرت پر
کہا ہو صانعِ قدرت نے خود صلِّ علیٰ جس دم — تو ہر جن و بشر شیدا نہو کیون ایسی صورت پر
جنان مین بھی گلِ دیدار حضرت کا مین طالب ہون — مین کب مائل ہون اے رضوان ترے گلہائے جنت پر
بھروسا ہو گیا ہے عاصیونکو اپنی بخشش کا — کمر باندھی ہے اپنی جب سے حضرت نے شفاعت پر

در بحر ہزج مثمن سالم — مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

طیبہ

مصمم کیوں نہیں کرتا ہے اے دل عزم یثرب کا ۔۔۔ شب و روز اب ہے تمنا کرتی ہے تدبیر اپنی غفلت پر

بہارِ عالمِ امکان سے کیا مجکو تعلق ہے ۔۔۔ دل و جان اپنا شیدا ہے گلِ باغِ رسالت پر

پسِ مردن نتیجہ نعت لکھنے کا ملا مجھکو ۔۔۔ فرشتے لائے رحمت حق کی بعدِ مرگ تربت پر

وجودِ سرورِ کونین ہے اس دارِ فانی مین ۔۔۔ دلیلِ باہر و ظاہر ظہورِ حق کی حجت پر

نہ آیا چین سدرہ پر بغیرِ جلوۂ حضرت ۔۔۔ ہوا پروانہ جبریلِ امین شمعِ رسالت پر

ولادت سے نہ بھولے ایکدم بھی وقتِ رحلت تک ۔۔۔ پیمبر کوئی بھی عاشق ہے ایسا اپنی امت پر

مدارِ کار اے ابرار سب دُنیا و دین کا ہے
جنابِ سیدِ ابرارِ عالم کی محبت پر

ازل سے دل ہمارا شیفتہ ہے روئے احمد پر ۔۔۔ رہینگے تا ابد ثابت قدم عشقِ محمدؐ پر

ظہورِ نورِ حضرت گر نہوتا دارِ امکان مین ۔۔۔ تو ہوتا کس طرح اطلاق مطلق کا مقید پر

در و دیوار سے جلوہ تجلی کا نمایاں ہے ۔۔۔ فدا ہین مہر و مہ پروانہ بنکر شمعِ مرقد پر

براقِ خلد کی عزت شبِ معراج کیا کہئے ۔۔۔ غبارِ پائے مرکب اوڑکے پہونچا فرقِ فرقد پر

نہ تھا جو سایہ حضرت تو یہ نکتہ بس اوسمین تھا ۔۔۔ قبا یکتائی کی ٹھیک آئی ہے اونکی سہی قد پر

زمینِ محفلِ سلطانِ عالم رشکِ گردون ہے ۔۔۔ ہین رکھی مہر و مہ کی سیر فرشِ اطرافِ مسند پر

تواضع سے اوسی عرشِ بریں نے عبدہٗ لکھا ۔۔۔ قدم رکھا جب اپنا سرورِ عالم نے مسند پر

زیارت کے لیئے آتے تھے لیکر اذن خالق سے | جُدائی آپ کی تھی شاق پیک ملک سرمد پر

اوسے بوسہ دیا آنکھوں سے ہم اسکو لگاتے ہین | شرف رکھتا ہے سنگِ آستانِ پاک اسود پر

گُنہ بخشی گئی آدم کے حضرت کی شفاعت سے | وہ رتبہ ہے کہ سبقت لیگئے ہین جدّ امجد پر

مدینہ مین بلالو ہند مین بیچین ہون حضرت
نظر فرمایئے ابرار کے اب شوق بیحد پر

ردیف الزاء

مجکو جمالِ پاک دکھایا نہین ہنوز | دریائے بخت جوش پر آیا نہین ہنوز

روزِ ازل سے ہمسر سلطان کائنات | خلاق دو جہان نے بنایا نہین ہنوز

وہ ضبط جوش عشق نبیؐ ہے کہ آجتک | نالہ نے اپنا سر بھی اوٹھایا نہین ہنوز

شغل درود بعد فنا بھی ہے قبر مین | نامِ جناب پاک بھولایا نہین ہنوز

یہہ وجہ ہے جو مجکو زیارت نہین ہوئی | حضرت کی مین نظر مین سمایا نہین ہنوز

اے میری سوز آتشِ شوقِ محمدی | اُمید کا چراغ جلایا نہین ہنوز

اے جذبۂ تصوّر گیسوے مصطفٰے | دامِ الم سے مجھکو چھُڑایا نہین ہنوز

وحشت رہی نہ عشق پیمبر مین آجتک | دامن کو پُرزے پُرزے اوڑایا نہین ہنوز

پہونچایا آجتک نہ مدینے مین بخت نے | طالع تھا خفتہ اس کو جگایا نہین ہنوز

در بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف مقصور، مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

لکھتا ہون نعت اور بہرحال شکر ہے | ابتک گلہ نصیب کا آیا نہین ہنوز

ابرار کا ہے حال پریشان ہند مین
مداح کو یہان سے بلایا نہین ہنوز

در بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

وحشت مین مجھے ولولہ کیا کیا ہی شب و روز | زلف شہ ابرار کا سودا ہے شب و روز
حاجت نہین دنیا مین کسی چیز کی مجھکو | نظارہ حضرت کی تمنا ہے شب و روز
ہنگامہ جہان گرم ہے ارباب یقین کا | عشق شہ لولاک کا چرچا ہے شب و روز
فکر صفت سایۂ ذات نبویؐ مین | تشویش گرفتاری عنقا ہے شب و روز
گفتار نبیؐ مین اثر آب بقا ہے | رفتار مین اعجاز مسیحا ہے شب و روز
اب دیکھئے کب تک وہ دکھائینگے رخ پاک | مشتاق بہت دیدۂ بینا ہین شب و روز
جب سے گل رخسار پیمبر کا سنا وصف | ہر سو نگران نرگس شہلا ہے شب و روز
مداح کو گردش سے تیرے خوف نہین ہے | اے چرخ تو کیون مائل ایذا ہی شب و روز
ہے قامت دلجوئے پیمبر کا تصور | مد نظر اب جلوۂ طوبیٰ ہے شب و روز
ہے جلوہ گر اب چشم مین اک شمع محبت | عشق نبوی انجمن آرا ہے شب و روز

روضہ شہ ابرار کا تم دیکھ لو ابرار
آنکھونکا ہی مجھہ سے تقاضا ہے شب و روز

مین جو لکھتا ہون صفاتِ شہِ ذیشان ہر روز
رحمتِ حق مرے گھر رہتی ہے مہمان ہر روز

وصفِ حضرت مین بشر کیون نہ بدل ہون مصروف
قدسیونین بھی ہین جبریلؑ ثنا خوان ہر روز

گلِ رخسارِ نبیؐ کا ہے تصور ہر دم
ہم کیا کرتے ہین گلگشتِ گلستان ہر روز

کیا حلاوت بخدا اسمِ مبارک مین ہے
رکھتے ہین ورد زبان اپنا مسلمان ہر روز

یا رسولِ مدنی کیون نہ ملے اوسکو نجات
جان و دل سے جو رہی تابعِ فرمان ہر روز

عشقِ گیسوئے پیمبرؐ نے دکھایا ہے اثر
مثلِ سنبل دلِ مضطر ہے پریشان ہر روز

مہر رخسارِ پیمبر پہ ہے شاید مفتون
کرتی ہے صبح یہہ کیون چاک گریبان ہر روز

زمین کرتی ہین ہم نعتِ نبیؐ مین سرسبز
تازگی پر ہے میرا گلشنِ ایمان ہر روز

عشقِ حضرت مین بس اب زیست کی امید نہین
قتل کرتا ہے مجھی خنجرِ مژگان ہر روز

دل ہے یادِ دہنِ مصطفوی کی منزل
خواب مین دیکھتے ہین چشمۂ حیوان ہر روز

قدر کچھہ گوہر و مرجان کی نہین اے ابرار
یاد آتے ہین نبیؐ کے لب و دندان ہر روز

ردیف السین

یاد حضرت مین ہی گریان دلِ نالان افسوس
پستی بخت سے ہون سخت پشیمان افسوس

جب سے دیکھی وہ صفائی رخِ روشن میّنے
مثل آئینے کے رہتا ہونمین حیران افسوس

در بحر رمل مثمن مخبون مقطوع - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

کیا نہ ہوگا ہمین دیدار پیمبرؐ کا نصیب — کس لئے دیکھتے ہین خواب پریشان افسوس

کیون تصور نہ بندھا دلین گلِ عارض کا — نہوا کیون مرا شاداب گلستان افسوس

نہوا شربتِ دیدار نبیؐ کا حاصل — نہ گئی کچھ بھی یہ بیماریِ ہجران افسوس

اے طبیبِ قلبی مجھپہ بھی ہو لطف و کرم — درد دل کا کہین ملتا نہین درمان افسوس

ہند مین چین نہین ہے کسی صورت مجھکو — شوق یثربؐ مین مجھے گھر بھی ہے زندان افسوس

شغل کیون نعتِ مقدس کا نہین رکھتے ہین — وقت کھوتے ہین عبث اپنا سخندان افسوس

یہی حسرت ہے کہ کچھ لکھ نہ سکا وصفِ نبیؐ — طے ہوا مجھ سے نہ یہہ نعت کا میدان افسوس

کیون دکھایا نہ مجھے روضۂ حضرت اے چرخ — نہ بھرا کیون گلِ مقصود سے دامان افسوس

کیون بلاتے نہین ابرار کو اے عقدہ کشا

کیون نہین ہوتی ہے مشکل مری آسان افسوس

نہ شب کو چین نہ دنکو کبھی قرار افسوس — کیا ہے یادِ نبیؐ نے یہہ بے قرار افسوس

کھلا نہ غنچۂ دل ہجرِ مصطفٰے مین مرا — تمام ختم ہوا موسمِ بہار افسوس

نبیؐ کے عشق مین کیا حالِ دل سنائین ہم — تڑپ رہا ہے یہہ سینہ مین برق وار افسوس

تمام عمر بسر ہجرِ مصطفٰے مین ہوئی — نہ دیکھا جلوۂ رخسار ایک بار افسوس

وہ ناتوان ہون کہ عشقِ نبیؐ مین بعد فنا — زمین سے اوٹھ نہین سکتا مرا غبار افسوس

دعامین کچھ تو اثر اے شہِ امم ہوتا
اگر نہوتا مین ایسا گُناہ گار افسوس

خیال شوقِ زیارت ہے دلنشین ہردم
شبِ فراق ستاتی ہے بار بار افسوس

چھوڑا ہے مجھے بہت خُشہ اے حضرت
ہوا ہون شیرِ غم و رنج کا شکار افسوس

نہ اوس جناب کا مین قابلِ قبول ہوا
یہہ عمر مُفت مین ضائع ہوئی ہزار افسوس

الٰہی مجکو مدینہ تک ابتو پہونچا دے
ہوئی نہ ہے ہند کی اُلفت گلے کا ہار افسوس

جہان مین کچھ بھی نہ دیکھا سمجھ بولے ابرار
حبیبِ حق کا نہ دیکھا اگر دیار افسوس

یہ نقد جان ہوا آپ پر نثار افسوس

خیال پاک جو مین دیکھتا فدا ہوتا

ردیف الشین معجمہ

بُلبل نہین ہون مین کہ ہو گلزار کی تلاش
مُجھ کو مدینے کی ہی خس و خار کی تلاش

یون حشر مین ہے سیدِ ابرار کی تلاش
دل سوختہ کو جیسے ہو دلدار کی تلاش

دیکھو اثر شفاعتِ خیر الانام کا
بخشش کو ہے ہر ایک گنہگار کی تلاش

اُمت کو اپنے حشر مین ڈھونڈینگے یون جناب
جیسے طبیب کو کسی بیمار کی تلاش

رضوان کو ہے بہشت مین تعظیم کیلئے
مداح حضرتِ شہِ ابرار کی تلاش

بیوجہہ حشر مین نہین گھبرائے پھرتے ہین
ہے عاصیون کو احمدِ مختار کی تلاش

اس درجہ شوق عزم مدینہ کا دلین ہے
رہبر کا ہے خیال نہ رہوار کی تلاش

امداد چاہتا ہون میں ہر دم حضور سے
جسوقت ہوگی کافر و دیندار کی تلاش

کانون کو جستجوئے حدیثِ جناب ہے
اور چشم کو ہے مصحفِ رخسار کی تلاش

وصفِ دہان پاک کی ہے فکر رات دن
ہے مجھکو درجِ گوہرِ اسرار کی تلاش

کیا ہے کہ آج رحمتِ خالق کو حشر مین
سب شاعرون سے بڑھکے ہے امیرؔ کی تلاش

کب روئے نبیؐ کی ہو مجھے یاد فراموش
ہوتا ہے کہین حسنِ خداداد فراموش

فرماتے تھے حضرت یہی اصحاب سے ہر دم
اللہ کی بندے کو نہو یاد فراموش

وہ یاد پیمبر نے کیا ہے مجھے مدہوش
ہے دل سے مرے عالمِ ایجاد فراموش

بھیجون مین سلام اور درود آپ پہ ہر دم
دل سے نہ الٰہی ہون یہ اوراد فراموش

گردش نے تری مجھ کو دکھایا نہ مدینہ
اے چرخ نہ ہوگی تری بیداد فراموش

کس طرح سے مداح کو بھولینگے ملائک
کرتے ہین اسیرونکو کہین آزاد فراموش

گُل کی نہ رہی یاد رُخِ پاک کے آگے
دیکھا جو وہ قد ہو گیا شمشاد فراموش

نعتِ نبوی ہے سبب راحتِ عالم
زنہار نہو اے دلِ ناشاد فراموش

لازم ہے مسلمانون کو ذکرِ شہِ عالم
سلطان رسالت کی نہو یاد فراموش

جبریل کو کیون یاد پیمبر کی نہ رہتی
شاگرد کو ہوتا نہین اوستاد فراموش

در بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف۔ مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

وہ حالِ دلِ زار ہے یادِ نبوی مین
ابرار کو ہے عالمِ ایجاد فراموش

نبیؐ کے عشق مین مجھ کو نہ تھا ہوش
جو دیکھا روئے حضرتؐ آگیا ہوش

وہ جلوہ ہے رُخِ نورِ خدا مین
حواس اوس پر تصدق مین فدا ہوش

نظر آیا ہے کس کا روئے روشن
الٰہی میرے سر سے کیا ہوا ہوش

ملک شیدا ہون جب روئے نبیؐ پر
رہین کیونکر بھلا میرے بجا ہوش

فلک پر مہر و مہ ہوتے نکیون محو
شبِ معراج مین کسکو رہا ہوش

جو پہونچا اوس کلائی تک تصور
نہ ہاتھ آیا پھر ایسا گم گیا ہوش

دہانِ پاک حضرت کو جو دیکھا
عدم کے پردے مین جا کر چھپا ہوش

تجلی دیکھکر روئے نبیؐ کی
برنگِ طور میرا جل گیا ہوش

جو دیکھا شمعِ رخسارِ نبیؐ کو
فدا ہونے کو پروانہ بنا ہوش

یہہ کس نے خواب مین جلوہ دکھایا
اوڑا کر کون میرا لے گیا ہوش

لکھی اشعار نعتِ مصطفےٰ مین
جب اس ابرار کو آیا ذرا ہوش

ردیف الصاد مہملہ

در بحر ہزج مسدس مقصور - مفاعیلن مفاعیلن فعولن

در بحر ہزج مسدس مقصور مفاعیلن مفاعیلن فعولن

تمھین ہوئے نبیؐ نورِ خدا خاص | تمھین ہو رازدارِ کبریا خاص
تمھین ہو مہر برجِ اصطفا خاص | تمھین ہو ماہ اوجِ ارتضا خاص
توسل ہے گنہگارونکو تم سے | تمھین ہو شافعِ روزِ جزا خاص
ہمین راہ ضلالت سے بچایا | خدا کی راہ کے ہو رہنما خاص
درِ خاکِ جنابِ سرورِ دین | ہمارے دردِ سر کی ہو دوا خاص
نہ لیگا مُفت بھی وہ تاج شاہی | جو ہوگا آپکے در کا گدا خاص
عیان ہے روئی تابانِ نبیؐ مین | وہ دیکھو جلوہ نورِ خدا خاص
عبث ہے جستجوئے دولت و زر | درِ خاکِ نبیؐ ہے کیمیا خاص
جو کوئی جان نثارِ مصطفی ہے | اوسی کے حق مین ہے فضلِ خدا خاص
جہان پر نور ہے فیضِ قدم سے | وہ ہے نور الہدا بدر الدجیٰ خاص

بُلالین پاس اس اسرار کو آپ
میرے دلکا یہی ہے مدعا خاص

در بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

عشقِ نبی نے دلکو بنایا سرائے حرص | اب کس طرح بیان کرون مین ثنائی حرص
یہہ خود مرض ہے جملہ مرض کیلئے دوا | جز عشقِ مصطفیٰ کے نہین ہے دوائے حرص
جنت کو بھی نہ جاؤنگا اوٹھکر یہانسے مین | بیٹھا ہون توڑ کر درِ حضرت پہ پائی حرص

جھگڑوں سے چھوٹ جائینگے شیدائی مصطفیٰ — کردیگا چاک بخیۂ وحشت قبائے حرص

کھایا تمام عمر غمِ عشق احمدی — لیکن گئی نہ دل سے مری اشتہائے حرص

اب دلمین سیر کوشے تبانکی ہوس نہین — عشق جناب ہوگیا زنجیر پائے حرص

پھرتا ہون کو بکو مین مدینہ کی شوق مین — گردش دکھارہی ہے مجھو آسیائے حرص

کرتے نہین ہو کیون ہوس دید مصطفیٰ — کیون ہوگئے ہو دوستو تم آشنائے حرص

پائے اگر یہہ خاک درِ نور کیمیا — پھینکیگا کیمیا کی دل سے مٹا کے حرص

ہر دم یہی ہوس ہے کہ یثرب کو جائیے — شوقِ مدینہ مین ہے یہہ دل مبتلائے حرص

ابرار نعت کی ہے ہوس اسقدر مجھے
ہے آرزو کہ دل سے مرے یہ نجائے حرص

کیا کہو مین جو پیمبر سے ہے اپنا اخلاص — رکھے کیا دوسرے سے یہ دلِ شیدا اخلاص

خواب مین شکل دکھاتی ہے مجھے حضرت نے — اپنے بیمارون سے رکھتا ہے مسیحا اخلاص

وقت رحلت کے جو غم تھا وہ ہمارا غم تھا — اپنی امت سے پیمبر کو ہے ایسا اخلاص

روح کی طرح رگِ دل مین بھری ہے اُلفت — عشق حضرت نے بنایا ہے سراپا اخلاص

بخت نے مجکو مدینہ نہ دکھایا ابتک — حیف کچھ بھی تو نہ کام آیا ہمارا اخلاص

آپ سے اُلفتِ صادق ہے مناسب سبکو — دلِ مومن مین ہے لازم کہ ہو سچا اخلاص

در بحر رمل مثمن مخبون محذوف - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

طیبہ

جب تک الفت نہ پیمبر سے ہو کامل کیا ہو — کام آیا ہے کسی کے کہیں جھوٹا اخلاص

یوں پیمبر سے بھی الفت ہی روا امت کو — جس طرح رکھتی تھی یوسف سے زلیخا اخلاص

قبر میں بھی ہے مجھے وردِ درود اور سلام — بعد مردن بھی تو حضرت کا نہ چھوٹا اخلاص

شغل ہے مدِّ نظر نعت رقم کرنے کا — اب مراتبہ تو صدق کو پہونچا اخلاص

نعت لکھ سید ابرار کی ابرار مدام
راتدن مجھ سے یہ رکھتا ہے تقاضا اخلاص

ردیف الضاد معجمہ

در بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف — مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

عشقِ رخِ نبی میں گلستان سے کیا غرض — شیدائے لب کو لعل بدخشان سی کیا غرض

زلفِ رسولِ پاک میں اولجھا ہی دل مرا — اب مجکو سیر سنبل و ریحان سے کیا غرض

تشنہ ہوں میں تو شربتِ دیدار پاک کا — اے خضر تیرے چشمۂ حیوان سے کیا غرض

جو بارگاہِ مصطفوی کا غلام ہے — اوس کو خیال ملک سلیمان سے کیا غرض

ہم ہیں اسیر سلسلۂ کاکلِ نبی — ہمکو کسی کی زلفِ پریشان سے کیا غرض

یادِ دنتہ زمان میں سراپا فغان ہوں میں — ہر بال تن کا نے ہے نیستان سے کیا غرض

کھاتے ہیں ہم مدینہ کے خرمائے تر مدام — جنت کی ہمکو نعمتِ الوان سے کیا غرض

نورِ خدا کا جلوہ ہماری نظر میں ہے — ہمکو خیال روئے حسینان سی کیا غرض

ہر دم زبان پہ قصۂ عشقِ رسول ہے
اب داستانِ یوسفِ کنعان سے کیا غرض

شیدائی ہون مین اوس رُخ خورشید رشک کا
اے آسمان ترے مہ تابان سے کیا غرض

ابرار روئے نور خدا کے خیال مین
گریان ہین رات دن گل خندان سے کیا غرض

در بحر مجتث مثمن مخبون مقصور، مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن

رسولِ پاک کی اُلفت کا دل مین آئے مرض
الٰہی دل سے مرے آکے پھر نجائے مرض

نبیؐ کی درد محبّت کو دی جگہہ دل مین
بھری ہے سر مین مرے اسقدر ہوائے مرض

سدا علیل رہی یاد چشم حضرت مین
ہماری چشم پہ ٹھیک آئی ہے قبائے مرض

نبیؐ کی یاد نے بیہوش کر دیا ہمکو
بیان کیجئے کس طرح ماجرائے مرض

دیا ہے عشق پیمبرؐ مین عافیت نے جواب
نظر نہین مجھے آتا ہے اب سوائے مرض

دکھا دو مجھکو بھی للّٰہ خواب مین جلوہ
تمھارا شربت دیدار ہو دوائے مرض

نبیؐ کی درد محبت مین آب و دانہ چھُٹا
سوائے خون جگر کے نہین غذائے مرض

ازل سے طالبِ درد ولائی حضرت ہون
مجھے بنایا ہے اللہ نے برائے مرض

ہے درد عشق پیارا حبیب خالق کا
خدا سے اس لئے کرتا ہون التجائے مرض

جو امتی مجھے کہدو تو ہو ابھی آرام
تمھاری جنبشِ لب ہو مجھے شفائے مرض

دعا ہے اپنی کہ عشقِ جناب والا مین
رہے مدام یہہ ابرار مبتلائے مرض

رنگِ رُخِ نبیؐ مین ہے جوشِ بہارِ فیض
سمجھا ہے دل جلوئے کہ ہو لالہ زار فیض

کیا کیا نہ خلق مین گُلِ جود و کرم کھلی
انگشت دست پاک نبی شاخسار فیض

دریا تمام خُشک ہوئے ہین روئے زمین پر
جاری اگر نہ آپ کی ہو آبشار فیض

لُطفِ نبیؐ ہے قاضی حاجات کائنات
چشم امل کا سرمہ بنا ہے غبار فیض

سلطان کیون نہ آپ کے در کے گدا بنین
کیون ہو نہ طائرِ دلِ عالم شکار فیض

یوسُف کو چاہ حُسن رُخ باصفا کی ہے
عیسےٰ فدائے لُطف ہین موسیٰ نثار فیض

ذاتِ جناب پاک ہے اِک گلشن کرم
قد آپ کا ہے سرو لبِ جوئبار فیض

کچھ بھی بجز نبیؐ کے کسیکو شرف ملا
رکھا خُدا نے آپ پہ دار و مدار فیض

جیتے ہین آپ عرصۂ جود و نوال مین
ایسا ہوا ہے کوئی بھلا شہسوار فیض

جب سے قدم حضور کا آیا جہان مین
گُلزار کائنات مین آئی بہار فیض

چشم کرم ادھر بھی ہو للہ ایکبار
ابرار بھی ہے آپ سے امیدوار فیض

ردیف الطاء مہملہ

یون ہے خدا کو اپنے پیمبر کی احتیاط
ہو جیسے باغبان کو گُل تر کی احتیاط

وصفِ قدِ رسولؐ سے غافل ہے کس لئے
کیون باغبان کو ہے صنوبر کی احتیاط

پہونچا سکے نہ آپ کو کفّار کچھ گزند
منظور تھی خدا کو پیمبر کی احتیاط

نعتِ جناب پاک مین دُنیا کا غم نہین
کافی ہے مجکو خالقِ اکبر کی احتیاط

رکھتا ہون دلین یادِ لبِ سیّد انام
رہتی ہے تلخ کام کو شکر کی احتیاط

یادِ نبیؐ سے خانۂ دل کو بسائیے
ہر آدمی کو چاہیے ہے گھر کی احتیاط

وزرات نعت پاک کے لکھنے کا شغل ہے
ہُشیاری مال کی نہ نہین زر کی احتیاط

دندان مصطفٰے کا رُ ہے کیون نہ ہمکو عشق
جو جوہری ہین کرتے ہین گوہر کی احتیاط

باہر ہے اختیار سے عشق رسول مین
ہوسکتی اب نہین دلِ مضطر کی احتیاط

اُمّت پہ اس لئے ہے ترحم جناب کا
سردار کو ضرور ہے لشکر کی احتیاط

گوہر سخن کا حق نے دیا ہے تو نعت لکھ
ابرار تجھکو چاہیے گوہر کی احتیاط

دربحر رمل مثمن محذوف - فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

دیکھ کر یوسف کو کرتی تھی زلیخا غم غلط
نعت لکھ کر ہم کیا کرتے ہین اپنا غم غلط

ذکر سلطان دو عالم سے تھے ہردم شادمان
کرتے تھے اسکندر و جمشید و دارا غم غلط

یا رسول اللہ مجھکو بھی دکھا دو روے پاک
صفحۂ دل سے کرو میرے خدارا غم غلط

یا الٰہی دولتِ دیدار اونکی مجھکو دے
جنکا ہے نظارۂ روے مصفّا غم غلط

آ گئے ہین تنگ ہم جور و جفای چرخ سے
سینۂ پُرغم سے ہو جاتے ہمارا غم غلط

آپ کے مداح کو ہو فکرِ دُنیا سے نجات
یا رسول اللہ سب ہو میرے دلکا غم غلط

ہو رُخِ گلفام حضرت کا جو نظارہ نصیب
سیری خاطر سے ابھی ہو جائے سارا غم غلط

آپ کا دیدار ہے مفتاحِ عیشِ جاودان
ابروئے حضرت کا کرتا ہے اشارا غم غلط

آپ ہین مشکلکشائے دوجہان ای نورِ حق
اس گدا کا بھی تو اب ہو جائے شاہا غم غلط

یادِ حضرت مین اوٹھائین کیون نہ ہم طوفان اشک
سُنتے ہین کرتی ہے سیرِ موجِ دریا غم غلط

شادمان اللہ کر دیگا طفیل نعت پاک
کس لئے ابرار گھبرا تے ہو ہو گا غم غلط

ردیف الظاء

در بحر رمل مثمن محذوف - فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ہر مسلمان کو روا ہے نامِ نامی کا لحاظ
مرسلون کو جیسے تھا ذاتِ گرامی کا لحاظ

ہند سے مُجھ کو بلایا ہے رسول اللہ نے
کیون نہ ہو مولیٰ کو بندے کی غلامی کا لحاظ

مومن اوس کو کہہ نہین سکتے کسی صورت سے ہم
جسکو حضرت کی نہین معجز کلامی کا لحاظ

جامِ کوثر اپنے مداحون کو بخشینگے جناب
روزِ محشر کیا ہو مُجھ کو تشنہ کامی کا لحاظ

اس جگہ با صد ادب تجھکو گذرنا چاہیے
رکھ صبا خاکِ درِ خیر الانامی کا لحاظ

آگے رکھ سکتے نہ تھے روح الامین بھی اک قدم
کرتے تھے خیر الوریٰ کی خوش خرامی کا لحاظ

مرتے دم میری زبان پر ہو گا نامِ مصطفےٰ
کیون کرون نزع روانکی تلخ کامی کا لحاظ

تھی حفاظت آپ کو اُمت کی یون مدِ نظر
جس طرح ہوتا ہے ہر بینا کو اعمیٰ کا لحاظ

دوڑتے جاتے تھے حضرت کے جلو مین ملک سب
تھا بُراقِ مصطفےٰ کی تیز گامی کا لحاظ

نعتِ اقدس سے سخن مین کیا حلاوت آگئی
شاعرون کو ہے مری شیرین کلامی کا لحاظ

پختہ کارانِ ادب لکھ سکتے ہین نعتِ رسول
چاہیئے ابرار تجھکو طبع خامی کا لحاظ

در بحر رمل مثمن مخبون مقطوع - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

کچھ سُنا دے تو مجھے ذکرِ پیمبر واعظ
یاد حضرت مین مرا دم ہے لبون پر واعظ

لکھتے ہین نعت مقدس کو بتعظیم تمام
پرِ جبریل کا ہم خامہ بنا کر واعظ

صفتِ شانہ ہے عشقِ نبوی ہین دل چاک
صورتِ آئینۂ ذرات ہون ششدر واعظ

شافعِ حشر کا مداح مین کہلاتا ہون
کیا سُناتا ہے مجھے قصۂ محشر واعظ

وصف دندان پیمبر جو رقم کرتا ہون
نقطے بنجاتے ہین ہر شعر کے گوہر واعظ

ذکر حورونکا وہ کیا دل سے سُنے گا شیدا
جس نے دیکھا رُخِ پرنور پیمبر واعظ

قدِ حضرت ہے کہ سروِ چمنِ قدرت ہے
باغ جنت مین کہان ایسا صنوبر واعظ

گلِ فردوس کا کیا وصف سُناتا ہی مجھے
کچھ بیان کر صفتِ روئے پیمبر واعظ

ہوگیا سُنکے ثنائے رُخِ رنگین نبیؐ
مثل بوئے گُلِ تر جامہ سے باہر واعظ

حشر مین قامتِ حضرتکا پڑھونگا خُطبہ
شاخ طوبیٰ کو بناؤنگا مین منبر واعظ

نعت لکھنے سے کہان پاتا ہی فرصت ابرار
کہیئے پھر وعظ سُنے آپکا کیونکر واعظ

ردیف العین

در بحر رمل مثمن محذوف۔ فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

تھے جم و فغفور و قیصر آپ کے در پر رجوع
یہہ تو کیا شاہان عالم رکھتے ہین یکسر رجوع

کیا شبِ میلاد حضرت کی کرون شوکت بیان
آسمان سی ہوگئی سوئے زمین اختر رجوع

سائلِ فیضِ تکلم عہد طفلی مین رہا
جانبِ مہرِ رسالت تھا مہِ انور رجوع

ازپئے تحصیل تنویر آپ کے در کی طرف
صبحدم مثلِ گدا تھا خسروِ خاور رجوع

بارگاہِ حق مین حضرت سے شفاعت کیلیئے
حشر کے دن لائینگے ہر ایک پیغمبر رجوع

آستان بوسیِ حضرت سے ہی فخرِ جبرئیل
جان و دل سے اونکی خدمتمین نہو کیونکر رجوع

یون مرا دل طالبِ حُبِ رسول اللہ ہے
مُفلسون کو جسطرح ہوتی ہے سوئے زر رجوع

جوش اُلفت سے ستون کیونکر نہ گریان ہو بہلا
آپ ہرِ خُطبہ ہون جسدم سوئے منبر رجوع

صورتِ قبلہ نما شوقِ زیارت مین بنا
روضۂ اقدس کی جانب ہی دلِ مضطر رجوع

آرزوئے سجدہائے آستانِ پاک مین
راتدن رکھتا ہے دیکھو گُنبدِ اخضر رجوع

یا شہِ ابرار یہہ ابرار بھی ہمراہ ہو
تشنہ کامونکی ہو جسدم جانبِ کوثر رجوع

در بحرِ مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف۔ مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن۔

پیش خدا بنینگے حبیبِ خدا شفیع
ہونگے ہمارے شافعِ روزِ جزا شفیع

بخشا خدا نے تاجِ شفاعت جناب کو
سب عاصیون کے حشر مین ہین مصطفیٰ شفیع

تخصیص نیک و بد کی نہوگی کسیطرح
ساری خدائی کے ہین رسولِ خدا شفیع

عالم کو روزِ حشر ہے امید مغفرت
ہونگے جنابِ پاک باذنِ خدا شفیع

لیکر چلینگے جب پئے وزنِ عمل ملک
اوس دم گناہگار پکارینگے یا شفیع

قطعہ

محشر کے دن یہہ عرض کرینگے رسولِ پاک
خالق مرے جو تو نے کیا ہے مجھے شفیع

میری یہہ ہے خوشی کہ امّت کو بخش دے
ورنہ مین اور کس لئے اس دن بنا شفیع

اب کیا ہے خوف تابشِ خورشیدِ حشر کا
محبوبِ خاصِ خالقِ اکبر بنا شفیع

معذور ہون گے حشر مین آدم سے تا مسیح
شاہا نہ ہوگا کوئی تمھارے سوا شفیع

اُمّت کی یاد مدِ نظر تھی دمِ وفات
بھولیگا کس طرح سے تجھے وہ مرا شفیع

ابرار مدحِ پاک سے غفلت نچاہیئے
مداحون کے بنینگے شہِ انبیا شفیع

گل سے مجھے عزیز زیادہ ہے خارِ شرع
شاداب باغِ دہر مین ہے لالہ زارِ شرع

تعمیل حکم سرورِ عالم کی چاہیئے
ارشادِ مصطفیٰ پہ ہے دار و مدارِ شرع

کیون مومنون کا غنچۂ خاطر نہ اب کھلے
چلتی ہے باغِ دین مین نسیمِ بہارِ شرع

انوارِ معرفت ہین شریعت مین جلوہ گر — ہے اہلِ دین کے چشم کا سُرمہ غبارِ شرع

فیضِ ظہورِ سرورِ کون و مکان ہے یہہ — مجکو جو یہہ ملا گُہرِ آبدارِ شرع

ہے اہلِ دین کے واسطے مژدہ بہشت کا — جنت کی ہے نسیم ہوائے دیارِ شرع

دیکھے گا اوج دین ہمیشہ جو اِک نظر — کردیگا چرخ گوہرِ انجم نثارِ شرع

اللہ کی پناہ مین ہے دین مصطفےٰ — محفوظ ہے ہدم سے بنائے حصارِ شرع

دل ہے نثارِ عارض و زلفِ محمدی — ہے اس لئے پسند مجھے لیل و نہارِ شرع

پرہیزگار ڈھونڈتے ہین منزلِ صفا — جو پاک دل ہین ہوتے ہین وہ خواستگارِ شرع

ابرار مدح سید ابرار کر رقم — مضمون نعت کا ہے گُلِ نوبہارِ شرع

ردیف الغین معجمہ

نعت کے نقطے بنے ہین اپنے دیوانین چراغ — ہمنے یہہ روشن کئے ہین قصرِ ایمانین چراغ

تھی شبِ میلادِ حضرت ہر طرف سے یہ صدا — وہ ہوا روشن رواقِ صنعِ یزدانمین چراغ

نسبتِ دندانِ حضرت سے گُہر ہے آبدار — لعل نے لب سے جلائے ہین بدخشانمین چراغ

یاد آتا ہے فروغِ عارضِ نورِ خدا — اشکِ خونی کا ہے قطرہ چشمِ گریانمین چراغ

دل ہے سوزانِ آتشِ لبِ نبیؐ کی یاد مین — ہے طلسمِ تازہ یہہ روشن ہے اوس خانہ مین چراغ

در بحرِ منسرح مطوی مکسوف مفتعلن فاعلات مفتعلن فاعلن

عکس رخسارِ نبیؐ سے ہوگیا روشن چمن — گُل نہین یہ جلوہ گر ہے صحن بستانمین چراغ

پڑگیا ہے عکس کیا دندانِ حضرت کاکہین — قطرہ قطرہ بنگیا ہے ابر نیسانمین چراغ

یہہ بھی اک فیضِ حبیبِ کبریا کا ہے فروغ — بنگئی انگشتری دستِ سلیمان مین چراغ

خانۂ دین ہوگیا روشن رسول اللہ سے — نام پاکِ مصطفٰے کا قصرِ قرانمین چراغ

روشنی لولاک کی ہے ہر طرف آفاقمین — ذات اقدس آپکی ہے دارِ امکانمین چراغ

خانۂ تن کیون نہ اے ابرار روشن ہو مرا
اُلفتِ حضرت نبی کا شانۂ جان مین چراغ

گرد ہے پیشِ رُخِ انور گلِ تر کا فروغ — قامتِ حضرت آگے کیا صنوبر کا فروغ

جز محمدؐ کسکو خالق نے بلایا اپنے گھر — خلق مین ایسا ہوا ہے کس پیمبر کا فروغ

دارِ فانی مین نہ کیون اندھیر ہو بعدِ نبیؐ — صاحبِ خانہ سے ہوتا ہے ہر اک گھر کا فروغ

رشکِ خوشبو سے ہوا ہی مشکِ افرودسیاہ — زلفِ حضرت کے مقابل کیا ہو عنبر کا فروغ

گوہرِ دندانِ حضرت دیکھے ہین معراج مین — کیا سمائے دیدۂ گردون مین اختر کا فروغ

جس نے دیکھا آپکو صلِّ علیٰ کہنے لگا — کس زبان سے ہو بیان روئے منور کا فروغ

انبیا کس طرح جائین پیشِ حق بے مصطفٰے — سچ ہے بے سردار کے کیونکر ہو لشکر کا فروغ

خاکِ درگاہِ نبیؐ خود غیرتِ اکسیر ہے — چشمِ حضرت مین بھلا کیا دولت و زر کا فروغ

در بحر رمل مثمن محذوف - فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ہے زوالِ روحِ اُلفت مین کمال زندگی | یادِ حضرت مین ہے رونا دیدۂ ترکا فروغ

انبیاؤن مین محمدؐ کا تھا یون رتبہ بلند | جس طرح تھا بادشاہون مین سکندر کا فروغ

نعت سے اسرار روشن ہوگئی بزمِ مراد
اور کیا ہوگا ترے شمعِ مقدر کا فروغ

ردیف الفاء

بیقراری ہے کہ جاؤن کب مدینے کی طرف | جلد پہونچا دے مجھے یارب مدینے کیطرف

دیکھتا ہے روز شب سوئے مزارِ مصطفٰے | دیدۂ مہر و مہ و کوکب مدینے کیطرف

ہونگا مین جاروب کش مژگان سے اوس درگاہ کا | بخت لیجائیگا مجکو جب مدینے کیطرف

آرزو آنکھونکی ہے دیکھین درِ سلطانِ دین | دل مرا کہتا ہے چلئے اب مدینے کیطرف

صبر و آرام و قرار و ہوش و عقل و جان و دل | مجھسے پہلے چل بسے یہ سب مدینے کیطرف

اوس گلِ باغِ رسالت سے مرا کہنا سلام | اے صبا تیرا گذر ہو جب مدینے کیطرف

حشر کے دن بھی نہین جاؤنگا سوئے خلدِ برین | ہے مرا مقصود اور مطلب مدینے کیطرف

روضۂ انور کا ہے شوق زیارت اس قدر | سوتے ہین منہ کرکے ہم ہر شب مدینے کیطرف

یاالٰہی پھر نہ پھیرے منہ کبھی یہ سوئے ہند | جب روانہ ہو مرا مرکب مدینے کیطرف

وائے قسمت جاتے ہین ہر سال صدہا کاروان | دیکھئے ہو میرا جانا کب مدینے کیطرف

در بحر رمل مثمن محذوف — فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

اس دلِ گم گشتہ کی ابرار کیوں ہو جستجو
وہ روانہ ہو چکا اغلب مدینے کی طرف

در بحر رمل مثمن مخبون مقطوع - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن -

ہو رقم احمدؐ مختار کی کیونکر تعریف — سب ہے مرے حیطۂ تحریر سے باہر تعریف
دیکھ کر رفعتِ جاہِ شہِ لولاک لما — کرتے تھے قیصر و فغفور و سکندر تعریف
خلد میں جانے سے روکیگا جو رضوان مجکو — راضی کر لونگا میں حضرت کی سُنا کر تعریف
دیکھکر قامتِ سروِ چمنِ قدرت حق — باغ فردوس میں کرتا ہے صنوبر تعریف
کچھ زمین پر نہیں انسان ہی مداح نبیؐ — ہر ملک کرتا ہے حضرت کی فلک پر تعریف
اوسکی توصیف میں عاجز ہی بشر کا ادراک — جسکی خود آپ کرے خالق اکبر تعریف
جب سے دیکھا شبِ معراج میں حسنِ نبوی — حوریں جنت میں کیا کرتی ہیں اکثر تعریف
وصف حضرت ہے کہیں نطق و بیاں سے باہر — نہیں ممکن جو کرے کوئی سخنور تعریف
خلد میں کرتے ہیں تعمیر مکان اپنے لئے — ہم جو لکھتے ہیں یہ حضرت کی برابر تعریف
حمد کے بعد ہے خطبہ میں صفت حضرتؐ کی — حشر تک آپکی ہوئیگی سراسر تعریف

کیوں نہ ابرار کریں وصف ملائک میرا
شہ ابرار کی ہے میری زبان پر تعریف

در بحر رمل مثمن محذوف فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

یوں نظر ہے روضۂ محبوبِ یزداں کی طرف — جیسے مائل چشم بلبل ہو گلستاں کی طرف

چھوڑ کر کیونکر مین جاؤن کوچہ حضرت کہین
پاؤن اب بڑھتا نہین ہے باغ رضوان کیطرف

ولولہ جوشِ جنون مین پھر اسیری کا ہوا
دل چلا ہے پھر نبیؐ کی زُلف پیچان کیطرف

نقش پائے مصطفےٰ کا جب خیال آیا مجھے
رات بھر تکتا رہا ماہِ درخشان کی طرف

پھر بڑھی وحشت جنابِ مصطفےٰ کے عشق مین
لیچلا ہے پھر جنون مجکو بیابان کی طرف

یاد آتے ہین جو رخسار نبیؐ گلزار مین
دیکھ کر روتا ہون مین گلہائی خندانکی طرف

مین پیا سا شربت دیدار پیغمبر کا ہون
جاؤن کیا اے خضر تیرے آبحیوانکی طرف

حق نے بخشا ہے وہ جلوہ عارض پُرنور کو
ماہ تابان کی نظر ہے رُوئے تابان کی طرف

ملگئی جسکو گدائی آپ کے درگاہ کی
وہ نجائیگا کبھی ایوانِ خاقان کی طرف

جانبِ حضرت نظر ہے اس طرح یا آلِ مری
دیکھتا ہے جسطرح درویش سلطانکی طرف

جب اوٹھونگا قبر سے ابرار روز حشر کو
دوڑتا جاؤنگا مین محبوب یزدان کی طرف

ردیف القاف فوقانیہ

مجھ کو نہین ہے جنت ماوا کا اشتیاق
دل مین بھرا ہے یثرب و بطحا کا اشتیاق

اللہ کو بھی تھا شبِ معراج کس قدر
اپنے حبیب سید والا کا اشتیاق

اکسیر کی نہین ہے مہوس ہوس مجھے
ہے مصطفےٰ کی خاک کفِ پا کا اشتیاق

ٹھوکر سے جس نے سیکڑون مُردے جلادئے
ہوکیون نہ مجھ کو ایسے مسیحا کا اشتیاق

ہے دلمین میرے عشق حبیبِ خدا کا داغ
پھر کیا ہو سیرِ لالۂ صحرا کا اشتیاق

سودا ہے سر مین اور دلِ مضطر مین پیچ و تاب
یارب ہے کسکی زُلف چلیپا کا اشتیاق

مدِ نظر ہے چشمِ رسولِ خدا کی دید
آنکھون کو کیا ہو نرگس شہلا کا اشتیاق

دیکھین اگر کہین قدِ بالائے مصطفٰے
حورونکو خلد مین نہو طوبےٰ کا اشتیاق

یون منتظر ہون جلوۂ روئے رسولؐ کا
بُلبل کو جیسے ہو گُلِ رعنا کا اشتیاق

اللہ جلد بندۂ ناچیز کو دکھائے
دلمین بھرا ہے مرقدِ مولا کا اشتیاق

امیر ارنعت سید والا کی کر رقم
تُجھ کو اگر ہے عالمِ بالا کا اشتیاق

دلمین اپنے ہے حبیبِ خالقِ اکبر کا عشق
خاتمِ جان کا نگین ہے مصطفٰی کے در کا عشق

رات بھر رہتا ہے مصروفِ زیارت خواب مین
اس قدر دل مین بھرا ہے روضۂ انور کا عشق

آپکے لبہائے شیرین کا سُنا ہو جب سے وصف
ترک رضوان نے کیا ہی چشمۂ کوثر کا عشق

چین دم بھر تھا نہ جبریلِ امین کو چرخ پر
تھا ملک کو اس قدر کونین کے سرور کا عشق

نورِ دندانِ نبیؐ کا وصف شاید سُن لیا
اب صدف کو بھی تہِ دریا نہین گوہر کا عشق

اُلفتِ نورِ خدا تکمیل ہے ایمان کی
وسمۂ ابروئے دینِ حق ہی پیغمبر کا عشق

قبر کی ظلمت میری عین تجلی بنگئی
ہوگیا رشک ید بیضا رُخِ انور کا عشق

شادمان ہو کر کیا ہے جان و مال اپنا نثار
جز صحابہ کون کر سکتا ہے پیغمبر کا عشق

مولدِ حضرت ہے بیت اللہ جلکر دیکھیے
خانۂ دل میں سمایا ہے خدا کے گھر کا عشق

لیلۃ
رات بھر اسکی نظر رہتی ہے یثرب کیطرف
ماہِ تابان کو ہے نقشِ پائے پیغمبر کا عشق

خوف روزِ حشر اے ابرار اُسکو مطلق نہیں
جس کے دل میں ہو جنابِ شافعِ محشر کا عشق

ردیف الکاف

در بحر رمل مسدس محذوف - فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

اے حبیبِ کبریا روحی فداک
اے شہِ ہر دو سرا روحی فداک

مقتدائے انبیا روحی فداک
پیشوائے اصفیا روحی فداک

آپ کا ہے آستانِ عالیہ
مرجعِ شاہ و گدا روحی فداک

دیکھ کر صورت خدا نے آپ کی
خود کہا صلّ علےٰ روحی فداک

درد و غم سے جان بلب ہوں یا رسولؐ
کیجئے میری دوا روحی فداک

آپ کی ہے ذاتِ اقدس یا رسولؐ
سلطانِ ہدا روحی فداک

مجھ کو رویا میں دکھا دو یا نبیؐ
وہ رخِ بدر الدجیٰ روحی فداک

ہوں درِ والا کا میں جاروب کش
ہے یہ میرا مدعا روحی فداک

روضہ اقدس پہ آکر یہہ کہون
مصطفےٰ یا مجتبےٰ روحی فداک

خانۂ حق کا دکھا دو راستہ
دو جہان کے رہنما روحی فداک

بخشوانا حق سے اس ابرار کو
شافعِ روزِ جزا روحی فداک

روئے انور دیکھ کر جن وبشر حور و ملک
ہوگئے ہین بیخبر جن وبشر حور و ملک

روضہ والاے حضرت پر درود بیحساب
پڑھتے ہین شام وسحر جن وبشر حور و ملک

یا الٰہی ہمکو حضرت کا دکھادے روی پاک
کہتے ہین باچشم تر جن وبشر حور و ملک

غیر ممکن ہے کہ ہو اک حرف دفتر سے رقم
وصف سب لکھین اگر جن وبشر حور و ملک

اِک نظر دیکھین تو سو جانسے تصدق ہون ابھی
وہ رُخِ رشکِ قمر جن وبشر حور و ملک

تکتے ہین آستان بوسی کی حسرت مین یہ سب
آپ کے روضہ کا در جن وبشر حور و ملک

دیکھ کر رُخسار حضرت کا جمالِ جانفزا
شیفتہ ہین کسقدر جن وبشر حور و ملک

حامیِ دارین حضرت کو کیا اللہ نے
کیون نہون سب بہرہ ور جن وبشر حور و ملک

آستانِ پاک پر جاروب کش باصد ادب
رہتے ہین آٹھون پہر جن وبشر حور و ملک

آپکے در پر ہمیشہ کا بھی گذر ممکن نہین
مجتمع ہین اس قدر جن وبشر حور و ملک

روضہ [illegible]
[illegible] جن وبشر حور و ملک

در بحر رمل مثمن محذوف - فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ردیف لام

در بحر ہزج مثمن سالم - مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

فروغِ نورِ خالق ہے لقائے احمدِ مرسل
رضائے حقتعالے ہے رضائے احمدِ مرسل

کیا جسدم ظہور اپنے حبیبِ خاص کا حق نے
دو عالم ہوگیا محو لقائے احمدِ مرسل

تصور آپکا کیون چشم عالم مین نہو ہر دم
بنی یہہ مردمک ہے نقش پائے احمدِ مرسل

خدا خود آپ کا مداح ہے طٰہٰ و یٰسین مین
بشر سے غیر ممکن ہے ثنائے احمدِ مرسل

دلِ مومن مین کیونکر ہو نہ داغِ اُلفتِ حضرت
سویدا بنگیا نقشِ ولائے احمدِ مرسل

اوسے کیا مغفرت کا خوف ہو روز قیامت مین
ہوا ہے جان و دلسے جو فدائے احمدِ مرسل

ہوس ابرار کے دلمین نہو اکسیر اعظم کی
اگر ہو دستیاب اب خاکپائے احمدِ مرسل

در بحر رمل مثمن مخبون محذوف - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

لوحِ دلپر ہے رقم سید ابرار کی شکل
جلوہ گر آنکھونمین ہے احمدِ مختار کی شکل

اِک نظر دیکھہ لیا جب سے جمالِ حضرت
دلکو بھاتی نہین پھر کسی دلدار کی شکل

مرضِ ہجر ہو زائل ابھی صحت ہو جائے
وہ مسیحا جو کہین دیکھہ لے بیمار کی شکل

ہوسِ سیر چمن عشق پیمبر مین نہین
لوحِ دل داغون سے ہے تختۂ گلزار کی شکل

پیشوائی کے لئے آتے ہین خوش ہو ہو کر
جب تلک دیکھتے ہین آپکے زوار کی شکل

اُمت احمد مرسل کی کرے گی تعظیم
مغفرت دیکھے گی جسوقت گنہگار کی شکل

عرصۂ حشر مین میں دور سے پہچانون گا
یا د ابرار کو ہے سید ابرار کی شکل

آستان ہے آپ کا گردون سے بالا یا رسولؐ
آپ ساحق نے کیا کوئی نہ پیدا یا رسولؐ

حق تمہین پہنائیگا تاجِ شفاعت یا رسولؐ
آسر المحشر مین ہے سب کو تہالیا یا رسولؐ

ہے سحابِ لطف سے ہمکو بہی ہر دم یہ امید
سبز ہوجائے مرا نخلِ تمنا یا رسولؐ

اختر اس ذرہ کا چمکا دو خدا کے واسطے
خواب مین مجھکو دکہا دو روئی زیبا یا رسولؐ

ہمسرِ جبریلؐ ہوجاؤن اگر دیدار ہو
اپنی آنکھون سے لگاؤن مین کفِ پا یا رسولؐ

ہند سے کس دن مدینہ کو طلب فرمائینگے
میرے دل کا مجھسے رہتا ہو تقاضا یا رسولؐ

شوقِ نظارہ ہے اس درجہ جمالِ پاک کا
مین سراپا بنگیا ہون چشمِ بینا یا رسولؐ

آپ کا مداح اب مجبور ہے لاچار ہے
آسمان ہے درپے آزار و ایذا یا رسولؐ

آپ کے ہے جلوۂ رخسار پر عالم فدا
کون ہے وہ جو نہین ہے دل سے شیدا یا رسولؐ

[illegible] بالا کا مجکو وصف کرنا ہے رقم
آپ رضوان سے منگا دو شاخ طوبیٰ یا رسولؐ

کیجے ابرار پر بہی اب نظر الطاف کی
مدح پردازو نمین اک مین بہی ہون ادنیٰ یا رسولؐ

[illegible] م کرتا ہون صفِ شاہ ذیشان آج کل
رحمتِ خالق ہے میرے گھر [illegible]

[illegible]

شوق یثرب کا نمک پاشِ دلِ مجروح ہے
سینہ مین بیچین رہتی ہے مرِ جان آج کل

عشق کس یوسف لقا کا جوش زن دل مین ہوا
ہوگیا ہے گہر مجھے مانند زندان آج کل

مجکو ہے وصفِ گلِ رخسارِ پیغمبر کا شغل
کیا کرون مین آرزوئے سیرِ بستان آج کل

اِس زمین مین بو رہا ہون مین نہالِ نعتِ پاک
کیون نہو شاداب میرا باغِ ایمان آج کل

دور ہو سب دردِ دل اپنا نہ کیون اے شاہِ دین
آپ کی چشمِ کرم ہے میری درمان آج کل

کیا سنی جان بخشیِ لبہاے حضرت کی صفت
پانی پانی رشک سے ہے آبِ حیوان آج کل

چشمِ حضرت کے تصور نے رولایا اس قدر
لوگ کہتے ہین اُٹھایا کسنے طوفان آج کل

اپنے سینہ مین بھرا ہے عشقِ رخسارِ رسولؐ
خانۂ خورشید ہے اپنا شبستان آج کل

زلفِ حضرت کا ہے میرے سر مین سودا اسقدر
حال رہتا ہے بہت اپنا پریشان آج کل

نعت مین ابرار کا سُنکر کلام دل پسند
ہین ملک سارے فلک پر آفرین خوان آج کل

در بحرِ مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف۔ مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن۔

ردیف میم

تائیدِ بخت سے جو مدینہ کو جائین ہم
پہر جیتے جی ادہر سے ادہر کو نہ آئین ہم

خورشید و ماہ چرخِ برین پر ہون منفعل
جب وصفِ جلوۂ رخِ روشن سنائین ہم

حورون کی گفتگو ہے یہ ہردم بہشت مین
چلکر مزارِ پاک پر آنکھین بچھائین ہم

گردش سے آسمان کی چہٹا دیجے حضور — جور و جفای چرخ کہانتک اٹہائین ہم

حق نعتِ پاک کا نہ ادا کچہہ بھی ہو سکا — کیونکر پہر آکر آپکو صورت دکہائین ہم

ہے آرزو یہ اپنی کہ بنجائے یہ مریض — کیا ہو کہ جام شربت دیدار پائین ہم

ہے آرزوے دل کہ پہونچکر مدینہ مین — گردن سلام کے لئے اپنی جہکائین ہم

رضوان کی خلد مین یہ تمنا ہے رات دن — چلکر دیار نور خدا کا بسائین ہم

اسرار غیب کے نظر آنے لگین ابھی — خاکِ مزار شہ کو جو سرمہ بنائین ہم

لکھنا ہے ہمکو اب کہ مصطفےٰ کا وصف — مضمون کوئی ملک عدم جاکے لائین ہم

ابرار ہم کو لکھنا ہے نعت شہِ امم
پر عقل کل کا پائین تو خامہ بنائین ہم

وصفِ چشمِ نبی سنائینگے ہم — خوب نرگس کو اب رولائینگے ہم

سو رہینگے درود پڑھ کر ہم — اپنی قسمت کو آزمائین گے ہم

نعت لکھ کر صریر خامہ سے — طالعِ خفتہ کو جگائین گے ہم

عشق ابروے سرور دین مین — شمع کی طرح سر کٹائین گے ہم

در مرقد پہ اپنے اشکون سے — آتشِ شوق کو بجھائین گے ہم

کیا مقدر مین تھا یہی حضرت — داغ پر داغ روز کھائین گے ہم

در بحر خفیف مسدس [illegible] فاعلاتن مفاعلن فعلن

عشق حضرت مین کھینچکر اک آہ ۔۔۔ مشعلِ چرخ کو بجھا ئین گے ہم

یاد آتی ہین دیدۂ حق بین ۔۔۔ چشم سے چشمہ اب بہائین گے ہم

آستانِ مزار سے اُٹھکر ۔۔۔ خلد تک بھی نہ آئین جائین گے ہم

کچھہ نہ بھیجا درود حضرت پر ۔۔۔ کیا قیامت مین مُنہ دکھائینگے ہم

جانبِ ہند دیکھیو ابرار
جا کے طیبہ کو پھر نہ آئین گے ہم

وصف حضرت کا رقم کرتے ہین ہم ۔۔۔ دعویٰ اورنگِ جم کرتے ہین ہم

وصف لکھتے ہین شہ ابرار کا ۔۔۔ علم کو لپنے علم کرتے ہین ہم

بہرِ تشبیہ عدوے شاہ دین ۔۔۔ عزم اقلیم عدم کرتے ہین ہم

نعتِ حضرت مین بسر ہوتی ہی عمر ۔۔۔ شکر حق کا دمبدم کرتے ہین ہم

چہرہ پرنور حضرت کی صفت ۔۔۔ صفحۂ دل پر رقم کرتے ہین ہم

بہر تسلیم مہ انوار حق ۔۔۔ مثلِ گردون پشت خم کرتے ہین ہم

لکھتے ہین جب وصف چشم مصطفیٰ ۔۔۔ شاخ نرگس کو قلم کرتے ہین ہم

آپکے وصفِ دہن مین ہے سکوت ۔۔۔ اس جگہہ گفتار کم کرتے ہین ہم

راہِ عشقِ سرورِ کونین مین ۔۔۔ پاؤن کو ثابت قدم کرتے ہین ہم

ہر نفس لیتے ہین ہم نام رسول — اس طرح سے حفظ دم کرتے ہین ہم

کیون نہون ابرار مقبولِ خدا
مدحت شاہِ امم کرتے ہین ہم

ردیف نون

بطلع لکہا ہے وصفِ دندان پیمبر مین — ہوا ہے غوطہ زن ہر شعر میرا آبِ گوہر مین

ون کیا مین جو ہے جلوہ در دندان سرور مین — نہ ایسی آب گوہر مین نہ ایسی تاب جوہر مین

لع اور لکہا مینے اوصافِ لبِ مین — شنا ور ہوگیا ہے میرا خامہ حوضِ کوثر مین

م جان فزا جیسی ہے گیسوئے پیمبر مین — وہ نکہت مشک اذفر مین نہ وہ خوشبو ہی عنبر مین

تھی کہ وصف سبزۂ خط نبی لکہتے — چراتے آہوی خامہ کو ہم صحراے اخضر مین

دِ پاک حضرت آیئنہ ہے ذات خالق کا — نظر آتا ہے نور کبریا رخسارِ انور مین

ن کیا ہو حلاوت ہے جو کچہہ لبہاے شیرین مین — نہ مصری مین نہ شکر مین نہ ہے قند مکرر مین

ہ یادِ جناب سیدِ عالم عبادت سے ہے — ہزارون بار نام پاک لیتا ہون مین دن بہر مین

ہے او نپہر عاشق یا وہ خود عاشق خدا پر ہین — یہان تو عقل کل کی بہی پڑی ہے عقل چکر مین

ون کیا تیزے رفتار رہوار شہ عالم — نہ وہ سرعت صبا مین ہے نہ وہ تیزی ہے صرصر مین

نا یا نبی ابرار عالم کو عذابون سے — بجز ذات مبارک آسرا کس کا ہے محشر مین

کون سے ہے حامی ہمارا یا شفیع المذنبین
آپ ہی کا ہے سہارا یا شفیع المذنبین

مبتلائے ورطۂ دریائے غم ہون آجکل
لو خبر میری خدارا یا شفیع المذنبین

چرخ تک پاکر رسائی بنگیا ہے ماہتاب
کفش زرین کا ستارا یا شفیع المذنبین

عرض حاجت درحریم حضرت محتاج نیست
جانتے ہو حال سارا یا شفیع المذنبین

آپ کا مداح ہے بیشک عزیزِ مصرِ خلق
اور خالق کا پیارا یا شفیع المذنبین

ہے سکندر آستانِ پاک کا جاروب کش
آپ کا دربان ہے دارا یا شفیع المذنبین

اسقدر جب دور ہو نین روضہ پر نور سے
زندگی ہو کیا گوارا یا شفیع المذنبین

نعت لکھنے کی خدائے پاک نے توفیق دی
بخت چمکا ہے ہمارا یا شفیع المذنبین

حالِ دل کس سے کہون کوئی مری سنتا نہین
کیا کرونمین غم کا مارا یا شفیع المذنبین

عاصیون نے آپکو تیچے لوائے حمد کے
جس گھڑی دیکھا پکارا یا شفیع المذنبین

بخشش ابرار کو کافی ہے روز حشر مین
آپ کا بس اک اشارا یا شفیع المذنبین

پڑھون وصفِ گلِ رخسار حضرت جب گلستان مین
گلِ خندان خجل ہو کر جھکائین سر گریبان مین

یہ نغمہ وصف حضرت کا ہے منقارِ عنادل پر
کھلا ایسا گل رنگین نہ کوئی باغ امکان مین

الٰہی تیچ و تاب اس درجہ ہے کیون مثل سنبل کے
پھنسا ہے دل یہ کس کے حلقۂ گیسوئے پیچان مین

خیال لعل لبہائے نبیؐ مین جان نکلی ہے / مرا مدفن بنایا چاہیئے ملکِ بدخشان مین

غم فرقت سے دیوانہ بنا تنکے چنے اُسنے / نیا پائی دسترس جب نکتہ چینی نے میرے دیوان مین

نبیؐ کی بارگہہ مین یہ کہا جبریل نے آکر / زہے قسمت گدا بھی آکے بیٹھا قصر سلطان مین

لب جان بخش حضرت کی صفت لکھنے کو جب بیٹھا / سیاہی خضر نے ڈالی حبابِ آبِ حیوان مین

ہوا عالم مین جب حسنِ خداداد آپ کا ظاہر / مہِ کنعان چھپا غیرت سے جا کر چاہِ کنعان مین

نبیؐ کی یاد مین ہر اک قدم پر اشک جاری ہے / مدینہ کا سفر ہمنے کیا ہے فصل باران مین

بھلا پھر کس طرح ہم جلوۂ نور خدا دیکھین / کہ نکلا لن ترانی جب نکالی فال قرآن مین

نبیؐ کی زلفِ مشکین کا ہوا ہون اسکے ابرار مین قیدی
پس مردن بنانا قبر میری سنبلستان مین

نور خدا ہے روے رسالت مآب مین / کیون مہر و ماہ منہ نہ چھپائین سحاب مین

دندانِ مصطفےٰ کا رہ لاے اگر خیال / گوہر ہو قطرہ اشک کا چشم پُر آب مین

خدین انور ان پیمبر کا عشق ہے / شمس و قمر مجھے نظر آتے ہین خواب مین

لو نام جب نبیؐ کا تو صل علیٰ پڑھو / یہ مسئلہ لکھا ہے خدا کی کتاب مین

ادنیٰ سا معجزہ ہے یہ شق [illegible] / [illegible]

تھمتی نہین ہین یاد نبیؐ مین سرشک چشم / دریا سما گیا ہے [illegible]

محمدؐ مالکِ دنیا و دین ہین — محمدؐ رحمت اللعالمین ہین

محمدؐ دینِ اہلِ یقین ہین — محمدؐ بانیِ دینِ متین ہین

محمدؐ دستگیرِ مذنبین ہین — محمدؐ مالکِ خلدِ برین ہین

خدا کے معدنِ قدرت کے بیشک — محمدؐ گوہرِ دُرِّ ثمین ہین

زمانہ کیون نہو شیدائے حضرت — حسین ہین خوبرو ہین مہ جبین ہین

کہون کیا دبدبہ سلطانِ دین کا — کہ سب چودہ طبق زیرِ نگین ہین

نبیؐ سا کون ہے حق کا پیارا — وہی محبوبِ رب العالمین ہین

لکھون کیا حال مشتاقانِ طیبہ — پریشان ہین بہت اندوہگین ہین

لکھی ہے عمر بھر نعتِ پیمبرؐ — مری شاہد کراماً کاتبین ہین

ہی ایسا مرتبہ حضرت کا بالا — کہ زیبِ مسندِ عرشِ برین ہین

نہ کہہ ابرار خوفِ روزِ محشر
تری حامی شفیع المذنبین ہین

ردیف الواو

وہ مہ لقائے حق جو کہین بے نقاب ہو — ہر ذرہ ذرہ مردمکِ آفتاب ہو

حورون کی انکھ کے لئے ہو توتیائے چشم — خاکِ درِ رسول اگر دستیاب ہو

لکھین جو وصف عارض گل فام مصطفیٰ
خامہ ہمارے ہاتھ مین شاخ گلاب ہو

ہوگا نہ آستان پیمبر سے مین جدا
دنیا مین لاکھ بار اگر انقلاب ہو

یثرب کی سرزمین دکھائی نہ ایکبار
اے گردش فلک ترا خانہ خراب ہو

کیا اونکی مرتبہ کو رقم کر سکے بشر
تصنیف جنکے حق مین خدا کی کتاب ہو

وصف لب جناب کا ادنی اثر یہہ فیض ہے
ہر نقطہ میرے شعر کا لعل خوشاب ہو

دل مین بھری ہے چاہ رسول انام کی
سیماب وار کیون نہ مجھے اضطراب ہو

پھر کیون ہو روز حشر غم مغفرت مجھے
جب دستگیر شافع یوم الحساب ہو

مضمون نعت پاک کا لکھو جینا ہوا
ابرار شاعرون مین تو تم انتخاب ہو

صفائی روضے نے ایسا کیا بیہوش شیدا کو
کہ جیسے غش تجلی دیکھ کر آیا تھا موسیٰ کو

خیال خال روے پاک کیونکر قلب سے جاے
مٹائے کسطرح کوئی بھلا دل سے سویدا کو

تصدق ہون مہ و خورشید اگر اوج گردون سے
اگر دیکھین زمین پر آپکے نقش کف پا کو

جو کرتی جلوۂ نور خدا کا ایک نظارہ
نہ ہوتا اس طرح پھر عشق یوسف کا زلیخا کو

در حضرت کی دربانی نہ دی کیون بخت نے ہمکو
یہی ہے رنج و حسرت قبر مین جمشید و دارا کو

کیا شکر خدا کیا شب معراج حضرت نے
بنایا فرش پا انداز جب عرش معلیٰ کو

بہارِ عارضِ گلگون دکہا دو مجھکو یا حضرت
تمنا ہے ہر اگر دو میرے نخلِ تمنا کو

دُرِ دندان حضرت کی جو دون تشبیہہ گوہر سے
تو پہر سطحِ زمین پر آبرو حاصل ہو دریا کو

اگر کہہ دون مین کچہہ بھی وصفِ سروِ قامتِ حضرت
صنوبر کو چمن مین خلد مین ہو رشک طوبیٰ کو

خیالِ نعتِ اقدس جوش وحشت مین جو آجائے
بناؤن اپنے دیوان کا ورق دامانِ صحرا کو

مرض مین عشق حضرت کے ہوا ہے اب آرا ب لاغر
خبر جا کر کوئی کردو یہہ اوس رشکِ مسیحا کو

رسولِ پاک پہ اے مومنو درود پڑہو
رضا خدا کی جو منظور ہو درود پڑہو

گناہ حق سے تمہارے وہ بخشوائینگے
نجات چاہو جو اے عاصیو درود پڑہو

حبیب حق کے بنا چاہتے ہو عقبیٰ مین
تو تمکو چاہئے اے دوستو درود پڑہو

نشوو نمائے دو عالم کیواسطے ہے کلید
کمال صدق سے اے ہمدمو درود پڑہو

یہہ دیندارو نپہ حقِ رسولِ اکرم ہے
سب اون کا نام مبارک سنو درود پڑہو

خموش محفلِ میلاد مین ہو کیون بیٹھے
نبی کے بزم مین اے صاحبو درود پڑہو

درود ورد نہین کرتا ہے خالقِ اکبر
دعا جو چاہو کہ مقبول ہو درود پڑہو

یہہ بات اپنے عقیدہ کے ہم سناتے ہین
اگر خدا کی مقرب بنو درود پڑہو

صلوٰۃ اپنے نبی پر جو بھیجتا ہے تمہین
گلاب و عطر سے کلی کرو درود پڑہو

اگر عذابِ قیامت کا خوف رکھتے ہو
تو ہوشیار ہو اے غافلو درود پڑھو

کہان کے جھگڑون مین تم پھنس رہے ہو اے ابرار
یہان سے سوئے مدینہ چلو درود پڑھو

خدائی دی ہے وہ شانِ معظم شاہ ذیشان کو
کہ سمجھا روح اعظم دیکھہ کر مین اونکے دربان کو

دہن مین دیکھکر دندانِ پیغمبر قرار آیا
نہ دریا مین صدف کو اور صدف مین دُرِّ غلطان کو

شفاعت کے بہروسے پر خوشی سے اسقدر پہولے
کہ گنجایش ترازو مین نہین ہے میرے عصیان کو

اگر اک قطرۂ آبِ مدینہ ہاتھہ آ جاتا
نہ جاتا خضر کو لیکر سکندر آبِ حیوان کو

کہان یہ دلربائی کا تہا حسنِ یوسف مین
نبی کے مہرِ رخ سے فیض پہونچا ماہِ کنعان کو

کہون کیا مین جو کچھہ رخسارِ حضرت کی تجلی ہے
فلک پر ماہِ تابان اور خورشیدِ درخشان کو

نبی کے گیسوئے پیچان کی لکھتا ہون صفت ہر دم
گلستان مین نہین جاتا ہون سیرِ سنبلستان کو

بہارِ بوستانِ روی حضرت کی صفت سنتے
تو پہر تصنیف کیون کرتے بہلا سعدی گلستان کو

نہ ڈالی آنکھہ پہر ہرگز حسینانِ بہشتی پر
اگر دیکھے کوئی حسنِ رخِ محبوبِ یزدان کو

کسی سے کیا سنا ہے وصفِ سرو قامتِ حضرت
چمن مین چاک کیون گل نے کیا اپنے گریبان کو

رقم کرنیکو نعت ابرار ہم مسطر بنائینگے
کہو رضوان سے لا تارِ نگاہِ حور و غلمان کو

ہوگیا عشق جناب شہ ذیشان مجکو
ڈہونڈتی آینگے اب رحمت یزدان مجکو

صفت لعل و گہر چشم سے جاری ہین سر شک
یاد آئے جو نبیؐ کے لب دندان مجکو

خواب مین عارض گل فام دکہا دو مجکو
اب تو زندان سے بہی بڑہ کرہے گلستان مجکو

کیون نہ تقدیر نے یثرب کا دکہایا میدان
جوش وحشت نے دکہائی ہین بیابان مجکو

زندگی ہجر پیمبرؐ مین نہین ہے درکار
کس لئے ہو طلب چشمۂ حیوان مجکو

اسلئے مین در حضرت پہ پڑا ہون آکر
حشر مین لوگ کہین آپ کا دربان مجکو

پیچ و تاب اس دل مضطر کا نہ کیون کر سمجہے
یاد ہو آپکے جب زلف پریشان مجکو

حال ہجر نبیؐ سے مین وہ ہوا ہے ابتر
روتے ہین دیکہکے سب گبر و مسلمان مجکو

در حضرت کی گدائی کی تمنا ہے مجہے
اب نہین ہے ہوس نعمت الوان مجکو

مرقد اکبر کو حاضر ہون در حضرت پر
نہ عزیز آپ سے ہے اپنا دل و جان مجکو

نعت مین مینے تو دیوان بہت دیکہے ہین
ہان پسند آیا ہے ابرار کا دیوان مجکو

محمدؐ سا حسین اللہ اکبر ہو تو ایسا ہو
جو مہوش ہو تو ایسا ہو جو دلبر ہو تو ایسا ہو

بچایا آتش دوزخ سے اپنی ساری امت کو
جو حامی ہو تو ایسا ہو پیمبرؐ ہو تو ایسا ہو

ہوئے جبریل شیدا جب جمال مصطفٰے دیکہا
جو بلبل ہو تو ایسا ہو گل تر ہو تو ایسا ہو

ب معراج مین فوجِ ملک ہمراہِ حضرت تھی — جو افسر ہو تو ایسا ہو جو لشکر ہو تو ایسا ہو

کے گیسوے مشکین کو دیکھا تو کہا سب نے — جو سنبل ہو تو ایسا ہو جو عنبر ہو تو ایسا ہو

را طائرِ ادراک اوجِ نعت تک پہونچا — جو بازو ہو تو ایسا ہو جو شہپر ہو تو ایسا ہو

ا مژگان و ابروے نبی کے یا نے دبسمل — جو نیزہ ہو تو ایسا ہو جو خنجر ہو تو ایسا ہو

ہائی ہمکو راہِ حق مٹایا کفر عالم سے — جو ہادی ہو تو ایسا ہو جو رہبر ہو تو ایسا ہو

یا آپ کو سردار حق نے انبیا ؤن کا — جو سلطان ہو تو ایسا ہو جو سرور ہو تو ایسا ہو

یا عشقِ حضرت مین مجھے دیکھا کہا سب نے — جو بیکل ہو تو ایسا ہو جو مضطر ہو تو ایسا ہو

سنی ابرار کی جس نے غزل خوش ہو کے فرمایا
جو شاعر ہو تو ایسا ہو سخنور ہو تو ایسا ہو

ردیف ہاے ہوز

ں دن سے مری سر مین ہے سوداے مدینہ — ہر رات کیا کرتا ہون مین ہاے مدینہ

ں روزِ ازل سے ہوا شیداے مدینہ — ہر وقت رہے کیون نہ تمناے مدینہ

ینِ وا اسلام سمجھتا ہون مین اوسکو — جس دل مین ہون آثارِ تولاے مدینہ

استہ رضوان جو کرے لاکھ طرح سے — فردوس کو سمجھون گا نہ ہمتاے مدینہ

وب خدا نے جو بنایا وطن اسکو — خالق کو بھی پھر کیون نہ پسند آے مدینہ

ہے بخشش امت کے لیئے حشر مین کافی
وہ شافعِ محشر مرا مولائے مدینہ

آتے ہین یہان جن و بشر اور ملایک
وہ کون ہے جسکو نہین پروائے مدینہ

ہے عشق مین اسکے میری وحشت کو ترقی
تنکے نہ کسی دن مجھے چنوائے مدینہ

ہر خار یہان کا گلِ خندان سے ہے بہتر
گلزار سے شاداب ہے صحرائے مدینہ

گلگشت جنان سے ہے فزون سیر یہان کی
جبرئیل امین سے ہے چمن آرائے مدینہ

ہردم یہہ دعا ورد زبان رہتی ہے اپنی
خالق کہین ابرار کو پہونچائے مدینہ

کمال شہ عالم کا ہے تا قسم سے زیادہ
ہے اوسکی صفت حدِ تکلم سے زیادہ

کیا حال کہون اشکو تکا عشقِ نبوی مین
ہین آنکھون کے چشمے مری قلزم سے زیادہ

اوصاف شہ دین ہین فزون حد گمان سے
یہہ جنس ہے میزان توہم سے زیادہ

کیون فخر نہ گردون پہ ہو یثرب کے زمین کو
ہر ذرہ تجلے مین ہے انجم سے زیادہ

ہر وقت درِ سید لولاک ملا پر
ہنگامہ ملایک کا ہے مردم سے زیادہ

بہر جائیگا سب حشر کا میدان انہین سے
اوس ماہ کے مداح ہین انجم سے زیادہ

کیون وصفِ نبی مین مترنم ہین عنادل
یہہ نغمہ ہے آہنگ ترنم سے زیادہ

کس صاحبِ اعجاز کی توصیف لکہی ہے
خامہ کی صدا مین ہے اثر قم سے زیادہ

اوس ماہ رسالت کا ہوا جب ہمین عشق — داغِ دلِ صد چاک ہے انجم سے زیادہ
تعریف عبث کرتے ہین سب خندۂ گل کے — خوش تر نہین حضرت کے تبسم سے زیادہ

ابرار کسی اور کا دیوان تو دیکھو
مداح بہلا کون سا ہے تمسے زیادہ

در بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

عالم سے دو بالا ہے کہین شانِ مدینہ — کونین کا سرا ہے سلطانِ مدینہ
ظلمت کا رہا نام بہی باقی نہ جہان مین — تابندہ ہوا جب مہرِ درخشانِ مدینہ
کہتی ہین جسی حاملِ احکامِ الٰہی — دربانِ مدینہ ہے وہ دربانِ مدینہ
فردوس برین مین ہے یہہ حورونکی تمنا — آجاے ہوائے چمنستانِ مدینہ
تا حشر نہ ہو دخل یہان بادِ خزان کا — یارب رہے شاداب گلستانِ مدینہ
مدفن کے لئے مجھکو جگہہ دی ہے کرم سے — تا حشر نہ بہولونگا مین احسانِ مدینہ
مولاے مدینہ پہ تصدق ہے میری جان — اک دل ہے وہ سو جان ہے قربانِ مدینہ
جسوقت چہٹی قیدِ عناصر سے الٰہی — ہو روح مری مرغِ خوش الحانِ مدینہ
ہر گام پہ ہوتے ہین گنہ عفو یہان پر — رحمت کا بیابان ہے میدانِ مدینہ
پروانہ بنی کیون نہ بہلا طایرِ سدرہ — ای صل علی شمعِ شبستانِ مدینہ
ابرار یقین ہے کہ وہ ہو مالکِ جنت — ہر دم جو رہی دل سی ثناخوانِ مدینہ

ردیف یای تحتانی

بحر رمل مثمن مخبون مقطوع — فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

جلوہ گر لاکہہ فلک پر مہ کامل ہو جائے
منفعل چہرۂ حضرت کے مقابل ہو جای

آرزو اپنی یہی ہی کہ ملون حضرت سے
ذرہ خورشید سے اپنی کہین واصل ہو جای

خواب مین اہل دو دل دیکھے جو روئی حضرت
آپکی دولت دیدار کا سائل ہو جاے

صحن گلزار مین حضرت کی اگر نعت پڑہون
نغمۂ بلبل علی صوت عنادل ہو جاے

شاد اس درجہ ہون سنکر مرا رنگین اشعار
باغ فردوس کا مولود کی محفل ہو جاے

سر کے بہل راہ مدینہ کی کرینگی ہم طے
دل اگر سینہ مین اک شوق کی منزل ہو جاے

عہدہ وہ عقدہ کشائی کا ملا حضرت کو
نام لو مونہہ سے تو آسان ابھی مشکل ہو جاے

ہو اگر اک نظر لطف پیغمبر مجہپر
مدعا دونون جہان کا ابھی حاصل ہو جاے

صدق دل سے جو رسالت کا کوئی ہوی مقر
دوزخی ہو تو وہ فردوس مین داخل ہو جاے

عشق محبوب خدا کا یہہ اثر رکہتا ہے
ہو اگر بندۂ ناقص بھی تو کامل ہو جاے

آدمی کیا کہ فرشتی بھی فدا ہین ابرار
کیون نہ حضرت پہ تصدق یہ مرا دل ہو جاے

بحر ہزج مسدس محذوف — مفاعیلن مفاعیلن فعولن

خیال مصطفی این چشم تر ہے
ہماری آنکھ کا قطرہ گہر ہے

گنہ گارون کو کب محشر کا ڈر ہے
شفیع عاصیان خیر البشر ہے

لکھا ہے حال معراجِ محمد — دماغِ خامہ بھی اب عرش پر ہے
وہ صورت نور کی دیکھی جو مینے — بہ شکلِ آئینہ حیران نظر ہے
عیان ہے جلوہ ماہِ رسالت — مزار پاک اک برجِ قمر ہے
نہ پوچھو لذتِ دیدار حضرت — وہ چہرہ باغِ قدرت کا ثمر ہے
لکھون کیا صدمہ ہجرِ نبی سے — مری پہلو مین سو ٹکڑے جگر ہے
دکھا یارب دیارِ مصطفی کو — یہی وردِ زبان شام و سحر ہے
لٹا دو نقدِ جان روضہ پہ چل کر — حبیبِ کبریا کا عشق اگر ہے
خدا کی اوس طرف ہے چشم رحمت — رسول اللہ کا جس دل مین گھر ہے

لکھا کر نعت کا دیوان ابرار
یہہ تیرا توشہ راہِ سفر ہے

فدا اونکے رخِ پرنور پر یہہ سارا عالم ہے — کہ جنکے نور سے روشن سریرِ عرشِ اعظم ہے
مجھی کیون ہو نہ استغنا گدائی شاہِ یثرب ہون — مرے حق مین درِ خاکِ نبی اکسیرِ اعظم ہے
خیال کعبہ ابروے حضرت مین ہم گریان — ہمارے اشک کا ہر ایک قطرہ آبِ زمزم ہے
یہودی نے دیا جب زہر تو کھانا ہوا گویا — نہ کھائین آپ جسمہ مین یا نبی آمیزش سم ہے
زیادہ طاقتِ انسان سے ہے توصیف حضرت کی — جہانتک وصف لکھین سید کونین کا کم ہے

در بحر ہزج مثمن سالم — مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

درِ اقدس کے سجدہ سی اوٹھایا پہر نہ سر اپنا
نہین ہیو جہہ یہہ پشتِ فلک مین ہر ادن خم ہے

بچا لو یا نبی مداح کو بھی اوسکے فتنہ سے
کہ شیطانِ لعین اک دشمنِ اولادِ آدم ہے

دکہادے مجہکو ای تقدیر اونکی خوابمین صورت
کہ ہر دم یاد مین اوس شاہ کے لب پر ادم ہے

مسلمانونکی دل مین چاہیے عشقِ نبی ہر دم
پی تکمیلِ ایمان الفتِ حضرت مقدم ہے

نبی کے نام پر ہو خاتمہ اس دارِ فانی سے
جنابِ کبریائی مین دعا یہ اپنی پیہم ہے

اوسی پر ہون فدا سو جان سے ابرار مین ہر دم
کہ جو فخرِ رسل ہے باعثِ ایجادِ عالم ہے

در بحر ہزج مسدس مقبوض محذوف۔ مفعول مفاعلن فعولن

جس قلب مین عشقِ احمدی ہے
لاریب وہ عرشِ ایزدی ہے

دل سلسلہ وارِ بیخودی ہے
سودائے گیسوئے نبی ہے

وہ نورِ خدا کی دہن لگی ہے
جان اپنی یہہ محوِ بیخودی ہے

ساکن جو مدینہ کا کوئی ہے
آدم کی طرح وہ جنتی ہے

عالم مین جو حور یا پری ہے
شیدائے لقائے احمدی ہے

قسمت کی جو کچھ بھی یاوری ہے
پہر سر ہے یہہ اور در نبی ہے

حضرت سے اوسی کو دشمنی ہے
جو روزِ ازل سے دوزخی ہے

نعتِ شہِ دو جہان لکہی ہے
امیدِ نجات کی قوی ہے

جو خادمِ درگہہِ نبیؐ ہے — جبریل سے اوسکو ہمسری ہے
جو میرے نبیؐ کا امتی ہے — عقبیٰ مین عذاب سے بری ہے

پہونچا نہ درِ نبیؐ تک ابرار
یہہ بخت کی اپنی کوتہی ہے

در بحر رمل مثمن محذوف — فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

گل ہین شرمندہ چمن مین آپکے رخسار سے — بلبلونکی آنکہہ مین گلشن ہے بدتر خار سے
منفعت مین اوس بشر کی گفتگو اضلال ہین — عشق ہے جسکو حبیبِ ایزدِ غفار سے
گو ہر دندانِ پیغمبر سے انجم کو ہے شرم — مہر و مہ خجلت زدہ ہین جلوۂ رخسار سے
عین گستاخی ہے حیران ہون کہ چشمِ شاہ کو — دیجیے تشبیہہ کیونکر نرگسِ بیمار سے
دو جہان مین بے تکلف وہ خدا کا دوست ہے — جسکو الفت ہوگئی ہے احمدِ مختار سے
حلم تو دیکھو دعائے خیر کی اونکے لیئے — رنج پہونچا جب رسولِ پاک کو کفار سے
نقدِ عمر اون شاعرون کا ہوگیا برباد حیف — جنکو کچہہ رغبت نہین ہے نعت کے اشعار سے
سایۂ طوبیٰ مین روزِ حشر کو بیٹہی کا کون — ہم نہ اٹہینگے نبیؐ کے سایۂ دیوار سے
گریۂ ہجرِ نبیؐ کے حال لکہنے کے لیئے — چاہیئے مسطر بنانا آنسوؤنکے تار سے

دولتِ دارین ہاتہ آئی ہے مجہے اونکی طفیل
کیون نہ ہو ابرار کو الفت شہِ ابرار سے

در بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف — مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن —

لکھون صفت جو روی رسالتمآب کی
وصلی بناؤن مین ورق آفتاب کی

آئے جو سامنے لب معجز نگار کے
بیقدر قدر ہوا ابھی لعل خوشاب کی

جب سے لکھا ہے وصف رسالتمآب کا
خوشبو دہن مین آنے لگی ہے گلاب کی

لائے براق جب شب معراج جبرئیل
باندھی گئی رکاب مہ و آفتاب کی

لکھئی جناب سرور عالم کی نعت پاک
کچھہ شکل اب نکالئے کار ثواب کی

مداح جو نبی صلعم کے ہین اونپر بروز حشر
طاقت ملک کو بھی تو نہ ہوگی عذاب کی

ہم ہین گدا جناب رسول انام کے
منصب کی آرزو ہے نہ ہمکو خطاب کی

ہی آرزو کہ روز قیامت مین یا جناب
نوبت نہ آئے ہم سے سوال و جواب کی

کہتی ہین یہہ ملک شب معراج چرخ پر
دیکھو تو شان آج رسالتمآب کی

کرتا ہون نہین وہ کام کہ حق کو پسند ہے
لکھتا ہون نعت سرور عالیجناب کی

ابرار جب وہ سید ابرار ہون شفیع
دہشت نہ چاہئے تمہین یوم الحساب کی

دونون جہان مین ذات نبی صلعم بے مثال ہے
توصیف اونکی عین بشر کا کمال ہے

کیونکر لکھون نہین وصف جناب شہ امم
خامہ کو ہے سکوت زبان اپنی لال ہے

تنگ آگیا ہون ہجر پیمبر مین اے اجل
جینا فراق مصطفی مین محال ہے

در بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف - مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

پر تو رخ نبی کا ہے کہتے ہین جسکو بدر — ابرو کا عکس ہے جو فلک پر ہلال ہے

ہم لکھہ سکے نہ کچھہ بہی صفاتِ رسول پاک — چہرہ پر اسلئے عرقِ انفعال ہے

دیکھین اگر بہی یوسفِ مصری بہی ہون فدا — وہ روئے پاک مصطفوی کا جمال ہے

ہین مہر و مہ فلک پہ خجل دیکھکر جمال — وہ جلوہ حبیبِ شہِ ذوالجلال ہے

توصیف کیا مکانِ مقدس کی ہو رقم — ذرہ جناب پاک کا مہرِ کمال ہے

عاجز ہو جب صفات پیمبر مین عقلِ کل — انسان سے وصف سید عالم محال ہے

ہم کیون نہ شادمان ہون رقم کرکے نعتِ پاک — خامہ ہمارے ہاتہ مین شاخِ نہال ہے

نعتِ جنابِ سرورِ عالم کا فیض ہے — ابرار شاعرون مین جو تو بےمثال ہے

جسکو دلائے حضرتِ خیر الانام ہے — عقبیٰ مین اوس پہ آتشِ دوزخ حرام ہے

سرمہ جنانمین حورونکی چشم کحیل کا — خاکِ درِ رسول علیہ السلام ہے

وہ مرتبہ دیا ہے خدا نے جناب کو — سلطانِ دو جہان ہے جو اونکا غلام ہے

بام و درِ مدینہ کا سایہ ہے نوربار — اور صبح عید آپ کے کوچہ کی شام ہے

گردون سے ہے بلند مکانِ رسول پاک — عرشِ برین رواقِ معلیٰ کا بام ہے

للّٰہ اسکو شربتِ دیدار دیجئے — مداح آپ کا تو بہت تشنہ کام ہے

لکھتا ہونمین تو نعت شہ دین پناہ کی
دنیا کی کاروبار سے کیا مجھکو کام ہے

کیون کر نہ ہون مراد دو عالم ہے کامیاب
میری زبان پہ سید عالم کا نام ہے

کہتی ہین دام جو کوئی زلفِ جناب کو
مختل حواس ہین او نہین سودائے خام ہے

جینے کی کیا بغیر مدینے کے ہو خوشی
بس ایسی زندگی کو ہمارا سلام ہے

کہتی ہین سنکے نعت کے اشعار اہل دین
ابرار کیا آپ کا شیرین کلام ہے

در بحر رمل مثمن محذوف - فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن -

طیبہ ان

حشر مین ساتھ اپنے نعتِ مصطفےٰ لیجائینگے
تحفہ یہ دنیا سی ہم پیش خدا لیجائینگے

ہم نہ خالی ہاتھ جائینگے جہان سے بالیقین
دولتِ عشقِ حبیب کبریا لیجائینگے

مغفرت ہو جائی عاصی کی طفیلِ نعتِ پاک
حشر کے دن پیش حق یہ التجا لیجائینگے

چاہیے توشہ سفر مین ساتھ لیجانا ضرور
نعتِ حضرت جو نہین لکھتی وہ کیا لیجائینگے

سر مین اپنے بھر کے روز حشر جنت کیطرف
ہم گلستانِ مدینہ کی ہوا لیجائینگے

اور تو دنیا مین ہاتھ آئی نہ ہمکو کوئی چیز
دل مین اپنے الفتِ نورِ خدا لیجائینگے

جائینگے یثرب تو لیجائینگے یہ دیوان ساتھ
نذر حضرت کے لیئے ہم اور کیا لیجائینگے

سوئی یثرب جو کوئی آئینگے شیدائی رسول
دردِ دل کیواسطے اپنے دوا لیجائینگے

حشر کے دن ناتوان مداح کو روح الامین
فرش سے تا عرش آکر خود اوٹھا لیجائینگے

اس مریضِ عشقِ حضرت کو وہ کے اہلکار
دیکہیے کب جانبِ دار الشفا لیجائینگے

یادِ حضرت مین بس اے ابرار آنسو تہم چکے
اشک دریا بنگئے اب مجہکو بہا لیجائینگے

ہو گیا ہے بخت سے عشقِ رخِ حضرت مجہے
خالقِ اکبر نے کی ہے یہہ عطا دولت مجہے

دیکہکر مصروف مجکو شغلِ نعتِ پاک مین
آفرین کہتا ہے ہر دم کاتبِ قدرت مجہے

جذبۂ دل نے دکہایا ہے دیارِ مصطفےٰ
کہینچ لایا سوئے طیبہ رشتۂ الفت مجہے

آکے میرے کان مین کہہ جاتے ہین روح الامین
ہوتی ہے مضمونِ نعتِ شہ کی جب حاجت مجہے

روئے تابانِ نبیؐ کا وصف لکہنے کے لئے
روشنی کی کچہہ اندہیری مین نہین حاجت مجہے

سائلِ گنجینۂ دیدارِ پیغمبرؐ ہون مین
منعمو ہرگز نہین ہے خواہشِ دولت مجہے

کیون مقدر نے چہوڑایا آستانِ مصطفےٰؐ
ہند مین پہر لائی ہے کیون گردشِ قسمت مجہے

کی شبِ معراج حضرت نے یہہ حق سے التجا
حشر کے دن ہو شفاعت کا عطا خلعت مجہے

یہہ ہی فیضِ نعتِ اقدس ہے کہ روزِ حشر کو
ڈہونڈتی ہے چار سو اللہ کی رحمت مجہے

نزع مین سیراب ہو جائیگی میری تشنگی
مل گیا گر آپ کے دیدار کا شربت مجہے

کس لیئے ابرار ہو اندیشۂ یوم النشور
خلد مین داخل کریگی الفتِ حضرت مجہے

در بحرِ رمل مثمن محذوف - فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن -

ای دل تو کیون سلاسل غم مین اسیر ہے
مختار کائنات مرا دستگیر ہے

جن و بشر کو تاب ہے کیا اونکی مدح کی
میرا نبی مدیح خدائے قدیر ہے

روشن ہے سب جہان پہ مدینہ کا عز و جاہ
ہر ذرّہ اوسکی خاک کا مہر منیر ہے

جان ہے فدائے دانۂ خال رخ نبی
دل دام زلف مصطفوی کا اسیر ہے

دیوان نعت پاک مین لکہا بصد ادب
شاعر مین ہو گیا ہون یہ فیض اسیر ہے

وہ عندلیب گلشن نعت نبی ہون مین
حسان نامدار مرا ہمصفیر ہے

رتبہ ہے آستان کا بلند آسمان تک
رفعت مین عرش آپ کا فرش حصیر ہے

ہے نام اونکا ورد زبان رات دن مجھے
قرآن مین جنکا نام بشیر و نذیر ہے

رنگین سنے جو نعت کے مضمون تو بولی خلق
دیوان ہے کہ یہہ چمن بے نظیر ہے

اعدائے مصطفی کے لیے یہہ مرا قلم
تلوار ہے کٹار ہے برچھی ہے تیر ہے

مضمون غیب ہوتے ہین ابرار منکشف
مداح ہے جو آپ کا روشن ضمیر ہے

چہرۂ قدرت مرقع کی نئی تصویر ہے
زلف حضرت بالیقین واللیل کی تفسیر ہے

جب سے مجھکو عارض حضرت کا آیا ہے خیال
صفحۂ دل پر رقم اک نور کی تصویر ہے

ایسا نقشہ مانئے قدرت نے کہینچا آپ کا
محو حیرت دیکھکر ہر دیدۂ تصویر ہے

ای ہوس کیمیا کی کیا کرون نہین جستجو
خاک کوئے مصطفےٰ حق مین مرے اکسیر ہے

ہاتفِ غیبی نے دی یہہ کان مین میرے صدا
روضۂ خلدِ برین مداح کی جاگیر ہے

جب دکھایا بخت نے مجھکو مزارِ مصطفےٰ
مینے یہہ سمجھا عروجِ کوکبِ تقدیر ہے

وصفِ عز و جاہ حضرت کا پھر آیا ہے خیال
اوج پر پھر آج اپنا اخترِ تقدیر ہے

آستانِ پاک کی رفعت سے ہے پست آسمان
اوس پہ قدرت کے آگے چرخ بے توقیر ہے

کسطرح شمعِ رسالت کی صفت ہوگی رقم
شعلہ سان خامہ مرا لرزان دمِ تحریر ہے

خواب مین مجھکو نظر آئے رُخِ پاکِ نبیؐ
اے مری تقدیر ایسی بھی کوئی تدبیر ہے

واسطے سُننے کے آتے ہین ملایک چرخ سے
نعت پڑھنے مین تری ابرار وہ تاثیر ہے

لکھی صفت جو مینے رسالت پناہ کی
دی چرخ نے ملک سے صدا واہ واہ کی

دیکھا مزارِ حضرتِ رسالت بچشمِ تر
تقدیر آج اوج پر آئی نگاہ کی

آنکھون کا اپنے حورِ جنان توتیا بنائے
پائے جو خاک پائے رسالت پناہ کی

یہہ عرض ہوگی حشر مین مداح کی شہا
بس داد آج دیجیے اس دادخواہ کی

جز آستان سرورِ عالم کے خلق مین
کوئی جگہ نظر نہین آتی پناہ کی

دیدارِ مصطفےٰ سے مشرف ہوا ہون مین
قسمت کھلی ہے اب مرے بختِ سیاہ کی

در بحرِ مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

چشمِ کرم سے کیجئے صاد اس پہ جناب
لایا ہون آج فردمین مین اپنے گناہ کی

جو لوگ نعت سے رہے محروم خلق مین
اون شاعرون نے عمر سب اپنی تباہ کی

دیکھا یہان نے عرش برین کو تو پست ہے
رفعت مین کیا بیان کرون اوس بارگاہ کی

تیرا گذر جو سوئے مدینہ ہوا اے نسیم
لیجا خبر تو ہی مرے حالِ تباہ کی

ابرار میں بھی ہون اوسی سلطان کا گدا
دونون جہان مین ملک ہے جس بادشاہ کی

بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

جب عالمِ امکان مین شہِ بحر و بر آئے
آئے تو شہنشاہِ دو عالم کے گھر آئے

کونین مین کیون بخت نہ بیدار ہون اوکے
وہ نورِ خدا خواب مین جسکو نظر آئے

جب فرد ہوئی کُن کی مرتب تو پئے صاد
پیشِ شہِ کونین قضا و قدر آئے

کیا برق کی سرعت تھی براق نبوی مین
چڑھ کر فلک العرش پہ دم مین اوتر آئے

یہہ معجزہ ادنیٰ ہے کہ پیشِ شہِ عالم
دینے کو رسالت کی گواہی شجر آئے

ق

جنت کو کر آراستہ اے خازنِ جنت
حورون نے کہا وہ شہ جن و بشر آئے

گھبرا کے یہہ رضوان نے کہا شکر خدا کا
یہہ جلد بتاؤ کہ کہان مین کدہر آئے

ہو جائے اگر آپ کی اک چشمِ عنایت
مداح کی جو کچھ کہ ہے امید بر آئے

مشتاق ہوا آج زیارت سے مشرف
لو نخلِ تمنا مین ہمارے ثمر آئے

مدحِ شہ کونین مین لکہتا ہون جب اشعار — تحسین مجہے کرتے ہین سب اپنے پرآئے

اخلاص سے جو نعت نہین لکہتے ہین ابرار
اُن شاعرون کے شعر مین کیونکر اثر آئے

مرا دل منبعِ دریائے عشقِ مصطفائی ہے — تماشا ہے کہ اس قطرہ کو دریا کی سمائی ہے

وہ مسند ہے تمہاری لامکان کہتے ہین سب جسکو — تمہارا فرش پایاندازِ عرشِ کبریائی ہے

یہہ لازم ہے کہ لکہئے باوضو نعتِ شہِ اقدس — صفت حضرت کی کس تعظیم سے قرآن مین آئی ہے

رخِ روشن [illegible] آپ کا عالم ہوا شیدا — جمالِ پاک مین نامِ خدا کیا دلربائی ہے

لقب سلطانِ عالم کیون نہو مداح حضرت کا — سلیمان کیطرح زیرِ نگین ساری خدائی ہے

کیا ہے سجدہ اک [illegible] درِ خورشیدِ رحمت پر — جبینِ ماہ پر دیکہو وہ داغِ جبہہ سائی ہے

یہہ دل سینہ مین آئینہ بنا ہے حق نمائی کا — الٰہی مجہکو کس کی آج صورت یاد آئی ہے

یہہ فیض وصفِ ابروئے محمد ہی آگر دون پر — یہہ تونے مرے تسلیم کو گردن جہکائی ہے

کہا روح الامین نے [illegible] قدسیون [illegible] — یہہ کیون عرشِ برین پر نور کی چادر بچہائی ہے

کہا وہ ہوگا آ [illegible] عرشِ [illegible] — خدا نے سب خدائی جسکی خاطر سے بنائی ہے

شہ ابرار کو ابرار ہمنے خواب مین دیکہا
ہمارے طالعِ بیدار کی کیسی رسائی ہے

در بحر ہزج مثمن سالم مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

در بحر ہزج مثمن سالم - مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن -

رسول اللہ نے توقیر وہ خالق سے پائی ہے
کہ ہردم صدق دل سے کلمہ گو ساری خدائی ہے

فدا ہین جن و انسان آپ پر حور و ملک قربان
خدائے پاک نے کیا خوب یہ صورت بنائی ہے

ہوس دل مین نہین مین دولتِ دنیا کی رکھتا ہون
مجھے تو بادشاہی آپکے در کی گدائی ہے

سراپا جلوۂ احمد مین ہے رازِ احد پنہان
اسی اک میم کے پردے مین شانِ کبریائی ہے

خمِ ابروئے حضرت مین جو اوجِ عرش دیکھا ہے
تو خجلت سے ہلالِ چرخ نے گردن جھکائی ہے

یہہ ہے فیضِ ولادت اوس دُرِ دریائے خوبی کا
کہ حق نے نہر صحرائے سماوہ مین بہائی ہے

کرونگا پیش کرکے نعتِ حضرت عرض محشر مین
الہی عمر بھر کی بس یہی میری کمائی ہے

دو عالم مین اوجالا ہوگیا میلادِ حضرت سے
قدِ اقدس سراپا شمعِ نورِ کبریائی ہے

میرے سینہ مین ہے گنج تولائے نبیِ ابرار
خدا کے فضل سے مجھکو یہہ دولت ہاتھ آئی ہے

مسدس بر شعرِ حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ

در بحر متقارب مثمن محذوف ... فعولن فعولن فعولن فعل -

وہ ہین خاص محبوبِ ربِ جلیل
گنہگارون کی مغفرت کے کفیل

ہے طٰہٰ و یٰسین صفت کی دلیل
یہہ کہتے ہین ہردم ذبیح و خلیل

امامِ رسل پیشوائے سبیل
امینِ خدا مہبطِ جبرئیل

رسولؐ امینؐ لطیفؐ حکیم | بشیرؐ نذیرؐ کریمؐ الرّحیم
ثمین گوہرِ بحرِ فیضِ عمیم | یہی ہے بس اونکی ثنائے عظیم

امامِ رسل پیشوائے سبیل
امینِ خدا اہبطِ جبرئیل

امام الورا و شفیع الامم | رحیم البرایا جمیل الشیم
سراجؐ منیرؐ رفیع الہمم | سخیؐ تقیؐ عمیم الکرم

امامِ رسل پیشوائے سبیل
امینِ خدا اہبطِ جبرئیل

وہ بحرِ لطافت سے والا گہر | درخشندہ خورشید و رشکِ قمر
ہے قرآن مین وصفِ نبیؐ سربسر | کہین کیون نہ ہردم یہہ جن و بشر

امامِ رسل پیشوائے سبیل
امینِ خدا اہبطِ جبرئیل

نبیؐ کے مدارج کرے کیا بیان | نہ خامہ کی طاقت نہ تابِ زبان
جو کی فکرِ وصفِ شہِ مرسلان | تو آئی صدا غیب سے بیگمان

امامِ رسل پیشوائے سبیل | امینِ خدا اہبطِ جبرئیل

بیان کس سے ہو اون کا اعزاز و جاہ | وہ ہین ایک عالم کے رخشندہ ماہ
نہین بلکہ ہین مہرِ دو عالم پناہ | مرا ہے وظیفہ یہہ شام و پگاہ

امامِ رسل پیشوائے سبیل
امینِ خدا مہبطِ جبرئیل

فلک پر گئے جب رسولِ کریم | بنا آپ کا فرش عرشِ عظیم
رسولون نے دیکھا جو لطفِ عمیم | ہوئے مدح خوان یون مسیحؑ و کلیمؑ

امامِ رسل پیشوائے سبیل
امینِ خدا مہبطِ جبرئیل

ہوا جب یہہ مژدہ مسرت فزا | کہ پیدا ہوئے سرورِ انبیا
ہبل تو سنتے ہی خوف سے گر پڑا | ہر اک بت نے بیساختہ یہہ کہا

امامِ رسل پیشوائے سبیل
امینِ خدا مہبطِ جبرئیل

جو میلادِ حضرت کی پائی خبر | ہوئے شاد عالم مین جن و بشر
زیادہ نہ کچھہ اور تو فکر کر | یہہ کافی ہے وصفِ شہِ نامور

امامِ رسل پیشوائے سبیل | امینِ خدا مہبطِ جبرئیل

بھلا اونکی تعریف کیا کیجیے — بس اب وردِ صلِ علیٰ کیجیے
دل و جان اپنا فدا کیجیے — یہی شعر ہر دم پڑہا کیجیے

امامِ رسل پیشوای سبیل
امینِ خدا مہبطِ جبرئیل

نبی الوریٰ وہ خدا کا حبیب — مریضانِ عصیان کے حق مین طبیب
ادسیطے شم کا سید نقیب — یہہ پڑہتے ہین سارے ادیب و غریب

امامِ رسل پیشوای سبیل
امینِ خدا مہبطِ جبرئیل

وہ نورِ خدا شاہِ عالی تبار — وہ مختارِ درگاہِ پروردگار
وہ ابرِ کرم رحمتِ کردگار — ہے وردِ زبان یہہ سخن بار بار

امامِ رسل پیشوای سبیل
امینِ خدا مہبطِ جبرئیل

جہانمین بہت پہر چکا چار سو — مدینے کو چل اب یہہ ہے آرزو
ادب کی زبان پر ہے یہہ گفتگو — کہ پڑہ آبِ زمزم سے کرکے وضو

امامِ رسل پیشوای سبیل — امینِ خدا مہبطِ جبرئیل

خدا ہے علی کل شئ قدیر — وہ نور خدا ہے مراد دستگیر
جہان مین نہین کوئی اوسکا نظیر — پڑہین کیون نہ دن رات امیر و فقیر

امام رسل پیشوائے سبیل
امین خدا مہبط جبرئیل

اے ابر کرم ہے یہہ وقت کرم — کہ ہے ہند مین دل پہ رنج و الم
بلالو مدینہ مین شاہ امم — یہہ پڑہتا ہوا آؤن با چشم نم

امام رسل پیشوائے سبیل
امین خدا مہبط جبرئیل

تمہاری جدائی مین ای شاہ دین — بہت مضطرب ہی یہ جان حزین
دکہادو رخ پاک اسے مہ جبین — بجز اسکے میری زبان پر نہین

امام رسل پیشوای سبیل
امین خدا مہبط جبرئیل

جو تضمین یہہ شعر سعدی کیا — ہو مقبول پیش رسول خدا
الٰہی ہے ابرار کا مدعا — اوٹھون قبر سے مین یہہ پڑہتا ہوا

امام رسل پیشوائے سبیل — امین خدا مہبط جبرئیل

مسدس دیگر بر شعر سعدی علیہ الرحمۃ

لکھون کیا مین نعتِ رسولِ کریم — ثنا خوان ہے اونکا خدائے علیم
حلیمٌ سلیمٌ رؤفُ الرحیم — بشیرٌ نذیرٌ عطوفٌ عظیم
شفیعٌ مُطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

بیان کس سے ہو اونکا لطفِ عمیم — وہ ہین بحرِ رحمت کے دُرِّ یتیم
شفیقٌ رفیقٌ خلیقٌ عظیم — کفیلٌ وکیلٌ وحیدٌ فخیم
شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

خدا نے کیا اونکو ایسا نبی — ہوا ہے نہ ایسا نہ ہوگا کبھی
جو کچھ عظمت و شان ہے آپ کی — نہ دیکھی کسی مین نہ ہمنے سنی
شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

ہوئے جبکہ پیدا وہ محبوبِ رب — جہان مین ہوا شورِ عیش و طرب
پری جن وانس اور ملک با ادب — کھڑے ہوکے پڑھنے لگے سب کے سب

در بحر متقارب مثمن مقصور – فعولن فعولن فعولن فعول

شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

کرون معجزہ اونکا مین کیا رقم — ہوا چاند اشارے سے شق بکقلم
بچے ہین طفیل اونکے دوزخ سے ہم — شفیع امم ہین وہ بحر کرم

شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

وہ ہین اشرف الخلق و فخر زمان — کرون وصف اونکا یہہ طاقت کہان
بلاشک خدا کی وہ ہین رازدان — ذکیٌ بلیغٌ فصیح البیان

شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

وہ ہے مہربان آپ پر کردگار — دیا اپنے سرکار کا اختیار
بہروسا کسی کا نہین زینہار — ہے اُمت کا حضرت پہ دار و مدار

شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

چلے جب فلک پر شہنشاہ دین — ہوا شور بالائے چرخ برین

کہ آتے ہین شوکت سے سلطانِ دین | غیاثٌ امینٌ رسولٌ مبین

شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

کھڑے سب پیمبر تھے باندہے پرا | کہ آتے ہین سلطانِ ہر دوسرا
یہہ سعدی کا مصرع زبانون پہ تہا | حبیبِ خدا اشرفِ انبیا

شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

سوئے خلد آئے جو شاہِ رسل | پڑا مرحبا کا فرشتونمین غل
نہ پھولا سماتا تہا جامہ مین گل | یہہ کہتا تہا آپہونچے ختم الرسل

شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

نہین آپ سا کوئی عالی وقار | نہ ایسا خدا کا کسی پر پیار
مرا جان و دل آپ پرسے نثار | وظیفہ ہے میرا یہی بار بار

شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

جو دنیا مین ہین امتِ شاہ دین — اونہین خوف محشر کا مطلق نہین
یہہ بیشک ہے اونکی دلون مین یقین — کہ ہین پیشوا سید المرسلین

شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

شفاعت کرینگے بروز شمار — کہینگے خدا سے کہ اے کردگار
مجھے شرم آتی ہے پروردگار — یہہ رہتے تھے دنیا مین لیل و نہار

شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

میرے امتی سخت ہین بیقرار — ہین اب تیری بخشش کے امیدوار
انہین بخشدے میرے پروردگار — یہہ کہتے ہین اب مجھسے یون بار بار

شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم
قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

یہہ ہوگا حکم حق کا کہ میرے رسول — شفاعت تمہاری ہے مجھکو قبول
کرو سب کو بخشا نہ ہو تم ملول — جو تم چاہتے تھے [illegible]

شفیعٌ مطاعٌ نبیٌ کریم — قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیم

بحکم خدا سید المرسلین
یہہ بولے ملک مرحبا آفرین
جو لیکر چلے سب کو خلد برین
بلاشک ہو تم اشفع الشافعین

شفیعٔ مطاعٔ نبیٔ کریم
قسیمٔ جسیمٔ نسیمٔ وسیم

ہے ابرار عالم نہایت حزین
بلا لو اوسے اپنے ورسکے قرین
اوسے چین فرقت مین ام ہرنہین
کرو رحم یا رحمتہ العالمین

شفیعٔ مطاعٔ نبیٔ کریم
قسیمٔ جسیمٔ نسیمٔ وسیم

مسدس سوم درحال معراج شریف

شب عروج چلے جب وہ مرکز عالم
فدا تہا پائے مبارک پہ گنبد طارم
گئے بجانب افلاک خیر اعظم
قمر نیاز و ارادت سے کہتا تہا ہردم

منم کمینہ غلام تو یا رسول اللہ
ستادہ ام بہ سلام تو یا رسول اللہ

جو پہونچے چرخ دوم پر بعزو جاہ و وقار
تہا انجم کو عاشق کی طرح صبر و قرار
تو آگے شیشہ ہوئے انپہ جان و دل سے نثار
یہہ کہہ رہا تہا دبیر فلک پکار پکار

منم کمینہ غلامِ تو یا رسول اللہ
ستادہ ام بہ سلامِ تو یا رسول اللہ

وہان سے چرخِ سوم پر گئے جو میرِ نبیؐ
تو آکے حضرت یوسف نے پیشوائی کی
ملائکہ مین فلک پر تھی کسطرح کی خوشی
صدا بلند تھی ہر سمت سے یہ زمزمہ کی

منم کمینہ غلامِ تو یا رسول اللہ
ستادہ ام بہ سلامِ تو یا رسول اللہ

قدم سے چرخِ چہارم کو جب کیا روشن
بنایا ساحتِ گردون کو غیرتِ گلشن
مسیح آکے ہوئے مسندِ نیاز افگن
ہزار جہد سے خورشید ہتا یہ غلغلہ زن

منم کمینہ غلامِ تو یا رسول اللہ
ستادہ ام بہ سلامِ تو یا رسول اللہ

جو پہونچے شوکت و عظمت سے چرخِ پنجم پہ
ہزار شوق سے موسیٰ ملے وہان آکر
خوشی سے چرخ پہ تارے تھے جامہ سے باہر
پکارا وجد مین مریخ اس طرح آکر

منم کمینہ غلامِ تو یا رسول اللہ
ستادہ ام بہ سلامِ تو یا رسول اللہ

چھٹے فلک پہ گئے جب وہ خلق کے رہبر
قدم پہ صدقے ہوا ونکی مشتری آکر

نثار ہوکے ارادت سے پائے انور پر | یہہ کہہ رہے تہے کواکب بہی ہمزبان ہوکر

منم کمینہ غلامِ تو یا رسول اللہ
ستادہ ام بہ سلامِ تو یا رسول اللہ

گذر حضور کا جب ساتوین فلک پہ ہوا | عجب ستارہ زحل کے نصیب کا چمکا
خوشی کے مارے جو پہولا نہین سماتا تہا | کہڑا ہوا تہا مؤدب یہہ شعر پڑہتا تہا

منم کمینہ غلامِ تو یا رسول اللہ
ستادہ ام بہ سلامِ تو یا رسول اللہ

غریب و عاجز و مسکین ہون اور بیکس | جو آسرا ہی تو شاہا تمہاری ذات کا بس
نہین ہے اسکے سوا کوئی میری دلمین ہوس | کرم کرو کہ چہوٹون رنج و غم سے مین بیکس

منم کمینہ غلامِ تو یا رسول اللہ
ستادہ ام بہ سلامِ تو یا رسول اللہ

ہوئے ہین گرچہ ہزارون جہان مین پیغمبر | مگر حضور ہین اون سب کے افسر و سرور
کیا ہے آپ کو حق نے جہان کا رہبر | ہو ایک لطف کی ابرار خستہ پر بہی نظر

منم کمینہ غلامِ تو یا رسول اللہ
ستادہ ام بہ سلامِ تو یا رسول اللہ

مسدس چہارم

در بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف - مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن

کشتہ کیا اندازِ شہ مطلبی نے
بیتاب کیا مجھکو مری مضطربی نے
بیمار کیا دل کو طبیبِ قلبی نے
اک آگ لگائی ہے مری سوز دلی نے
دل کو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

انداز دکھایا ہے نیا اک عربی نے
لالہ کیطرح داغ دیا اک عربی نے
کس آن سے دل چھین لیا اک عربی نے
مداح کو بیچین کیا اک عربی نے
دل کو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

اک رات مجھے خواب مین دیدار دکھا کر
مجھکو شکنِ طرّۂ طرّار دکھا کر
وہ جلوۂ رخسار پرانوار دکھا کر
وہ نازوہ اندازِ طرحدار دکھا کر
دل کو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

لوگون نے پریشان مرا حال جو دیکھا
بولا کہ مین کچھ عرض ادب سے نہین کرتا
پوچھا کہ بتا کون سے دلبر پہ ہے مرتا
کیا تمکو بتاؤن کہ یہ دل کسپہ ہے شیدا

دل کو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

پھرتا ہون سراسیمہ جو دن رات مین در در
خود مین بہی نہ سمجھا کہ یہہ کیون حال ہی ابتر
سایہ نہین کچہہ جن و پری کا مرے سر پہ
حیران ہی مری عقل خدا جانئے کیونکر

دل کو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

پیدا ہوئے جسوقت جہا نمین شہ والا
وہ حسن نئے طرح کا وہ طرز نرالا
لے عرش سے تا فرش ہوا شب مین اجالا
دیکہا جو ملک نے یہ سخن مونہہ سے نکالا

دل کو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

کسطرح سے تسکین ہو اے دوستو میری
اے ہم نفسو تمکو خبر کیا ہی کسی کی
کس طور سے پائے دل بیتاب تسلی
فرماؤ میرا بند مین کسطرح لگے جی

دل کو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

یاد دست کرکو نین مین دن رات ہون روتا
اک رات نہین چین سے بالبد مین سوتا

اشکونسے گہر تارِ مژہ مین ہون پروتا
سچ ہے کہ کہین عشق مین بھی صبر ہے ہوتا

دل کو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

ہے دل مین میرے عشق شہنشاہ دو عالم
پڑتا ہے نہین چین کسیطرح سے اکدم
بیتابیٔ دل آہ نہین ہوتی ہے کیون کم
چھٹ جاؤن بلا سے جو نکلجائے مرا دم

دل کو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

تہا ایک اویسِ قرنی حق کا پیارا
جب خنجرِ عشقِ نبوی نے اوسے مارا
لوگون نے کہا کیا ہے کہو حال تمہارا
دل تہام لیا ہاتہہ سے اور روکے پکارا

دل کو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

تم رنج مین رہتے ہو کہو کس لئے ابرار
کسکے مرضِ عشق مین یون ہوگئے بیمار
ہمکو یہہ بتاؤ کہ وہ ہے کونسا دلدار
کی عرض یہہ سبنے کہ کہے کیا جگر افگار

دل کو مرے تسخیر کیا اک عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مطلبی نے

مسدس مخمس

اے گلِ حسن بہارِ چمن آرا داری — چشمِ نرگس رخِ گلگون قدِ رعنا داری
عشوۂ و نازو ادا صورتِ زیبا داری — در لبِ لعل صد اعجازِ مسیحا داری

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
انچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

زلفِ شبگون رخِ روشن قدِ دلدار داری — چہرہ گلفام زہے سیب زنخدان داری
مظہرِ نورِ خدا طلعتِ خوبان داری — غیرتِ شمس و قمر عارضِ تابان داری

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
انچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

احسن الناس وجیہاً و ملیحاً دارے — وجمالک الشمس جمالاً و کمالاً دارے
لیلۃ البدر من الوجہ سطوعاً دارے — ہادی الخلق سراجاً و منیراً داری

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
انچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

چندر سا روپ تورا نین توری متواری — تورے چرنن پہ دھرے سیس سگر نرناری
انس و جن حور و ملک سب ہیں تورے بلہاری — تورے دوارے کا جگت کا ہے ہتو بکھیاری

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ ید بیضا داری
انچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

کاہے بنتی نکرسے توسے جگت دکہیاری — آس چرنن کی تورے پاپ سے ہے چہکاری
حشر مان پاپیونکی ہوئی سگرا دہکاری — توڑے کرپا پہ کری سب کی ہری اد بکاری

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ ید بیضا داری
انچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

اسے رسولِ عربی سید والانبی — ہنوا آپ سا ابتک کوئی واللہ نبی
دیکہے جو آپ کو اسے شاہِ قریشی لقبی — رات دن اوسکے زبان پر ہو یہ مطلع جاری

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ ید بیضا داری
انچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

بارک اللہ کہ کیا کیا تمہین رتبے ہین ملے — ارزمین تا بہ فلک آپ کے محکوم ہوئے
حق تو یہ ہے کہ کسے حق نے یہہ رتبے ہین دئے — یہہ وظیفہ تو ہے کافی مرے پڑہنے کے لئے

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ ید بیضا داری
انچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

شبِ معراجِ فلک پر جو گئے شاہِ زمن — دامنِ چرخ بنا فیضِ قدم سے گلشن

دیکھکر جلوۂ رخسار و جبینِ روشن ‖ سامنے آکے قمر کہتا تھا پیہم یہہ سخن

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

سیرِ جنت کو گئے جبکہ رسولِ اکرم ‖ پئے تسلیم کیا حورِ جنان نے سر خم
کہا رضوان نے کہ اے نور نگاہِ عالم ‖ نہ ہوا آپ سا مجھکو سر حضرت کی قسم

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

عرض کرنے لگین سب حورین باہم ہوکے قرین ‖ حسن اسطور کا ہمنے نہین دیکھا ہے کہین
آپ پر کوئی فدا کرنے لگی جانِ حزین ‖ شاد ہوکر کبھی کہتی تھین کہ اے سرورِ دین

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

دیکھکر اوس قدِ رعنا کو ملایک نے کہا ‖ جسمِ پاک آپ کا ہے نور کی سانچے مین ڈھلا
جلوہ ایسا کہ فرشتون کے نہ تھے ہوش بجا ‖ کیون نہ عشاق یہ کہتے ہوئے ہوجائین فدا

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

جانبِ عرش روانہ چو شدہ آن سرور	عرش گفتہ کہ مع کفش بیا اے رہبر
زانکہ بنعلین تو بر فرق کشم چون افسر	باز از غیب ندا آمدہ اے فخر بشر

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ ید بیضا داری
انچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

عرش اعلیٰ سے بھی بالا جو گئے شاہ امم	بجز اپنے نہ کوئی آپ نے پایا ہمدم
متحیر ہوئے اوس وقت شفیعِ عالم	پئے تسکین یہہ آنے لگی آواز اوس دم

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ ید بیضا داری
انچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

کیا کرون وصف جناب شہ عالی اظہار	لنگ ہے خامہ کا اس راہ مین پائے رفتار
ہے تمنا کہ چھٹون رنج و الم سے ابرار	اس لئے ورد ہے یہہ شعر زبان پر ہر بار

حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ ید بیضا داری
انچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

مسدس ششم

وقتِ نزول رحمتِ ربِ غفور ہے	جو ہے نہال باغ مین وہ نخل طور ہے
جو پھول ہے وہ مایۂ عیش و سرور ہے	بلبل اگر نہ دیکھے نظر کا قصور ہے

کیا شانِ احمدی کا چمن مین ظہور ہے
ہر گل مین ہر شجر مین محمدؐ کا نور ہے

جاری ہے نہر بحرِ لطفِ خدائے رحیم کا
جو ہے غلام خاص رسولِ کریم کا
ہے عطر بار باغ مین جھونکا نسیم کا
پہنے گا ہار وہ گل باغِ نعیم کا

کیا شانِ احمدی کا چمن مین ظہور ہے
ہر گل مین ہر شجر مین محمدؐ کا نور ہے

ناشاد تھی جو خلق مین وہ شاد آج ہین
سوکھے شجر ہین غیرتِ شمشاد آج ہین
پامال جملہ گلشن بیداد آج ہین
ویران تھی جو باغ وہ آباد آج ہین

کیا شانِ احمدی کا چمن مین ظہور ہے
ہر گل مین ہر شجر مین محمدؐ کا نور ہے

خالی فساد و شر سے تمامی زمانہ ہے
گلشن مین ہر گلون کا لباس شاہانہ ہے
جاری جہان مین شرع کا اب کارخانہ ہے
منقار بلبلون پہ یہہ جاری ترانہ ہے

کیا شانِ احمدی کا چمن مین ظہور ہے
ہر گل مین ہر شجر مین محمدؐ کا نور ہے

کلبانگ دین مصطفوی کیا بلند ہے
گلزارِ کائنات مین رونق دوچند ہے
جسکے سبب سے اب دمِ ناقوس بند ہے
سب کی زبان پہ یہہ [illegible]

کیا شانِ احمدی کا چمن مین ظہور ہے
ہر گل مین ہر شجر مین محمد کا نور ہے

آمد ہے آج اونکی جہان باغ باغ ہے
خورشید جنکے سامنے مانندِ داغ ہے
سرو چمن کا آج فلک پر دماغ ہے
روشن ہر ایک پھول بر نگ چراغ ہے

کیا شانِ احمدی کا چمن مین ظہور ہے
ہر گل مین ہر شجر مین محمد کا نور ہے

کیا [illegible] کہ آج لب پہ ہے وصف شہ ہدا
کیا ہے کہ چار سو سے اٹھا شور مرحبا
کیا [illegible] کہ باغ مین ہے ہر ایک نخل جھومتا
کیا ہے کہ نغمہ زن ہے یونہین مرغ خوشنوا

کیا شانِ [illegible] چمن مین [illegible] ہے
ہر گل مین ہر شجر مین محمد کا نور ہے

[illegible] ان کے آنیکا ہوتا ہے اہتمام
مرغ چمن ہر ایک [illegible] روش پر [illegible]
ہے بلبلوں کے لب پہ ثنائے شہ انام
گل سن رہے ہین کان لگائے ہوئے تمام

کیا شانِ احمدی کا چمن مین ظہور ہے
ہر گل مین ہر شجر مین محمد کا نور ہے

تسلیم دین کے باغ مین جب [illegible] کھچی
کی گل نے درس شوق سے شرع محمدی

مسلم پڑھی جو سرو نے سوسن نے ترمذی | اطفالِ بوستان نے بھی بیت حنفی کی

کیا شانِ احمدی کا چمن مین ظہور ہے
ہر گل مین ہر شجر مین محمدؐ کا نور ہے

مختارِ کائنات شہنشاہِ دوسرا | ممتازِ آفرینش و مخدومِ انبیا
غلمان و حور جن و بشر شاہ و گدا | ہر ایک کی زبان پہ یہی شعر ہے سدا

کیا شانِ احمدی کا چمن مین ظہور ہے
ہر گل مین ہر شجر مین محمدؐ کا نور ہے

ابرار اولکا وصف ہے افزون بیان سے | ہے آستانہ جنکا بلند آسمان سے
نورِ خدا کی شان ہے باہر گمان سے | فوارہ کہہ رہا ہے ہزارون زبان سے

کیا شانِ احمدی کا چمن مین ظہور ہے
ہر گل مین ہر شجر مین محمدؐ کا نور ہے

مسدس ہفتم بر شعر جناب امام الساجدین حضرت زین العابدین رضی اللہ عنہ

سردارِ شاہانِ جہان مہرِ عرب ماہِ عجم | سلطانِ زین العابدین ہا پند صد رنج و الم
یادِ شہیدِ کربلا مین رہتے تھے با چشم نم | یہ مطلع دلسوز او نہین ورد زبان تھا دمبدم

مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن در بحر رجز مثمن سالم

إن نلت يا ريح الصبا يوماً إلى أرض الحرم
بلّغ سلامي روضةً فيها النبي المحترم

جب گلشنِ شاداب مین میرا ہوا اک دن گذر — دیکھین جو مینے بلبلین ہین سب کی خستہ جگر
یادِ رسول اللہ مین وہ سرات ہین نوحہ گر — اِس نغمۂ جانسوز سے مفہوم ہے شام و سحر

إن نلت يا ريح الصبا يوماً إلى أرض الحرم
بلّغ سلامي روضةً فيها النبي المحترم

گل کا گریبان چاک ہے سنبل پریشان حال ہے — اور صرصرِ غم سے وہان ہر اک شجر پامال ہے
مرغانِ گلشن کے لیے صحنِ چمن جنجال ہے — سب قمریونکے بہی تہی آپسمین قیل و قال ہے

إن نلت يا ريح الصبا يوماً إلى أرض الحرم
بلّغ سلامي روضةً فيها النبي المحترم

اور صحنِ گلشن مین جو تھا اک چشمۂ آبِ روان — وہ لوٹتا تھا خاک پر دایم برنگِ ماہیان
جب سے سنا حالِ وفاتِ سرورِ کون و مکان — ہر دم زبانِ موج سے پڑہتا تھا یہ مطلع ہان

إن نلت يا ريح الصبا يوماً إلى أرض الحرم
بلّغ سلامي روضةً فيها النبي المحترم

اتنے مین اک آئی گہٹا بادل کا دل آنے لگا — یادِ رسول اللہ مین ابرِ سیہ گریان

